IQRA BILAL EDUCATION SYSTEM | IBES | FPSC | PPSC | SPCS | KPSC | BPSC

IBES

SPECIALLY DESIGNED NOTES FOR COMPETITIVE EXAMINATION

IBES

Sr. No	Subject Name	Total Pages
1	Islamic Studies	67
2	General Knowledge	89
3	Pakistan Studies	40
4	Everyday Science	58

IQRA BILAL EDUCATION SYSTEM | IBES | FPSC | PPSC | SPCS | KPSC | BPSC
WhatsApp 03023986324

ISLAMIAT

IBES

قصص الانبیاء

اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلی مخلوق فرشتے پیدا کئے، اس کے بعد دوسری مخلوق جنات کو پیدا کیا جنہوں نے زمین پر جا کر فسادات کئے۔ لہذا اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کے ذریعے جنات کو زمین سے نکال دیا اور جنات نے پہاڑوں وغیرہ پر بسیرا کر لیا۔ عزازیل (ابلیس) نے اللہ کی بہت عبادت کی لہذا اللہ نے عزازیل کو فرشتوں میں شامل فرما لیا۔

حضرت آدم ؑ کی پیدائش

اللہ نے سب فرشتوں کو تراب) (خشک مٹی) لانے کو کہا، پھر گیلا (طین) کرنے کو کہا، پھر گوندھنے (صلصال) کو کہا، پھر کلفخار یعنی کھنکناتی ہوئی مٹی بنا دی یعنی آپ کا پتلا بنایا۔ پھر اس میں روح پھونک دی۔ آپ کا قد 90 فٹ تھا۔ یعنی 60 ہاتھ لمبے اور 7 ہاتھ چوڑے تھے۔ عمر 960 تھی۔ 40 سال آپ نے حضرت داؤد ؑ کو دے دی تھی۔ قرآن میں آپ کا ذکر 25 بار آیا ہے۔ اللہ نے تمام فرشتوں کو حکم دیا کہ اس کو سجدہ کریں مگر ابلیس نے انکار کر دیا تو اللہ نے اُسے مرذود قرار دے دیا۔ اللہ نے آپ کی پیٹھ پر ہاتھ پھیر کر ساری نسلِ انسانی پیدا فرما دی۔ حضرت اماں حوا کو آپ کی بائیں پسلی سے پیدا فرمایا جو کہ ٹیڑھی ہوتی ہے۔ آپ دنیا کی خوبصورت ترین عورت تھیں۔ انسان میں ٹوٹل 24 پسلیاں ہوتی ہیں یعنی 12 پسلیوں کا جوڑا۔ شیطان نے اماں حوا کے دل میں وسوسہ ڈالا تو آپ نے حضرت آدم ؑ کو ممنوع پھل کھانے پر مجبور کر دیا۔ پھل کھانے سے آپ دونوں کی زینت ظاہر ہو گئی اور اللہ نے اُن کو جنت سے نکال دیا۔ آدم ؑ کو سری لنکا (ہند) میں پھینکا گیا جبکہ حواؑ کو جدہ میں۔ دونوں کا ملاپ میدان عرفات کے میدان میں ہوا۔ دونوں سعودی عرب میں فوت ہوئے اور وہیں دفن ہیں۔ معراج کے وقت آپ ﷺ کی ملاقات پہلے آسمان پر آدمؑ سے ہوئی۔ **ہابیل :** جانوروں کو پالتا تھا، جانور پالنے سے انسان میں رحم پیدا ہوتا ہے۔ **قابیل :** قابیل کھتی باڑی کرتا تھا۔ قابیل نے ہابیل کو عورت کی وجہ سے قتل کر دیا، کوے نے ہابیل کو دفنانے کا طریقہ بتایا۔ حوالہ کتاب : ابن کثیر کی کتاب البدایہ والنھایہ۔ حضرت شیث پر 30 صحیفے اترے۔ سب سے پہلے کعبہ کی تعمیر اُنہوں نے کروائی۔

حضرت ادریسؑ

آپ نے پہلی بار لکھنا دریافت کیا۔ فلکیات کا علم آپ جانتے تھے۔ سوئی ایجاد کی۔ پیشہ درزی تھا۔ کپڑا بننا، ریاضی، الجبرا اور Weights ماپنا ایجاد کیا۔ آپ نے سب سے پہلے جہاد فی القتال کیا۔

حضرت نوحؑ

آدم ثانی اور شیخ الانبیاء اور بشر ثانی آپ کا لقب ہے۔ آپ نے سب نبیوں سے زیادہ عمر یعنی 1000 سال پائی۔ آپ کی تبلیغ سے صرف 80 لوگ ایمان لے کر آئے۔ آپ نے کشتی ایجاد کی، کشتی کا نام ARC آرک تھا۔ جس میں آپ نے 80 ایمان والے لوگ 40 مرد اور 40 عورتیں اور ہر جانور اور پرندے کا ایک ایک جوڑا رکھا۔ آپ کا ایک بیٹا کنعان پہاڑ کی چوٹی پر موجود تھا جس نے کشتی میں بیٹھنے سے انکار کر دیا اور ہلاک ہو گیا۔ ان کی قوم پر پانی کے سیلاب کا عذاب آیا۔ آپ کی کشتی کوہِ جودی جو کہ ترکی میں ہے کی چوٹی پر رکی۔ آپ کے تین بیٹے حام (شام میں)، سام اور یافث آپ کے ساتھ تھے۔ مذکورہ 80 لوگوں سے پھر سے انسان کی نسل چلی۔

حضرت ہودؑ

قوم عاد کی طرف اللہ نے مبعوث فرمایا۔ آپ کی قوم کا ایک شخص ارم (یعنی مظبوط جسم والا)کا ذکر قرآن میں آیا ہے۔ یہ قوم پہاڑوں پر گھر بناتے تھے۔ قوم عاد پر8 دن اور7 راتیں لگاتار آندھی کا عذاب نازل ہوا۔

حضرت صالح

آپ کی قوم ثمود تھی۔ بہت مضبوط قوم تھی۔ انہوں نے ایمان لانے کے لئے آپ سے اونٹنی کا معجزہ مانگا۔ جو کہ10 ماہ کی حاملہ ہو اور موٹی تازی ہو، ایک دن وہ پانی پئے اور ایک دن وہ یعنی قوم پانی پئے۔ اونٹنی پہاڑ سے نمودار ہوگئی جس کا نام ناقۃ اللہ تھا۔ لیکن پھر بھی وہ ایمان نہ لے کر آئے، پھر ایک شخص (Ahmar)نے اس کو ہلاک کر دیاتواللہ نے ان پر زلزلے کا عذاب نازل کر کے انہیں تباہ کر دیا۔ آپ نے صابن ایجاد کیا۔

حضرت ابراہیمؑ

آپ کی عمر175 سال تھی۔ آپ کا لقب ابوالا نبیاء ہے۔ آپ نے کنگھی ایجاد کی، آپ عراق کے شہرUrمیں پیدا ہوئے، والد کا نام آذر(مدد کرنے والا)جو بت بناتا تھا۔ قوم360 قسم کے بتوں کی پوجا کرتی تھی۔ ایک مرتبہ آپ کی قوم میلہ دیکھنے شہر سے باہر گئی تو آپ نے گھر پہ ہی قیام کیا اور لوگوں کے ساتھ شہر سے باہر نہ گئے اور پھر سب چھوٹے بتوں کو توڑ کر کلہاڑا بڑے بت کے کاندھے پر رکھ دیا۔ قوم نے آپ کو40دن آگ میں ڈالا تو وہ اللہ کے حکم سے ٹھنڈی اور سلامتی والی ہوگئی۔ آپ کے دور میں نمرود بادشاہ تھا جو کہ اپنے آپ کو خدا کہلواتا تھا۔ آپ نے اس کو سورج مغرب سے نکالنے کا کہا۔ آپ کی بیوی حضرت سارہؓ تھیں جو کہ انتہائی خوبصورت تھیں تو بادشاہ نے آپ کو اٹھانے کا حکم دیا، بادشاہ نے سارہؓ کو ہاتھ لگانے کی کوشش کی تو اس کے ہاتھوں کو فالج ہو گیا۔ اولاد نہ ہونے کی وجہ سے حضرت سارہؓ نے آپ ؑ کی شادی85سال کی عمر میں اپنی لونڈی حضرت حاجرہؓ سے کردی ۔86سال کی عمر میں آپ کے بطن سے حضرت اسماعیلؑ پیدا ہوئے جن کا لقب ابوالعرب، ذبیح اللہ ہے۔ 100 سال کی عمر میں3 فرشتوں نے آپ کو اور سارہؓ(90 Years) ایک بیٹے کی خوشخبری سنا کر حضرت لوط ؑ کے گھر چلے گئے۔ سارہؓ کے بطن سے حضرت اسحٰق ؑ کی پیدائش ہوئی۔

حضرت لوطؑ

آپ حضرت ابراہیم ؑ کے بھتیجے تھے اور ہم عصر(Contemporary)بھی تھے۔ آپ کو قوم لوط اورAbora کی بستی میں نبی بنا کر بھیجا گیا جو کہ Homosexuality/ Sodomyکے عادی تھے ۔ مذکورہ 3 فرشتے خوبصورت لڑکوں کی شکل میں آپ کے گھر آئے تو آپ کی بیوی نے خبر پھیلا دی، عیاش لوگوں نے آپ کے گھر گھسنے کی کوشش کی تو اللہ نے قوم کو اوندھے منہ پٹک دیا اور اوپر پتھروں کی بارش برسا دی۔

حضرت اسماعیلؑ

اللہ کے حکم سے ابراہیم ؑ حاجرہ ؓ اور اسماعیلؑ کو صفاء اور مروہ کے پہاڑوں پر چھوڑ آئے۔ فاقے کی وجہ سے جب اسماعیلؑ رورہے تو حاجرہ ؓ نے سات چکر لگائے اس اثناء میں اسماعیل ؑ کے پاؤں کے نیچے سے پانی کا چشمہ پھوٹ پڑا۔ تو حاجرہؓ نے پانی کو کہا کہ زم زم(ٹھہر جا) تو چشمہ رک گیا۔ یمن کے ایک قبیلے بنی جرہم کا گزر ہوا تو اس نے آپ سے وہاں پر رکنے کی درخواست کی تو آپ نے اجازت دے دی۔ اس طرح وہاں پہ آبادی ہونا شروع ہو گئی۔

حضرت اسحاق

آپ اسماعیل ؑ سے 13 سال چھوٹے تھے۔ آپ کے بیٹے حضرت یعقوب ؑ ہیں۔

حضرت یعقوب

آپ کا لقب اسرائیل ہے۔ 12 بیٹے اور 2 بیٹیاں تھیں۔ یوسفؑ اور بنیامین ؑ دوسری بیوی سے تھے جس کا نام راحیل(Rachel) تھا۔ سب سے بڑا بیٹا یہودا تھا جس نے یوسف ؑ کو کنویں میں ڈالنے کا مشورہ دیا۔ یوسف ؑ 3 دن کنویں میں رہے۔ ایک قبیلے نے آپ کو نکال کر عزیز مصر کو فروخت کر دیا۔ عزیز مصر کی بیوی زلیخا نے آپ کو ورغلانے کی کوشش کی تو اسی الزام میں آپ کو قید کر دیا گیا جہاں پر آپ 7 سال قید رہے۔ ساتھی قیدیوں کے خواب کی تعبیر بتائی۔ آپ نے پل(Bridge) بنانا دریافت کیا۔ آپ بعد میں مصر کے وزیرِ خزانہ بنا دئے گئے۔

اسلام قبل از ہجرت

یمن کا گورنر ابراہہ 60ہزار کا لشکر لے کر مکہ پر بیت اللہ پر حملے کے لئے آیا، اس نے عبدالمطلب اونٹ پکڑ لئے تھے لہذا وہ ابراہہ سے اپنے طلب کرتے ہیں۔ وہ کہتا ہے تمیں اونٹوں کی فکر ہے بیت اللہ کی فکر نہیں تو عبدالمطلب ؓ جواب دیتے ہیں کہ وہ جس کا گھر ہے وہ اس کی خود حفاظت کر لے گا تم میرے اونٹ واپس کرو۔ اس سال یعنی 571 AD کو عام الفیل (Year of Elephants) کہتے ہیں۔ اللہ تعالی ابابیلوں کی فوج کے ذریعے ابراہہ کو شکست دیتا ہے۔ سورۃ الفیل میں اس واقعہ کی تفصیل ہے۔

پیدائش رسول ﷺ

رسول ﷺ کی پیدائش کا سال 571 AD, 22 اپریل، پیر کا دن، بمطابق 12 ربیع الاوّل، ہاشمی خاندان اور قبیلہ قریش میں، گلی سوق اللیل، شعب ابی طالب میں آپ کی پیدائش ہوئی۔ والد کا نام عبداللہ تھا، جو کہ آپ کی پیدائش سے 6ماہ قبل وفات پا گئے۔ دادا عبدالمطلب نے آپ کا نام 3دن بعد محمدؐ، جبکہ والد آمنہؓ نے 7 دن بعد احمد رکھا۔ پیدائش کے ساتویں دن عرب کے رواج کے مطابق عقیقہ ہوااور آپ کا نام رکھا گیا۔ آپ نے والدہ کا دودھ سات دن پیا۔ سورۃ صف میں آپ کا نام احمد آیا ہے جبکہ محمد ؐ 4 دفعہ آیا ہے۔ آپ کے 10 چچا اور 6 پھوپھیاں تھیں۔ ابولہب کی لونڈی ثوبیہ ؓ کا دودھ حمزہؓ نے بھی پیا، جبکہ آپ نے بھی پیا اس طرح حمزہ ؓ آپ کے چچا ہونے کے ساتھ ساتھ رضاعی بھائی بھی ہوئے۔ حلیمہ سعدیہ ؓ تعلق قبیلہ بنو ہوازن سے تھا جبکہ آپ کی شادی قبیلہ بنو سعد میں ہوئی اس طرح آپ بنو سعد میں چلے گئے۔ آپ نے بنو سعد کی بکریاں چرائی۔ حضورؐ کے رضاعی بھائی عبداللہ اور بہن شیماؓ تھیں جو کہ حلیمہؓ کی اولاد تھے۔ حضرت حلیمہؓ کے پاس چار سال تک رہے۔ ابو لہب، حضرت حمزہؓ اور حضرت عباسؓ آپ کے چچا جبکہ عاتکہ آپ کی پھوپھی تھی۔ اسی دوران واقعہ **شق الصدر** ہوتا ہے۔ آپ کی کنیت ابوالقاسم ہے۔ 6سال بعد آپ اپنی والدہ آمنہؓ کے پاس واپس آجاتے ہیں۔ آپ کی والدہ آپ ﷺ کے والد کی قبر پر جاتی ہیں جو کہ ابواء کے مقام پر جو کہ مدینہ سے 180 میل دور ہے اور مکّہ (بکہ / بطحہ) سے 130 میل، اُسی ابواء کے مقام پر آپ ؐ کی والدہ کا انتقال ہو جاتا ہے۔ آپ ؐ ام ایمن کے ساتھ مکے واپس آئے ہیں۔ 6سال سے 8 سال تک آپ کی پرورش آپ کے دادا عبدالمطلب کرتے ہیں جو 94 سال کی عمر میں وفات پاگئے 579A.D میں پھر ان کی وفات کے بعد آپ کے چچا ابوطالب نے آپ کی پرورش کی۔ بنو ہاشم، بنو تمیم، بنوعدی اور بنو امیہ قریش کے قبیلے تھے۔ مکہ کا علاقہ Trade Hub تھا۔ ابو طالب ؓ کی بیوی فاطمہ بنتِ اسد جو کہ حضرت علیؓ اور جعفر طیارؓ کی والدہ ہیں کو آپ نے اپنی والدہ کہا۔ ان کے علاوہ اُم ایمن جو کہ آمنہ ؓ کی لونڈی تھیں کو بھی آپؐ نے اپنی والدہ کا درجہ دیا ہے۔

سفر شام :12سال کی عمر میں جرجیس بحیرہ جو کہ ایک پادری ہوتا ہے آپ ؐ کے اندر نبوت کی نشانیاں دیکھتا ہے اور ابوطالب کو آپ کو سفر پر لے جانے سے منع کرتا ہے جسے ابو طالبؓ مان لیتے ہیں اور آپ کو واپس گھر چھوڑ جاتے ہیں۔ 15سال کی عمر میں حرب فجار کے نتیجے میں حلف الفضول کا معاہدہ ہوا۔ جو کہ حرمت والے مہینے میں لڑی گئی اور قریش اور بنو قیس قبیلے کے درمیان ہوئی، اس جنگ میں آپ اپنے چچا کو تیر اٹھا اٹھا کر دیتے تھے۔

حضرت خدیجہ ؓ سے شادی

25 سال کی عمر میں تجارت کی غرض سے خدیجہؓ کے غلام میسرہ کے ساتھ ملک شام کا سفر کرتے ہیں۔ واپسی پر خدیجہ ؓ نے اپنی سہیلی نفیسہ کے ہاتھ نکاح کا پیغام پہنچایا جسے آپ نے قبول فرمایا۔ اس وقت خدیجہ ؓ کی عمر40سال تھی۔ آپ کی ایک اور دوست جن کا نام لبابہ بنت حارث(ام فضل)ہے جو کہ آپ کے چچا عباس ؓ کی بیوی تھیں۔ آپ کا نکاح آپ کے چچا ابو طالبؓ نے بعوض حق مہر500 درہم پڑھایا۔ آپ کی باقی تمام بیویوں کا حق مہر400 تھا۔ اسلام سے پہلے عربوں کا مذہب بت پرستی تھا۔ 35سال کی عمر میں حجرہ اسود کا واقعہ پیش آیا۔ حجرہ اسودBlack Stoneکا رنگ پہلے سفید تھا۔ بیت اللہ کی تعمیر کے دوران جبرائیل ؑ نے اسماعیلؑ کو دیا تھااور انہوں نے ابراہیمؑ کو دیا اور انہوں نے اپنے ہاتھوں سے نصب کیا۔ حضرت عبدالمطلب نے زم زم کا کنواں اور بیت اللہ کو دوبارہ تعمیر کروایا تھا۔ آپ ؐ39 شمسی یا40 قمری سال کی عمر میں عبادت کی غرض سے غار حرا میں جاتے تھے جو کہ مکہ سے3 کلومیٹرSouth میں ہے ۔ اس غار کو جبلِ نور بھی کہتے ہیں۔ اسی غار حرا میں آپ پر پہلی وحی جس میں سورۃ علق کی پہلی پانچ آیتیں نازل ہوئی۔ آپ ؐ نے گھر آکر سارا معاملہ خدیجہؓ سے بیان کیا تووہ اپنے کزن ورقہ بن نوفل جو کہ تورات اور انجیل کا ماہر عیسائی تھا کے پاس لے گئی تو اس نے تصدیق کی یہ تو وہی فرشتہ ہے کہ جو موسیٰؑ اور عیسیٰؑ پر وحی لے کر آتا تھا۔ اس کے بعد6 ماہ یا ایک سال تک کوئی وحی نازل نہیں ہوئی۔ اس وقت کو فترۃ الوحی یعنی وحی کا رک جانا کہتے ہیں دوسری وحی میں سورۃ المدثر اور تیسری میں المزمل کی آیات نازل ہوئیں۔ آپ کو نبوت 40 سال کی عمر میں610 عیسوی میں ملی۔ پہلے 3 سال خفیہ تبلیغ جاری رہی، خفیہ تبلیغ کا مرکزکوہِ صفاء پر ارقم مخزومی ؓ کا گھر تھا۔ سورۃ الشوریٰ میں اعلانیہ تبلیغ(3 نبوی) کا حکم ملا تو آپ نے سب کو صفاء کے پہاڑ پر چڑھ کر سب کو اسلام کی دعوت دی جس پر ابو لہب نے بہت برا بھلا کہاتو اللہ نے سورۃ لہب نازل فرمائی۔ عورتوں میں سب سے پہلے خدیجہؓ، بچوں میں علیؓ(9 Years) ، مرَدوں میں ابو بکر صدیقؓ اور غلاموں میں زیدبن حارثؓ نے اسلام قبول کیا۔ حضرت زبیر بن العوامؓ ، ان کی بیوی اسماء(دوپٹے والی)، حضرت صفیہ ؓجو کہ آپ کی پھوپھی تھی اور زبیر بن العوامؓ کی والدہ تھی، طلحہؓ، عثمانؓ، عبدالرحمٰن بن عوف ، سعد بن ابی وقاص ، عما بن یاسرؓ اور اُن کے فیملی، حضرت بلالؓ اِن سب لوگوں نے ابتدائی دنوں میں اسلام قبول کر لیا۔ یاسرؓ اور سمیعہ ؓ ابو جہل کے غلام تھے۔ ابو جہل نے سمیعہ ؓ کی شرم گاہ میں تیر مار کر انُ کو شہید کر دی، آپ اسلام کی راہ میں پہلی شہید خاتون ہیں۔ حارث بن ابی ہالہؓ جو کہ خدیجہ ؓ کے پہلے خاوند سے بیٹا تھا اسلام کی راہ میں پہلا شہید تھا۔ حضرت بلالؓ امیہ بن خلف کے غلام تھے جو کہ اسلام کی وجہ سے آپ پر بہت ظلم کرتا تھا۔ ان کو ابوبکر نے امیہ بن خلف سے خرید کر آزاد کر دیا۔ 7 نبوی میں بنی ہاشم کا معاشی مقاطعہ کر دیا گیا تو آپ ؐاور بنی ہاشم شعب ابی طالب میں7 نبوی سے10 نبوی تک محصور رہے۔ معاشی مقاطعہ ختم ہونے کے6 ماہ بعد10 نبوئی کو خدیجہؓ اور ابو طالبؓ کا انتقال ہو گیا۔ اس لیے اس سال کو آپ ؐ نے عام الحزن یعنی غم کا سال قرار دیا۔ اس سال سورج گرہن بھی ہوا۔

آپ ﷺ کی اولاد

آپ کے کل4بیٹیاں اور 3 بیٹے تھے۔ بیٹیاں : حضرت زینب ؓ، حضرت رقیہ(عثمانؓ ذالنورین کی پہلی بیوی)، حضرت اُم کلثومؓ (بدر کے موقع پر حضرت رقیہ کی وفات کے بعد حضرت عثمان کے نکاح میں آئیں)، حضرت فاطمہؓ(سب سے چھوٹی بیٹی)۔ **بیٹے:** حضرت قاسمؓ(سب سے بڑے)، عبداللہ/ طیبؓ، ابراہیمؓ۔ **ہمسائے :** ابو لہب، شیبہ عتبہ، ولید، ابوجہل (عمروبن ہشام)، (عقبہ بن ابی معیط)سورۃ قیامہ کی آخری آیت میں ذکر۔

ہجرت حبشہ اولیٰ

پہلی ہجرت حبشہ کی طرف 5 نبوی 615 عیسوی میں ہوئی جس میں 11 مرد اور 4 عورتیں شامل تھیں ٹوٹل 15 لوگ نجاشی کے پاس گئے ۔ عثمانؓ اور آپ کی بیوی رقیہؓ بھی ساتھ تھے۔

ہجرت حبشہ ثانیہ

دوسری ہجرت بھی حبشہ کی طرف 616 عیسوی 6 نبوی کو ہوئی، جس میں 83 مرد اور 18 عورتیں اور 4 بچے شامل تھے۔ ٹوٹل 105 اور بعض جگہوں پر 101 درج ہے۔ حضرت جعفر طیارؓ نے نجاشی کے دربار میں سورۃ مریم کی تلاوت کی ۔ 11 نبوی کو بنو خزرج کے 6 لوگوں نے اسلام قبول کیا پھر حضور نے ان کے ساتھ مدینہ کی طرف مصعب بن عمیر کو دین سکھانے کے لیے بھیج دیا۔

بیت عقبہ اولیٰ

بیت عقبہ اولیٰ 12 نبوی 620 کو طائف میں بنو خزرج کے پانچ لوگ جو کہ ۱۱ نبوی کو اسلام لے آئے تھے وہ موجود تھے اور سات لوگ نئے آئے تھے۔

بیت عقبہ ثانیہ

بیت عقبہ ثانیہ 13 نبوی کو ہوئی جس میں بیعت عقبی اولی والے 12 لوگ جب مدینہ میں تبلیغ کے لیے گئے پھر وہ تیرہ نبوی کو اپنے ساتھ 75 لوگ لائے۔ ان میں 73 مرد اور 2 عورتیں تھیں۔ ان بچھتر لوگوں نے ہی بیعت عقبی ثانیہ کی تھی۔ پھر اس کے بعد ہجرت مدینہ ہوئی۔ غارِ حرا مکہ کے شمال میں تین کلومیٹر دور ہے۔ غارِ ثور مکہ سے ساؤتھ کی طرف ہے جو کہ مکہ سے 5 کلومیٹر دور ہے۔ ابوطالب کی وفات کے بعد ابو لہب قبیلہ بنو ہاشم کا سردار بن گیا۔ طائف سے واپسی پر آپ ؐ نے عتبہ بن ربیعہ کے باغ میں پناہ لی تھی معطم بن عدی نے آپؐ کو پناہ دی ۔

ہجرت مدینہ

13 نبوی کو آپؐ کو ہجرت مدینہ کا حکم ملا اور یہ ہجرت فرض تھی۔ سب سے پہلے ہجرت ابو سلمیٰؓ نے کی۔ عامر بن فعیرہ ابو بکرؓ کے غلام تھے۔ دارالندوۃ کے مقام پر 11 قبائل کے سردار ابو لہب کی قیادت میں آپ ؐ سے نبٹنے کے لیے مشورہ کر رہے تھے کہ شیطان شیخ ِ نجد کی شکل میں آکر نعوذباللہ آپؐ کو قتل کرنے کا مشورہ دیتا ہے۔ آپ ؐ حضرت علی ؓ کو اپنے بستر پر لٹاکر تمام امانتیں اُن کے سپرد کرکے ہجرت کے لئے روانہ ہوئے۔ باہر دروازے پر کفار آپؐ کو قتل کرنے کی غرض سے کھڑے تھے۔ اللہ کے حکم سے آپؐ نے کفار کی طرف مٹی اٹھا کر پھینکی تو اُن کو پتہ بھی نہ چلا کہ آپ ؐکب اُن کے سامنے سے گزر کر چلے گئے۔ ہجرت کے وقت آپؐ سورۃ یٰسین کی تلاوت فرما رہے تھے۔ آپؐ نے ابو بکرؓ کے ساتھ غارِ ثور میں پناہ لی جو کہ مکہ سے ساؤتھ کی طرف ہے جب کے کفار آپ ؐ کو نارتھ کی طرف ڈھونڈ رہے تھے۔ ابو جہل نے آپؐ کے قتل (نعوذباللہ) کا انعام 100 اونٹ رکھا۔ سراقہ بن جعشم اونٹوں کے لالچ میں آپؐ کا پیچھا کرتا ہے۔ فتح مکہ کے موقع جب سراقہ بن جعشم آپؐ سے امان مانگتا ہے تو آپؐ اس کو معاف کر دیتے ہیں اور اُس کو کسریٰ کے کنگن پہنائے جانے کی بشارت دیتے ہیں۔ ابو بکرؓ نے آپکو قصوٰی اونٹنی تحفے میں دی لیکن آپ ؐ نے اس کی قیمت ادا کرنے کے بعد اونٹنی لی۔ کسریٰ ایران کے بادشاہ، قیصر روم کے بادشاہ کا اور نجاشی حبشہ (Ethopia) کے بادشاہ کا Title تھا۔ ایران میں اُس وقت خسرو پرویز بادشاہ تھا۔ صہیب رومیؓ نے ہجرت کے وقت اپنا سارا مال اللہ کی راہ میں دے دیا جس پر آپؐ نے فرمایا کہ "صہیب نے بڑے فائدے کا سودا کیا"۔ اُم معبد نے آپؐ کی ضیافت فرمائی بکری کے خشک تھنوں پر آپؐ نے ہاتھ

پھیرا تو دودھ جاری ہو گیا۔ مدینہ سے پانچ کلومیٹر کے مقام پر کلثوم بن ہدم ؓ کی رہائش گاہ پر آپ نے آرام فرمایا اور مسجدِ قباء تعمیر فرمائی ، قباء میں تین دن یعنی جمعہ ہفتہ اور اتوار کو قیام کی اور سوموار کو مدینہ کی طرف روانہ ہوئے ، مدینہ میں مصعب بن عمیر ؓ کی تبلیغ کی وجہ سے بہت سے لوگ بنو اوس اور بنو خزرج کے مسلمان ہو چکے تھے۔ مصعب بن عمیر کو بنو اوس کے اسد بن ضرارہ نے ایک سال اپنے پاس رہائش دی تھی۔ مصعب بن عمیرؓ اسلام کے پہلے Ambassador ہیں اور ان کی شکل بھی آپ ؐ سے ملتی تھی۔ قرآن میں 3 مسجدوں کا نام آیا ہے 2 مسجدوں کا اشارہ آیا ہے۔ قصویٰ اونٹنی سب سے پہلے اسد بن ضرارہ کے گھر کا سامنے بیٹھی لیکن پھر فوراً اُٹھ گئی ۔ وہاں دو یتیموں سہل اور سہیل کی جگہ تھی جس کی قیمت ابو بکر نے ادا کی اسی مقام پر 1 ہجری میں مسجدِ نبوی تعمیر ہوئی۔ بالآخر اونٹنی ایوب انصاریؓ کے گھر کے باہر بیٹھتی ہے جہاں پر آپ 6 ماہ قیام کرتے ہیں ۔ اُس وقت مدینہ میں دو بڑے قبائل بنو خزرج اور بنو اوس رہائش پذیر تھے۔ خزرج کے سردار عبداللہ بن ابی سلول تھا جس کو رئیس المنافقین بھی کہا جاتا ہے اور بنو اوس کے سردار سعد بن معاذ تھے۔ خزرج کے حلیف قبیلے بنو قینقاع اور بنو اوس کے حلیف بنو نضیر اور بنو قریظہ تھے۔ دونو ں قبائل آپس میں لڑتے رہتے تھے۔ عبداللہ بن ابی کے ساتھ ابوجہل ملاقات کرتا ہے اور اس کو کہتا ہے کہ اگر تم نے قریش کو پناہ دی تو تم پر لشکر آئیں گے۔ بنو نضیر، بنو قینقاع اور بنو قریظہ یہود کے قبائل تھے جب کہ بنو خزرج اور بنو اوس مسلمان ہو چکے تھے۔ مذکورہ تینوں یہودی قبیلوں اور مسلمانوں کے درمیان چارٹر آف مدینہ (میثاقِ مدینہ) یکم ہجری میں ہوا۔ جس کے 47 آرٹیکلز تھے یہ دنیا کا پہلا چارٹر تھا۔ جس کے مطابق یہ طے پایا کہ اگر باہر سے کوئی قبیلہ مدینہ پر حملہ کرتا ہے تو تمام قبیلے مل کر منہ توڑ جواب دیں گے۔ 1 ہجری میں مواخاتِ مدینہ ہوا جس میں ٹوٹل 90 لوگ شامل تھے 45 مہاجر اور 45 انصاری۔ ایک ہجری سے آٹھ ہجری کا عرصہ War Period ہے۔

سریہ

پہلا سریہ سیف البحر ہے جس کے لیڈر حمزہ ؓ تھے۔ اسلامی جھنڈا سفید رنگ کا بنایا گیا۔ دوسرا سریہ رابک جسے عبیدہ بن حارث نے لیڈ کیا اور تیسرا سریہ خرار ہے جسے سعد بن معاذ ؓ نے لیڈا کیا۔ چوتھا سریہ نخلہ تھا جو عبداللہ جحش کی قیادت میں ہوا۔ غزوہ ابواء :اسے غزوہ ویدان بھی کہتے ہیں اسلام کا پہلا غزوہ ہے۔ دوسرا غزوہ بواط ہے تیسرا غزوہ صفوان اور چوتھا غزوہ عشیرہ ہے۔ 8ویں مہم اور چوتھا سریہ نخلہ 30 رجب کو ہوا۔ عبداللہ بن جحش کو قیادت میں 12 لوگوں کو طائف بھیجا ، وہاں عمرو بن حضرمی کو قتل کر دیا جاتا ہے ۔ عامر بن حضرمی جو کے عمرو بن حضرمی کا بھائی ہوتا ہے اُس کو ابوجہل مسلمانوں کے خلاف جنگ کے لئے بھڑکاتا ہے۔ عمرو بن حضرمی کا قتل غزوہ بدر کی ایک وجہ بنا۔

غزوہ بدر

02 ہجری 17 رمضان ، ٹوٹل 313 مسلمان جس میں 82 مہاجر 170 خزرج اور اوس کے 61 لوگ شامل تھے یعنی انصار کی جانب سے کل 231 لوگ شامل تھے۔ انہوں نے ابو سفیان کا قافلہ پر حملہ کرنا تھا کہ کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے مسلمان مکہ میں چھوڑ کر آئے تھے اور قریش کے قبیلوں نے اس پر قبضہ کر لیا تھا۔ امیہ بن خلف کی حضرت سعد بن معاذ سے دوستی تھی۔ مہاجرین کی قیادت مصعب بن عمیرؓ اور انصار کی قیادت سعد بن معاذ ؓ کر رہے تھے۔ اللہ نے آپ ؐ کو کہا کہ ایک قافلہ ابوسفیان کا ہے اور ایک ابوجہل کا آج جس کا بھی انتخاب کروگے آپ کو اس کے خلاف فتح ہو گی تو انصار اور مہاجرین نے ابو جہل سے لڑنے کا عزم کیا۔ اُس وقت 70 اونٹ، 02 گھوڑے ، آٹھ تلواریں ، 06 زریں مسلمانوں کے پاس تھیں۔ کفار کے لشکر کی قیادت ابو جہل کر رہا تھا جس کی تعداد 1000 تھی۔ اور 700 اونٹ، 300 گھوڑے اور 600 زریں ان کے پاس تھے جس میں عتبہ بن ربیعہ جس کا بیٹا ولید اور بیٹی ہندہ بھی شامل تھی۔ امیہ بن خلف ، عکرمہ بن ابی جہل بھی غزوہ بدر میں شرکت کے لئے آئے تھے جبکہ ابو لہب نہیں آیا۔ غزوہ بدر میں کفار کے ٹوٹل 24 سردار آئے تھے۔ سب سے پہلے دست بدست لڑائی ہوتی ہے جس میں عبیدہ بن حارث کا مقابلہ عتبہ سے حمزہ ؓ کا مقابلہ شیبہ سے اور حضرت علیؓ کا مقابلہ ولید سے ہوتا ہے۔ عبیدہ بن حارث

ؓ کی عتبہ کے ساتھ لڑائی میں ٹانگ کٹ جاتی ہے اور عتبہ پیچھے سے آکر آپ پر حملہ کرتا ہے۔ عتبہ اور شیبہ کو حمزہؓ جہنم واصل کرتے ہیں جبکہ ولید کو حضرت علیؓ قتل کرتے ہیں۔

معاذ ؓ اور معوذ ؓ نے عبدالرحمٰن بن عوف سے ابو جہل کا پتہ پوچھتے ہیں اور ابو جہل کو قتل کرتے ہیں۔ امیہ بن خلف عبدالرحمٰن بن عوف کا دوست تھا کفار کو ہارتے ہوئے دیکھ کر وہ آپؐ کے پاس آکر پناہ لیتا ہے۔ لیکن حضرت بلالؓ موقع پا کر امیہ بن خلف کو قتل کر دیتے ہیں۔ کفار کے 24 کے 24 سردار مارے گئے اور اُن کے بدر میں موجود کنویں پھینک دیا گیا، 70 کفار قتل اور 70 کو قیدی بنا یا گیا۔ مسلمانوں کے 14 شہید ہوئے 13 غزوہ بدر میں جبکہ ایک زخمی عبیدہ بن حارث ؓ اگلے دن شہید ہو جاتے ہیں۔ سورۃ انفال میں اس غزوہ کا ذکر آیا ہے۔ اللہ نے اس دن کو یوم الفرقان کہا ہے مسلمانوں کا ایک گروہ لڑنے میں مصروف تھا، ایک رسولؐ کی حفاظت اور ایک انفال (مالِ غنیمت) جمع کر رہے تھے۔ آپ نے بدر میں 03 دن قیام کیا۔ سورۃ انفال کی آیت نمبر 75 جنگ کا پورا نقشہ بیان کرتی ہے۔ 28 غزوات اور 56 سریہ ہیں اور 12 کا قرآن میں ذکر آیا ہے۔ بدر اُس جگہ کا نام ہے جہاں پر جنگ ہوئی۔ اس کے بعد مسلمان ایک طاقت بن کر اُبھرے۔ حضرت علی ؓ نے حارث بن نذر کو قتل کیا جو کہ عورتوں کو قرآن کے مقابلے میں گانے سکھا کر لاتا تھا۔ عقبہ بن ابی معیط کو حضرت عاصم نے آپؐ کے حکم سے قتل کیا اِس نے آپؐ پر اونٹ کی اوجڑی پھینکی تھی اور سورۃ القیامہ میں اس کے بارے میں وعید بھی آئی ہے۔ حذیفہؓ بن عتبہ جو کہ ہندہ کا بھائی تھا اس نے اسلام قبول کر لیا۔ اُن کا ایک غلام سالم تھا جس کو قرآن بہت آتا تھا لہٰذا حذیفہ بن عتبہ اور ان کی بیوی میں اپنے غلام کی امامت میں نماز پڑھی۔ بنو قینقاع کے 5 اوباش ایک یہودی کی دکان میں ایک مسلم عورت کے ساتھ بدتمیزی کرتے ہیں جس پر ایک مسلمان دوکان والا ان کو قتل کر دیتا ہے۔ اس طرح آپؐ بنو قینقاع 15 دن کے لئے محاصرہ کر لیتے ہیں۔ بنو خزرج کا سردار عبداللہ بن ابی بدر کے بعد اسلام قبول کر چکا تھا اور خزرج کا قینقاع حلیف تھا لہٰذا عبداللہ بن ابی آپ ؐ سے قینقاع کے لئے معافی کی درخواست کرتا ہے جس پر آپؐ قینقاع کو مدینہ چھوڑنے کا حکم دے دیتے ہیں اور بنو قیقاع مدینہ سے باہر خیبر میں چلا جاتا ہے۔ صفوان بن امیہ بن خلف عمر بن وہب کو نیزہ یا تلوار دے کر حضورؐ کو قتل کرنے بھیجتا ہے اور اس کے گھر اور خرچ کی ساری ذمہ دار لیتا ہے پر یہ بھی مسلمان ہو جاتا ہے۔ حضرت عثمان نے غزوہ بدر میں شرکت نہیں کی تھی۔ کیوں کی آپؓ کی اہلیہ بیمار تھی۔

غزوہ اُحد

شوال 03 ہجری کو غزوہ اُحد ہوا۔ ابو سفیان کی قیادت میں 3000 کا لشکر غزوہ بدر کا بدلہ لینے کے لئے آیا۔ حضورؐ مدینہ میں رہ کر لڑنے کا مشورہ دیتے ہیں پر مسلمان جوش میں مدینہ سے باہر لڑنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ مسلمانوں کی تعداد 1000 تھی۔ عبداللہ بن جبیر کو 50 تیر اندازوں کے دستے کی ذمہ داری سونپی گئی۔ عبداللہ بن ابی اپنے 300 لوگ لے کر واپس چلا جاتا ہے اور باقی قبیلوں اوس اور خزرج کے لوگوں کا دماغ خراب کر کے چلا جاتا ہے۔ جھنڈا مصعب بن عمیرؓ کے پاس تھا۔ 50 میں سے 40 لوگ درہ سے ہٹ کر مالِ غنیمت سمیٹنے میں مصروف ہو جاتے ہیں۔ اسی اثناء میں خالد بن ولید درہ کی طرف سے حملہ کر کے سب کو شہید کر دیتا ہے۔ 09 لوگ آپؐ کی حفاظت پر مامور تھے جن میں سے 05 کی شہادت ہو جاتی ہے۔ وحشی بن حرب حضرت حمزہ ؓ کو شہید کر دیتا ہے۔ اور ہندہ آپؓ کا کلیجہ چباتی ہے، آپ ؓ کو سید الشہدا بھی کہتے ہیں۔ مصعب بن عمیر ؓ بھی شہید ہو جاتے ہیں۔ احد میں آپؐ اپنی تلوار ابو دجانہ کو دیتے ہیں جو اکڑ کر دشمن کو دکھاتا ہے دجانہ کی اکڑ کو اللہ تعالیٰ پسند کر تا ہے۔ اُحد میں 70 مسلمان شہید جب کہ 140 زخمی ہوئے۔ سورۃ آل عمران میں غزوہ اُحد کا ذکر آیا ہے۔ بنو نضیر کے قبیلے کا ایک بندہ مسلمانوں نے قتل کیا تو مسلمانوں کی طرف سے حضورؐ دیت دینے گئے تو ایک بدبخت آپؐ پر پتھر کی چکی پھینکنے کی کوشش کرتا ہے لیکن جبرائیلؑ آپ کو بتا دیتے ہیں تو آپ ؐ پیچھے ہو جاتے ہیں۔ آپؐ اس بات پر بنو نضیر کے محاصرے کا حکم دے دیتے ہیں جو کہ 25 دن تک جاری رہتا ہے اس کے بعد اُن کو بھی مدینہ سے نکال دیا جا تا ہے یہ بھی خیبر میں جا بسے۔ بنو نضیر کا ذکر سورۃ حشر میں ہے۔

غزوہ رجیع

4ہجری کو ہوا۔ مکہ کا قبیلہ بنو لحیان کے لوگوں نے غداری کرتے ہوئے سات صحابہ کرام کو شہید کر دیا جنہیں نومسلموں کو پڑھانے کے لئے حضور نے حضرت عاصم کی سربراہی میں بھیجا تھا۔ حضرت عاصم کو شہید کر دیا گیا اور حضرت خبیب کو سولی پر چڑھا دیا گیا اور پھر حضورؐ 4 ہجری کو دوبارہ بدر گئے۔ ابو سفیان نہیں آیا۔ کعب بن اشرف مسلمانوں کو بہت تنگ کرتا تھا۔ حضور نے فرمایا کہ کون اسے قتل کرے گا۔ 06 لوگوں نے اس کو گھیر کر مارا، محمد بن مسلمہ اور ابو نائلہ نے اس کو قتل کیا۔

غزوہ بنی مصطلق

5 ہجری کو ہوا۔ یہ غزوہ احزاب کے بعد ہوا اس غزوہ میں حضرت عائشہ پر الزام لگایا۔ حسان بن ثابت (شاعرِ رسول)، حمنہ بنتِ جحش، ثاثہ (ابو بکرؓ کا غلام) نے بہتان لگایا ناپاکی کا جس پر 80 کوڑے سزا کا حکم جھوٹے الزام پر اللہ نے سورۃ النور میں حکم دیا اور اس کے علاوہ حضرت عائشہ کی براء ت کا اعلان فرمایا۔ اسے واقعہ افق بھی کہتے ہیں۔ یہ اسی غزوہ میں پیش ایا اسی غز وہ کی واپسی پر پانی پر جھگڑا ہوا۔ عبداللہ بن ابی نے واقعہ کو ہوا دی کہ مہاجر نے جس تھالی میں کھایا اسی میں چھید کیا۔ حضرت اسامہؓ نے اُس کی ساری بات سن لی اور حضورؐ بنی مصطلق سے واپس آئے تو بتائی مگر بچے کی بات کو اتنی اہمیت نہ دی پھر اللہ نے جوں کی توں ساری بات قرآن میں ویسے بیان کر دی۔

05ہجری تا 11 ہجری

حضرت یوسفؑ کے دور میں مصر کا بادشاہ Ramasus-II تھا۔ آپؐ کے دور میں مقوقس تھا۔ عبادات ہجرت کے بعد فرض ہوئیں۔ نماز کا باقاعدہ طریقہ 02ہجری میں ہوا۔ اذان 1 ہجری میں فرض ہوئی۔ عبداللہ بن زید انصاری کو خواب میں اذان 01 ہجری میں آئی اور اذان کا مشورہ عمرؓ نے دیا مؤذن رسول بلالؓ 01ہجری میں جمعہ کی نماز فرض ہوئی۔ قباء سے آگے بنوسالم بستی کی جگہ پر جمع فرض ہوا۔ 02 ہجری میں عیدالفطر، عیدالضحیٰ، زکوٰۃ، روزہ اور واجب نمازوں کا حکم ہوا اور جہاد بھی 02 ہجری میں فرض ہوا۔ یتیموں کے بارے میں احکامات 03 ہجری میں نازل ہوئے۔ صلوٰۃ الخوف 06 ہجری میں پہلی بار پڑھی گئی۔ نماز کسوف (سورج گرہن کے وقت) اور نمازِ خسوف (چاند گرہن کے وقت) بھی 02 ہجری میں پڑھی گئیں۔ زکوٰۃ مکمل نافذ محرم 09 ہجری کو ہوئی۔ 03 ہجری کو وراثت کے قوانین نازل ہوئے۔ 05ہجر ی میں شراب، زنا، تہمت حدِقذف کے بارے میں احکامات نازل ہوئے۔ 04 ہجری میں پردہ فرض ہوا۔ وضو 05 ہجری میں فرض ہوا، 05 ہجری میں ہی غزوہ بنی مصطلق ہوا اور اس میں تیمم کے احکامات سورۃ النساء میں نازل ہوئے۔ وضو بھی سورۃ النساء اور سورۃ المائدہ میں احکامات نازل ہوئے۔ حج 09 ہجری میں فرض ہوا۔ اسلام کی دوسری مسجد مسجد نبوی ہے۔ ٹوٹل 5 مسجدوں میں سے 03 کا ذکر قرآن میں آیا ہے جب کے دو کا اشارہ آیا ہے۔ مسجد حرام، اقصیٰ، اور مسجد ضرار کا نام جب کہ مسجد قباء اور مسجد نبوی کا اشارہ ہے۔ نمازِ استسقاء بارش کے لئے الٹے ہاتھ کر کے پڑی جاتی ہے۔ غزوہ احزاب/غزوہ خندق: تین قبیلوں کے Alliance کی وجہ سے ہوئی۔ 04 ہزار قریش کے لوگ، 06 ہزار بنو غطفان) جو کہ لڑنے میں بہت آگے تھے (اور 02 ہزار یہودی ٹوٹل 12000 کا لشکر لے کر غزوہ خندق کے لئے آ گئے۔ حضرت سلمان فارسیؓ نے 01 ہجری میں اسلام قبول کیا فارس کے رہنے والے تھے انہوں نے خندق کھودنے کا مشورہ دیا۔ خندق کی لمبائی 5 کلومیٹر تھی۔ ایک بڑا پتھر توڑتے ہوئے حضورؐ نے پہلی ضرب پر شام کے محلات کی خوشخبری سنائی، دوسری ضرب پر فارس کے محلات کی خوشخبری سنائی اور تیسری ضرب پر یمن کی کنجیوں کی بشارت دی۔ عبداللہ بن جابرؓ نے خندق کے موقع پر بکری سے ضیافت کی۔ غزوہ خندق کے موقع پر شدید سردی تھی ایسی زبردست ہوا چلی کہ کافروں کے خیمے اکھڑ گئے۔ اس غزوہ میں 06 مسلمان شہید، 10 کفار قتل ہوئے۔ عمرو بن عبدود اور عکرمہ بن ابی جہل نے خندق عبور کر لی تو حضرت علیؓ نے ان کے مقابلے میں کھڑے ہوئے اور عمرو بن عبدوذ کو قتل کیا۔

حضورؐ نے فرمایا کہ اب مکے والوں کی طرف سے کوئی پیش قدمی نہیں ہو گی اُن کے حواس باختہ ہو چکے تھے۔ غزوہ احزاب میں بنو قریظہ جو کہ مسلمانوں کا حلیف قبیلہ تھا انہوں نے بد عہدی کی ہے۔ ابو مسلمہ کو عورتوں اور بچوں کی ذمہ داری اور مردوں کی عبداللہ بن سلام کے سپرد کر دیا۔ اوس کے سردار سعد بن معاذؓ نے بنو قریظہ کی قسمت کا فیصلہ کرنا تھا کیونکہ بنو قریظہ اوس کا حلیف تھا انہوں نے 700 مردوں کو قتل کرنے اور عورتوں اور بچوں کو قیدی بنانے کا حکم دیا۔ اس طرح غزوہ بنو قریظہ میں 700 مردوں کو قتل کیا گیا۔ غزوہ احزاب میں بد عہدی کے طور پر اب مدینہ یہودیوں سے پاک ہو گیا تھا۔

صلح حدیبیہ

آپؐ 06 ہجری ذیقعد کے مہینے میں مکہ میں عمرہ کی غرض سے گئے اُس وقت آپ کے ساتھ 1400 صحابہ تھے۔ آپؐ اور صحابہ حدیبیہ نامی کنویں کے پاس کیکر کے درخت کے نیچے چھاؤں میں بیٹھ گئے۔ عبداللہ بن مسعود کے بھائی عروہ بن مسعود جو کہ ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے کفار کی طرف سے Negotiations کے لئے آئے تھے۔ جب اس نے صحابہ کا پیار حضورؐ کے لئے دیکھا کہ وہ وضو کے پانی کا ایک قطرہ بھی نیچے نہیں گرنے دے رہے تو حیران ہو گیا۔ آپؐ نے مسلمانوں کی طرف سے حضرت عثمانؓ کو نمائندہ بنا کر بھیجا۔ کافی دیر تک جب آپ واپس نہ آئے تو قتلِ عثمان کی افواہ پھیل گئی تو تمام صحابہ نے اسی کیکر کے درخت کے نیچے بیعت کی عثمانؓ کی موت کا بدلہ لئے بغیر نہ جائیں گے بھلے انہیں اپنی جان ہی کیوں نہ دینی پڑی۔ اس بیعت کو بیعت رضوان کہتے ہیں۔ اور اس کا ذکر سورۃ الفتح میں آیا ہے جسے فتح مبین کہا گیا ہے۔ لیکن کچھ دیر بعد حضرت عثمان ؓ آجاتے ہیں۔ سہیل بن عمرو ابھی مسلمان نہ ہوا تھا وہ کفار کی طرف سے صلح کے لئے آئے ابو جندل سہیل بن عمرو کا بیٹا تھا۔ جو معاہدہ ہوا اسے صلح حدیبیہ کہتے ہیں جسے حضرت علیؓ نے کیکر کے درخت کے نیچے بیٹھ کر تحریر کیا۔ آپؐ اور صحابہ معاہد کی رو سے عمرہ نہ کر سکے۔ آپؐ نے ام سلمیٰؓ کے مشورے سے قربانی کے جانور ادھر ذبح کئے تو صحابہ نے نے اپنے جانور ذبح کر دیئے اور صحابہ آپؐ کے ساتھ واپس مدینہ چلے گئے۔ مکے سے ایک شخص مسلمان ہوا اور معاہدے کی رو سے مدینہ نہ جا سکتا تھا اس نے بحر احمر (Red Sea) کے کنارے کیمپ لگا لیا۔ اب مکہ میں جو بھی مسلمان ہوتا تو وہ وہاں پر آکر آباد ہو جاتا اور گزرنے والے قافلے پر حملہ کرتے تھے۔ مکہ والے بہت تنگ آگئے تو انہوں نے ایک مسلمان کو قتل کر دیا جس سے معاہدہ ٹوٹ گیا۔ اُس وقت تک اسلام جزیرہ عرب پر ایک قوت کے طور پر ابھر چکا تھا۔ لہذا آپ ؐ نے 07 ہجری میں 08 حکمرانوں کو خط لکھے۔

ایران کے بادشاہ خسرو پرویز کے پاس خط

اس کے پاس عبداللہ بن حذافہ سہمی ؓ خط لے کر گئے تو اس نے خط مبارک پھاڑ دیا۔

نجاشی کے پاس خط

حبشہ (Ethopia) کے بادشاہ کے پاس امر بن امیہ ؓ اس کے پاس خط لے کر گئے تو اس نے دعوت اسلام قبول کر لی اور مسلمان ہو گیا۔

(غسان) شام کے علاقہ کا بادشاہ شرا ابیل کے پاس خط

حضرت شجاع بن وہبؓ اس کے پاس خط لے کر گئے تو اس نے آپؓ کو قتل کر دیا اور یہی بعد میں غزوہ موتہ کا سبب بنا۔

مصر کے بادشاہ مقوقس کے پاس خط

اس نے دو لونڈیاں ماریہ قبطیہ، سیرین اور ایک خچر دُلدل آپؐ کے لئے تحفہ بھیجا۔

بحرین کے بادشاہ پاس خط

منذر بن ساوہ بحرین کا بادشاہ تھا۔ علا بن حضرمی ان کے پاس خط لے کر گئے تو اس نے اسلام قبول کر لیا۔

اومان کے بادشاہ پاس خط

اومان کے عبد اور جعفر کے پاس عمرو بن العاص کو بھیجا اور اس نے بھی اسلام قبول کر لیا۔

یمن کے بادشاہ کے پاس خط

یمن کے بادشاہ نے اسلام قبول کیا۔

غزوہ خیبر

غزوہ خیبر7 ہجری میں ہوا۔ یہودی سارے خیبر جمع تھے۔ ان کے ہر قبیلے کے قلعے تھے۔ حضور ؐ نے محاصرہ کیا مگر کوئی فائدہ نہ ہوا۔ حضرت علی ؓ کو حضورؐ نے خیبر کے فتح کرنے کے لئے جھنڈا دیا تو اُن کی آنکھوں میں درد تھا آپؐ نے اپنا ہاتھ پھیرا تو حضرت علیؓ کی آنکھیں ٹھیک ہو گئیں۔ حضرت علیؓ اور حی بن اخطب کا مقابلہ ہوا پہلے عامر بن عقبہ اور حیئ بن اخطب کی لڑائی ہوئی مگر حضرت عامر شہید ہو گئے۔ حیئ بن اخطب کو1000 بندوں کے برار سمجھا جاتا تھا۔ حضرت علیؓ نے حیئ بن اخطب کو قتل کر دیااور ایک کے بعد ایک قلعہ ناعم فتح ہوتا گیا۔ قلعہ قموص بھی حضرت علی نے فتح کیا جو کہ کسی سے فتح نہیں ہو پا رہا تھا۔ بہت مال غنیمت اکٹھا ہوا۔ اخطب کی بیٹی صفیہ کو دحیہ بن قلبی نے پسند کر لیا حضرت صفیہ ؓ بہت خوبصورت تھیں۔ اور حضورؐ نے انہیں آزاد کر دیا، اور آپؐ کا اُن سے نکاح7 ہجری میں ہوا۔ غزوہ خیبر کے فوراً بعد خالد بن ولید ؓ نے اسلام قبول کر لیا تھا۔ حضرت حبیبہ ابو سفیان کی بیٹی اور امیر معاویہ کی بہن کا حضور سے نکاح نجاشی نے پڑھایا یہ بھی ۷ ہجری کا واقعہ ہے میمونہ بنت حارث سے بھی7 ہجری میں آخری شادی ہوئی جو کہ آپؐ کی11 ویں شادی تھی۔ حضرت جویریہ ؓ سے آپ ﷺ نے5 ہجری میں غزوہ بنی مصطلق کے بعد شادی کی۔ ان کے والد کا نام حارث بن ضرار تھا یہ ثابت بن قیس کے حصے میں آئیں تھیں انہوں نے آپ کو09 اونقیوں کے بدلے آزاد کرنے کی شرط رکھی تو جویریہ ؓ آپؐ کے پاس ایک اونٹ مانگنے آتی ہیں تو آپؐ 9اونٹ ہی ان کو دے دیتے ہیں اور ساتھ نکاح کا پیغام بھی دے دیتے ہیں جسے حضرت جویریہ ؓ قبول کر لیتی ہیں اور5 ہجری میں آپ ؐ کا نکاح ان ہوتا ہے۔ 7 ہجری میں ذیقعدہ کے مہینے میں حضورؐ نے عمرہ کیا۔ 7 ہجری میں بنو قزع پر بنو بکر نے حملہ کر دیا اور صلح حدیبیہ کی شرائط کو توڑ دیا بنو قزع حضورؐ کے ساتھ مسلمانوں کاAlliance تھا جبکہ بنو بکر قریش کا۔ اب ابو سفیان بھاگتا ہوا آیا اور20 سال تک معاہدہ مزیدExtend کرنے کا کہا مگر حضورؐ خاموش رہے۔

ابو سفیان حضرت علیؓ، اور ام حبیبہ کے پاس گیا۔ مگر سب نے خلاصی کی۔ مکہ کی Expedition کا حضورؐ نے کسی کی نہ بتایا تھا۔ حاتم بن ابی بلتہ جو کہ بدری صحابی تھے انہوں نے ایک عورت سارہ کے ذریعے مکہ والوں کو بتانے کا پیغام دیا۔ مگر اللہ نے حضورؐ کو بتا دیا۔ حضورؐ نے خواہ کے مقام پر سارہ کی موجودگی کا اشارہ دیا سارہ نے بالوں سے نکال کر دیا۔ گھر والوں سے نرمی برتنے کے لئے انہوں نے یہ کیا تھا حاتم بن ابی بلتیعہ نے۔ اُن کی غلطی کو معاف کر دیا۔ فتح مکہ 10,000: کا لشکر جرار مسلمانوں کی طرف سے آیا اور مکہ آئے۔ حضرت عباسؓ نے ابو سفیان سے کہا کہ اگر امان کے متلاشی ہو تو لے لو ورنہ یہ تمیں نہیں چھوڑیں گے۔ ابو سفیان نے مکہ میں جا کر لوگوں کو بتایا کہ میں نے امان لے لی ہے تم بھی لے لو کیونکہ مسلمانوں کی نفری بہت زیادہ ہے Surrender کر دو۔ حضورؐ فتح مکہ کے موقع پر سورۃ فتح تلاوت فرما رہے تھے۔ آپؐ نے فرمایا14 لوگوں کو چاہے وہ کعبہ کے پردے میں لپٹے ہوئے ہوں قتل کر دو۔ جن میں ایک عبداللہ بن ابی سراح) حضرت عثمان ؓ نے اس کی سفارش حضورؐ سے کی (دوسرا عکرمہ بن ابی جہل)مسلمان ہو گیا تھا (اور تیسرا ابنِ خطب تھا۔

20رمضان8 ہجری کو مکہ فتح ہو گیا حضورؐ19 دن مکہ میں گزارے فتح مکہ کے فوراً بعد8 ہجری میں غزوہ حنین ہوا۔ بنو بکر نے حنین میں جا کر قلعہ بنا لیا اور مسلمانوں نے لڑنے کی تیاری کی۔ حضورؐ نے12000 کا لشکر غزوہ حنین کے لئے لے کر گئے۔ جب تیروں کی بے پناہ بارش ہوئی تو 12000 میں سے35 لوگ رہ گئے کچھ بھاگ گئے کچھ شہید ہو گئے۔ زیادہ تر بھاگ گئے تھے۔ دراصل مسلمانوں کی تعداد زیادہ تھی جس وجہ سے اُن کے اندر تکبر پیدا ہو گیا تھا تو اللہ کی نے دکھایا کہ کامیابی تعداد کی وجہ سے نہیں بلکہ اللہ کی طرف سے آتی ہے۔ حضورؐ بڑی بہادری کے ساتھ لڑتے رہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ حنین میں مسلمانوں کو فتح ہوئی۔

سریہ موتہ

8ہجری میں سریہ موتہ ہوا۔ شام کے علاقے غسان کے گورنر نے7 ہجری حضورؐ کے سفیر حارث کو شہید کر دیا تھا۔ اس طرح سفیر کا قتل اعلانِ جنگ تھالہٰذا حضورؐ نے زید بن حارث کی قیادت میں لشکر بھیجاآپؐ نے فرمایا کہ جب وہ شہید ہوئیں تو حضرت جعفر اور ان کے بعد حضر عبداللہ بن رواحہ جھنڈا اٹھائیں گے۔ مسلمانوں کا3000 کا لشکر جبکہ کفار کا ایک لاکھ پچاس ہزار کا لشکر تھا۔جب کمانڈ ر خالد بن ولیدؓ کے ہاتھ میں آئی تو آپ نے ٹیکنکلMove کھیلی اور لشکر کو واپس لے آتے ہیں۔ لوگ بہت غصہ ہوتے ہیں لیکن حضورؐ نے فرمایا کہ خالد بن ولید نے صحیح کیا کیونکہ اس وقت یہی بہتر تھا۔9 ہجری میں حج فرض ہوا تو حضورؐ ابو بکرؓ کی قیادت میں حج کے لئے روانہ ہوئے۔9 ہجری میں ہی زکوٰۃ کے نظام کا اعلان ہوا ۔8 بمصارفِ زکوٰۃ کا ذکر سورۃ توبہ میں آیا ہے۔

غزوہ تبوک

ہجری میں غزوہ تبوک ہوا۔اس میں لڑائی کرنا اور شرکت کرنا فرض تھا۔ یہ غزوہ روم کے خلاف تھا۔چونکہ کعب بن مالک ؓ، حرارہؓ اور ہلال بن امیہ پیچھے رہے گئے تھے اس لئے ان کا50 دنSocial Bycott کیا گیا۔ اس غزوہ میں30 ہزار کا لشکر تھا۔ حضرت عقیلؓ نے مزدوری کے بعد جو کھجوریں میں وہ حضورؐ کی خدمت میں پیش کر دیں جسے آپؐ نے سارے مال کے اوپر پھیلا دیا، حضرت عقیل ؓکی اللہ نے بھی دلجوئی کی۔ حضرت عثمان ؓنے300 اونٹ دیے۔ہر قل شام میں ہی تھا حضورؐ شام کی آخری سرحد تک گئے20دن انتظار کر کے واپس آئے۔ جب ہر قل کو پتہ چلا کہ حضورؐ لڑنے آئے ہیں تو اپنے2 لاکھ کے لشکر ہونے کے باوجود لڑنے کے لئے نہ آیا۔9ہجری میں طائف کے بنو ثقیف قبیلے کو بھی فتح کر لیا۔

حج

منٰی مزدلفہ سے 8 کلومیٹر دور ہے ، منٰی میں ظہر اور عصر ملا کر پڑھتے ہیں جبکہ مزدلفہ میں مغرب اور عشاء اکٹھی پڑھی جاتی ہیں۔ منٰی کی طرف حضورؐ نے 8ذو الحج کو سفر کیا۔ ظہر اور عصر ادھر پڑھی۔ صبح مزدلفہ پہنچے، مزدلفہ میں پانچ نمازیں پڑھیں۔مزدلفہ سے مسجد نمرہ گئے جو کہ عرفات میں ہیں وہاں حج کا خطبہ دیا۔8 ذی الحج کو احرام باندھا جاتا ہے۔ مدینہ کے لوگوں کے لئے احرام باندھنے کی جگہ ذوالحلیفہ ہے۔ حضورؐ12 ربیع الاول سوموار کے دن بمطابق 28جون 632کو وصال پاگئے۔

حج تین قسم کا ہوتا ہے **حج قران:** جو حضورؐ نے 10ھ میں ادا کیا۔اس میں ایک ہی احرام میں حج اور عمرہ کیا جاتا ہے۔**حج افراط:** ایسا حج جس میں صرف حج کے لیے احرام باندھا جائے **حج تمتع:** ایسا حج جس میں عمرہ اور حج کے لیے ایک سفر کیا جائے مگر عمرہ کر کے احرام کھول دیا جائے اور حج کے لیے دوبارہ 8ذوالحج کو احرام باندھا جائے۔جمرات تین ہیں: جمرات الاولیٰ(2) جمرات الوسطیٰ(3) جمرات الاخریٰ۔

حج 8 ذوالحج سے لے کر 13 ذوالحج تک ادا کیا جاتا ہے۔ 8 ذوالحج کو یوم الترویہ کہا جاتا 9 کو وقوفہ عرفہ جو حج کا رکن اعظم ہوتا ہے 10 کو یوم النحر 11، 12، 13 ایام تشریق کہا جاتا ہے

حج کی پانچ میقات 4 کونے ہیں جو تصویر میں واضح ہیں منی سے مزدلفہ 8 کلومیٹر فاصلہ ہے مزدلفہ سے عرفات 4 کلومیٹر ہے اور عرفات سے مزدلفہ 6 کلومیٹر ہے یہ مکمل فاصلہ 18 کلومیٹر بنتا ہے منی میں جبل نور مزدلفہ میں مشعر الحرام عرفات میں جبل رحمت پہاڑ ہے عمرہ سال میں حج کے دنوں کے علاوہ کسی دن میں بھی کیا جا سکتا ہے۔


Shami Corner
Al Mizaab
Yamani Corner
Iraqi Corner
Kiswah Cloth
Hijr Ism'il (Al-Hateem)
Black Stone (Hajar Aswad)
Door of the Kaaba
Multazam (The Wall between door of kaaba and Black Stone)
Start of Tawaf (Anti-Clockwise)
Maqam Ibrahim


Juhfah 183km
Dhul-Hulayfah 450km
1
5
2
Dhat Irq 94km
Makkah
3
Qam Al-Manazil 75km
4
Yalamiam 92km
شام
مدینہ
عراق
بحرین/نجد
البناء

حج اور عمرہ

احرام میں ایک کندھا ننگا رکھا جاتا ہے اس کو اخطیاغ کہا جاتا ہے۔ طواف حجر اسود کے دائیں جانب سے شروع ہوتا ہے اور جس ایریا میں طواف ہو رہا ہوتا ہے اس کو (مطاف) کہا جاتا ہے۔ پہلے تین چکروں میں تیز چلنا ہوتا ہے اور اسے رمل کہتے ہیں آخری 4 چکر آہستہ لگاتے ہیں۔ اور اس طرح سات چکر مکمل ہو جاتے ہیں۔ احرام کی حالت میں سر کو ڈھانپنے، بیوی کے پاس جانے، شکار کرنے اور خوشبو لگانے سے منع کیا گیا ہے۔

پہلا طواف طواف قدوم کہلاتا ہے اور 8 ذوالحج کو حج کے لیے طواف قدوم کیا جاتا ہے اور اسی دن منیٰ میں 5 نمازیں ادا کرنی ہوتی ہیں جس میں ظہر اور عصر کو اکٹھا ادا کیا جاتا ہے منیٰ سے پھر 9 ذوالحج کو میدان عرفات میں جمع ہونگے اور مسجد نمرہ میں ہونے والے خطبے کو سنا جائے گا خطبہ کے بعد مغرب تک یہاں صرف دعا کی جاتی ہے۔ مغرب اور عشاء کی نماز اکٹھی ادا کی جاتی ہے۔

9 ذوالحج کی رات مزدلفہ میں گزاری جائے گی اور یہاں سے 49 کنکریاں جمع کی جاتی ہیں اور فجر پڑھ کر دوبارہ منیٰ کی طرف روانہ ہو جاتے ہیں۔ اور پھر 10 ذوالحج کو 3 (جمرات) کو کنکریاں ماری جاتی ہیں۔ اور پھر 10 ذوالحج کو قربانی کی جاتی ہے اور بال کٹوائے جاتے ہیں۔ اور پھر بڑے جمرات کو کنکریاں ماری جاتی ہیں۔ اس کے بعد 11 اور 12 ذوالحج منیٰ میں ہی گزارنے ہوتے ہیں۔ اور سات سات کنکریاں جمرات کو ماری جاتی ہیں اور پھر طواف وداع کیا جاتا ہے۔

نوٹ: کنکریوں کی تعداد 49 ہے جو اس ترتیب سے ماری جاتی ہیں۔ 21، 21 اور 7 کنکریاں ماری جاتی ہیں۔

خلفائے راشدین

ثقیفہ بنی ساعدہ؛ سعد بن عبادہ کے گھر نئے خلیفہ بننے کے بارے بات چل رہی تھی۔۔ حضرت ابو بکرؓ، عمرؓ اور عبیدہ بن جراح (عشرہ مبشرہ) اس کا حصہ تھے حضرت طلحہؓ نے قبر مبارک کے لیے جگہ کھودی، حضرت علیؓ، فضل بن عباسؓ اور اسامہ بن زیدؓ نے غسل دیا۔ حضرت علیؓ نے نمازِ جنازہ پڑھائی۔ تین دن جسد اطہر مدینے میں رہا۔ آخری ایام اور وفات کی جگہ حضرت عائشہ کا حجرہ مبارک تھا۔ **اختلاف:** مذکورہ بالا تینوں عشرہ مبشرہ صحابی ثقیفہ بنی ساعدہ میں گئے جہاں پر انہوں نے اور باقی لوگوں نے حضرت ابو بکرؓ کے ہاتھ پر بیعت کر لی۔ باغِ فدک: حضورؐ کی زندگی میں ہی یہ باغ بغیر لڑائی کے مسلمانوں نے جیت لیا تھا اس لئے مال غنیمت میں نہ شامل ہوا اور حضورؐ نے اپنے خاندان کے لئے وقف کر دیا تھا لیکن حضرت ابو بکر نے فاطمہ کو یہ باغ دینے سے انکار کر دیا جس وجہ سے فاطمہؓ اور ابو بکرؓ کے درمیان بول چال بند تھی حضرت ابو بکر کا ماننا تھا کہ نبی کا ترکہ امت کی میراث ہوتا ہے۔ حضورؐ کی وفات کے 6 ماہ بعد 27 سال کی عمر میں حضرت فاطمہؓ کا بھی انتقال ہو گیا۔ حضرت علیؓ نے فاطمہؓ کی وفات کے بعد ابو بکرؓ کے ہاتھ پر بیعت کر لی۔

حضرت ابو بکر صدیقؓ

قبیلہ بنو تمیم والد ابو قحافہ (مسلمان) والدہ سلمہ بنت صخر (ام الخیر) حضرت ابو بکر نے چار نکاح کئے ۔

۱ -(قتیلہ) مسلمان نہ ہوئی تھی ان کے بطن سے اسماء بنت ابی بکر ، عبداللہ بن ابی بکر پیدا ہوئے۔

۲-(ام رومان) آپ کے بطن سے حضرت عائشہؓ اور عبدالرحمن بن ابی بکر۔

۳-(ام عمیس) بطن سے محمد بن ابی بکر بکر پیدا ہوئے آپ جعفر طیارؓ کی بیوی تھیں۔

۴ -(حبیبہؓ بنت خارجہ)

خلافت

آپ کا عرصہ خلافت 2 سال 03 ماہ (13 ربیع الاول 11 ہجری سے 15 جمادی الثانی 13 ہجری) رہا. 63 سال کی عمر میں وفات پائی۔ آپ اپنی وفات کے وقت عمرؓ کو اگلا خلیفہ نامزد کر کے چلے گئے۔ حضرت ابو بکر ؓ کی خلافت کے دوران **چیلنجز**: تین بڑے مسائل حضورؐ کے بعد آئے جو کہ درج ذیل ہیں؛۔ جھوٹے نبی۔ **مرتدین**: گیارہ لشکر خالد بن ولیدؓ کی سربراہی میں روانہ کئے۔ **منکرین زکوٰۃ**: زکوٰۃ سے انکار کرنے والے۔۔ لشکر اسامہ۔ جھوٹے نبی: چار لوگوں نے نبی ہونے کا دعوٰی کیا۔ ا۔ اسود عنسی: یمن سے تعلق تھا، حضورؐ کی زندگی میں ہی قتل کر دیا گیا تھا (لیکن خبر بعد میں ملی۔) ب: مسلیمہ کذاب: یمامہ سے تعلق تھا، عکرمہ بن ابی جہل کو بھیجا قتل کرنے کے لئے۔ ج: سجاح بنت حارث (عورت) یمن سے تعلق تھا۔ خالد بن ولیدؓ کو بھیجا گیا۔ د: طلیحہ بن اسدی: بحرین سے تعلق تھا، خالد بن ولید ؓ لشکر لے کر گئے لیکن یہ بھاگ گیا اور بعد میں مسلمان ہو گیا تھا۔ بنو تمیم: اس قبیلے کے پانچ سردار تھے، بہت بڑا قبیلہ تھا ایک کا نام مالک بن نویرہ تھا۔ مالک بن نویرہ کے ساتھ سجاح بنت حارث مل گئی جسے بعد میں سجاح چھوڑ کر چلی گئی اور اپنے دعوٰی سے دستبردار ہو گئی، مالک بن نویرہ پہلے مسلمان تھا لیکن بعد میں مرتد ہو گیا تھا اس کی بیوی انتہائی خوبصورت تھی جب خالد بن ولید لشکر لے کر پہنچے تو اس نے Negotiations کی گزارش کی لیکن خالد بن ولید ؓ نے اسے قتل کر دیا اور بغیر عدت کے انتظار کئے اس کی بیوی سے شادی کر لی جو کہ بعد میں اختلاف کی وجہ بنی اس واقعہ پر عمرؓ نے کہا کہ خالد بن ولید کو بلا کر اس پر زانی کی سزا رجم نافذ کی جائے، لیکن ابو بکرؓ نے کہا کہ معاملہ مفاہمت سے حل کریں گے۔ لیکن بعد میں ابو بکرؓ کا فیصلہ ٹھیک ثابت ہوا خالد بن ولید نے اسلام کے لیے بہت سی فتوحات میں حصہ لیا۔

لشکر اسامہ

08 ہجری ، غزوہ موتہ، بُصرہ کے گورنر حاکم بن ابی شمر کے نمائندے حارث بن عمیر عذدی نے سفیر شجاع بن وہاب کو قتل کر دیا تھا۔ حضورؐ نے زید بن حارثؓ (منہ بولے بیٹے) کو اپنا نمائندہ بنا کر بھیجا سفیر کے قتل کا بدلہ لینے کے لئے۔ پہلے تو حضورؐ خود ساتھ گئے لیکن مقام جُرف سے واپس آ گئے آپ ؐ نے زید بن حارث کو ہدایات دیں کہ پہلے اسامہ بن زید شہید ہو جائیں تو ، پھر جعفر طیارؓ پھر تیسرے شہید عبداللہ بن رواحہ جب شہید ہو جائیں تو جس کو تم بہتر سمجھو کمانڈر بنا دینا۔ تینوں کے شہید ہونے کے بعد خالد بن ولید کو کمانڈر بنا دیا گیا۔ ان کی 9 تلواریں اس جنگ موتہ میں ٹوٹیں تو آپ نے ٹیکنیکل move کھیلی اور رومی فوج کے ایک لاکھ کے لشکر سے اپنے 6 ہزار لوگوں کو بچا کر واپس لے آئے۔

حضرت جعفر طیارؓ: سریہ موتہ میں جعفر طیارؓ کو جب جھنڈا ملا تو ان کے دونوں ہاتھ کٹ گئے تھے تو حضورؐ نے فرمایا کہ انکے دونوں ہاتھوں کی جگہ اللہ نے پر لگا دیئے اسی لئے ان کو جعفر طیارؓ کہتے ہیں۔ اس کے بعد حضورؐ نے ایک اور لشکر تیار کیا جسے لشکر اسامہ کہتے ہیں، جو اسامہ بن زید کی قیادت میں گیا اس وقت اسامہ بن زید کی عمر18 سال تھی، حضرت اسامہ حضرت ام ایمن کے بیٹے تھے جس کو حضورؐ اپنی ماں کہتے تھے۔ آپ اپنے والد زید بن حارث کا بدلہ لینے نکل پڑے لیکن جب مقام جرف پر پہنچے تو ان کو خبر ملی کے حضورؐ کا وصال ہو گیا ہے لہذا آپ لشکر واپس لے آئے اور حضورؐ کو غسل بھی دیا۔ حضورؐ کی وفات کے بعد ابو بکر ؓ نے اس لشکر اسامہ کو روانہ کیا اور ساتھ عمرؓ کو بھی بھیجا۔ چونکہ کہ عرب کے بہت سے لوگ مرتد ہو گئے تھے تو لوگوں نے ابو بکرؓ کو مشورہ دیا کہ اتنے لوگوں کو اُدھر نہ بھیجیں کہیں پیچھے سے مرتدین آپ پر حملہ نہ کر دیں لیکن ابو بکرؓ نے حضورؐ کی بات پوری کی اور لشکر کو خود روانہ کیا جاتے ہوئے عمرؓ کو واپس لے آئے عبوری معاملات میں مدد کے لئے۔ لشکر اسامہ نے40 دن بارڈر پر پٹرولنگ کی اور واپس آئے۔ لشکر سے موتہ والے ڈر گئے اور باہر ہی نہ نکلے۔

مسلیمہ کذاب؛ یمامہ: عکرمہ بن ابی جہل گئے لیکن جب حالات کنٹرول سے باہر ہوئے تو مثنیٰ بن حارث گئے۔ ادھر خالد بن ولید طلیحہ بن اسدی سے فارغ ہو کر انکے ساتھ شامل ہو گئے۔ طلیحہ بن اسدی بعد میں جنگِ نہروان میں شہید ہوا تھا۔ ان تینوں نے مل کر جنگ یمامہ لڑی مسلیمہ کذاب کے خلاف تھی۔ اس جنگ میں700 حفاظ کرام شہید ہو گئے اور500 لوگ بھی شہید ہوئے یعنی ٹوٹل1200لوگ شہید ہوئے۔ بعد میں اسی جنگ یمامہ میں مسلیمہ کذاب کو وحشی بن حرب جو کہ جبیر بن معطم کا غلام تھا اُس نے قتل کر دیا۔ یہ وحشی بن حرب وہی تھا جس نے جنگ احد میں حمزہؓ کو شہید کیا تھا اس طرح مسلیمہ کذاب کو قتل کر کے انہوں نے اپنے اوپر لگے داغ کو دھو ڈالا۔ حضرت ابو بکر ؓ نے بڑے احسن طریقے سے ان مسائل کو حل کیا۔

تدوین قرآن

جب جنگ یمامہ میں700 حفاظ کرام شہید ہو گئے تو ایک صحابی حذیفہ بن یمان جو کہ رازدارِ رسول ہیں بلکہ آپ جب کسی کا جنازہ نہ پڑھتے تھے تو لوگوں کو پتہ چل جاتا تھا کہ فوت ہونے والا منافق تھا۔ آپ نے ابو بکر ؓ کو تدوین قرآن کا مشورہ دیا ان کے علاوہ عمرؓ نے بھی مشورہ دیا حضرت زید بن ثابت کی سربراہی میں7 رکنی کمیٹی بنائی، آپ نے18/17 دنوں میں عبرانی (Hebrew)زبان سیکھ لی تھی اور سریانی (Syriac)زبان بھی سیکھ چکے تھے۔

تدوین قرآن کا طریقہ کار

ہر بندہ جس کے پاس کوئی آیت لکھی وہ لے کر آئے اور ساتھ دو گواہ لائے کہ میرے سامنے اس نے یہ لکھا اور حضورؐ نے تصدیق کی اور اس کے بعد7 رکنی کمیٹی دوبارہ اس کی تصدیق کرتی تھی۔ اس طرح قرآن پاک کو ایک کتاب کی شکل دی گئی۔

2آیات پر مسئلہ: سورۃ احزاب: آیت نمبر23 اس کا صرف ایک گواہ موجود تھا، سورۃ توبہ: آخری 2 آیات129 & 128 نمبر یہ حل ہو گیا تھا۔ سورۃ احزاب آیت نمبر23 کا گواہ خذیمہ بن ثابت تھے۔ اس لئے ان کو ذو شہادتین بھی کہتے ہیں یعنی ان کی گواہی2 لوگوں کے برابر ہے۔

خذیمہ بن ثابت کا واقعہ: ایک دفعہ ر حضورؐ نے ایک یہودی سے اونٹ خریدا اور وہ مکر گیا تو گواہ نہ ملا تو خذیمہ بن ثابت گواہ بن گئے تو حضورؐ نے کہا تم تو ادھر تھے ہی نہیں، تو آگے سے آپ نے کہا کہ ہم آپ ؐ کو صادق اور امین مانتے ہیں، تو پھر آپ ؐ نے ان کو کہا کہ آج سے تمہاری گواہی2 لوگوں کے برابر ہے۔ اس طرح سورۃ احزاب کی آیت نمبر23 کا مسئلہ حل ہو گیا۔ مثنیٰ ابن حارث شیبانی قبیلہ کے سردار تھے۔ یہ حضرت ابو بکر کے پاس آئے اور کہا کہ ساسانی سلطنت کا خسرو پرویز بھی مر گیا ہے اور شیرو ان اس کا بڑا بیٹا جس نے باقی18 کو بھی مار دیا تھا وہ بھی ایک سال بعد مر گیا ہے۔ اس خسرو پرویز

کا بس ایک ہی چھوٹا سا بچہ ہے اس کا نام یزدگرد ہے۔ خسرو پرویز کی ایک بیٹی تھی بوران بخت اس کو حکمران بنا دیا گیا جب تک اس کا بھائی یزدگرد جوان نہیں ہو جاتا۔ مثنی ابن حارث نے کہا عورت کے کنٹرول میں اب ساسانی امپائر ہمارا آسان شکار ہے۔ اگر آپ مجھے اجازت دے دیں تو میں ادھر اپنے قبیلے شیبانی سے اٹھ کر تہس نہس کر دو گا۔ ابو بکر نے کہا میں تمہیں مدد بھی بھیجوں گا۔

مصلحت : عراق اس کا سنٹر بنتا تھا اگر یہ فتح ہو جاتا تو دونوں امپائر کے خلاف لڑنا آسان تھا۔ حضرت ابو بکر نے مثنی ابن حارث کو عراق کے لئے بھیج دیا۔ ادھر شیبانی قبیلہ کے پاس بحرین میں علاء حضرمی جو کہ منذر بن ساویٰ کے پاس خط لے کر گیا تھا وہ بھی مثنی ابن حارث شیبانی کے ساتھ ساسانی سلطنت پر حملہ کرنے گیا۔ لیکن ان سے حالات کنٹرول نہ ہو سکے، پھر ابو بکر نے ان کی مدد کے لئے قعقعہ بن معبت کو بھیجا، پھر دو اور لوگوں خالد بن ولید ؓ اور ایاز بن غنم کو بھیجا۔ خالد بن ولیدؓ کو ان سب کا کمانڈر بنا دیا اور اس طرح حضرت ابو بکر ؓ کے دور میں عراق فتح ہو گیا۔

شام کی طرف ابو بکر ؓ نے چار کمانڈرز کو بھیجا.

Towards Roman Empire **دمشق :** یزید بن ابی سفیان، **حمص :** ابو عبیدہ بن جراح، **اردن:** شرابیل بن امر، **فلسطین :** امر ابن العاص۔ ابو بکر کے چاروں کمانڈرز کو دشمن نے گھیر لیااور ابو عبیدہ بن جراح جو حمص میں تھے ان پر بھی حملہ ہو گیا تھا جو کہ ہرقل نے کیا تھا۔ ابو بکرؓ نے خالد بن ولیدؓ سے کہا کہ عراق اب محفوظ ہے تم ان کی مدد کے لئے Syrian Desert پار کر کے جاؤ۔ خالد بن ولید نے دس ہزار کی فوج) ٹوٹل20 ہزار لی اور شام کی طرف روانہ ہوگئے۔ پیچھے عراق کا Region بھی کمزور ہو گیا۔ ادھر خالد بن ولید عبیدہ بن جراح کی جگہ حمص کے کمانڈر بن گئے۔ عراق میں مثنی ابن حارث رہ گئے تھے وہ بھاگتے ہوئے ابو بکر کے پاس آئے اور بتایا حملہ ہو گیا ہے مدد چاہئیے لیکن ابو بکر اس وقت بیمار ہو چکے تھے اور انہوں نے عمر کو خلیفہ نامزد کر دیا تھا۔ ادھر چار کمانڈر اور خالد بن ولید کا معاملہ محرم13 ہجری میں ہو رہا تھا اور ادھر جمادی الآخر13 ہجری میں ابو بکر ؓ وفات پا گئے۔

یہاں سے اگلے معاملات اب حضرت عمرؓ کے پاس آ گئے۔ ساسانید ایمپائر ختم ہو جائے گی اور Bazantine بھی بہت کمزور ہو جائے گی۔ 22لاکھ مربع میل پر عمر کی حکومت ہو گی۔ 636ء میں عمر کے دور میں دو جنگیں ہو ں گی۔

حضرت عمرؓ583-644ء

حضرت عمر کے والد کا نام خطاب، والدہ کا نام حنتمہ بنت ہشام، قبیلہ بنو عدی، ہجرت سے40 سال پہلے پیدا ہوئے اور چھ نبوی میں حضرت حمزہ کے قبول اسلام کے تین دن بعد ذوالحج میں اسلام قبول کیا۔ خلافت کا دورانیہ جمادی الآخر13 ہجری سے 01 محرم2 ہجری(10 سال6ماہ) .وفات01 محرم 24 ہجری ہے۔
حضرت ابو بکر کے دور میں ایران اور عراق اور شام، ساسانی اور رومی سلطنت کے خلاف محاذ تو کھولے ہوئے تھے لیکن ابھی تک فتوحات نہیں ہوئی تھی۔
حضرت عمر کی فتوحات : ساسانی سلطنت پوری ختم کر دی تھی، عراق، ایران، شام، آرمینیا، لیبیا، مشرقی اناطولیہ، مصر اور خراسان یہ سب علاقے فتح ہوئے۔ ساسانی ایمپائر(Persian Empire) کا آخری حکمران خسرو پرویز کا سب سے چھوٹا بیٹا یزد گرد تھا۔ رومن ایمپائر کا حکمران ہر قل تھا۔

جنگ یرموک: یہ جنگ رومن امپائر کی طرف بھیجے ہوئے چاروں کمانڈرز نے636ء (15 اگست سے 20 اگست) رجب14 ھ میں لڑی۔

جنگ قادسیہ(20 ستمبر 636ء) : یہ جنگ رمضان14 ھ میں ساسانی ایمپائر کے خلاف لڑی گئی۔ بحر ظلمات Tigriss River جس کو دریائے دجلہ بھی کہتے ہیں۔ دوسری فتح جس مین مدین کا علاقہ، یزد گرد عراق مدائن سے بھاگ کر ایران کے بارڈر پر جا بیٹھا۔

فلسطین: مسلمانوں نے اسکو تینوں طرف سے گھیر لیا۔ فلسطین میں اس وقت عیسائی بستے تھے۔ عمرو بن العاص اور شرابیل بن عمرو نے معاہدہ کی پیش کش کی تو عیسائیوں نے کہا کہ ہماری کتاب میں لکھا ہے کہ - یہ ایک درویش کے ہاتھوں میں فتح ہو گا۔ جس پر ابو عبیدہ بن جرح نے عمر کو کہا کہ آپ آجاؤ پھر یہ فتح ہو جائے گا۔ جب عمرؓ ایک اونٹ اور ساتھ غلام کو لے کر فلسطین کی طرف چل پڑے اور پہنچے تو حضرت عمر نے اونٹ کی نکیل پکڑی ہوئی تھی اور غلام اوپر بیٹھا تھا، تو عیسائی بول پڑے کہ ہماری کتاب میں یہی نشانیاں لکھی ہوئی ہیں، انہوں نے کہا کے اگر آپ کی قمیض پر 18 پیوند لگے ہیں تو یہی نشانی ہے جب دیکھا گیا تو آپ کی قمیض پر 18 پیوند لگے تھے۔ لہذا عیسائیوں نے فوراً بیت المقدس (فلسطین) کی چابیاں حضرت عمر کے حوالے کر دیں۔ فلسطین 16 ہجری 637ء میں فتح ہو گیا۔ خالد بن ولید کی وفات 642ء میں ہوئی۔ 644ء میں عمرو بن العاص نے مصر بھی فتح کر لیا اس وقت مقوقس کی حکومت تھی آپ کو فاتح مصر بھی کہا جاتا ہے۔ لیبیا بھی آپ نے فتح کیا۔ 642ء میں جنگ نہروان ہوئی ساسانی امپائر تقریباً ختم ہو گئی اور یزد گرد چھپ گیا۔

حضرت عمرؓ کے انتظامی امور

امیر المومنین کا خطاب سب سے پہلے آپؓ کے لئے استعمال ہوا۔ مردم شماری، دریا فرات کے کنارے 2 شہر آباد کئے کوفہ اور بصرہ میں فوجی چھاؤنیاں قائم کیں۔ Standing Army کا محکمہ بنایا، بیت المال کا قیام، مجلس شوریٰ کا قیام عمل میں لائے۔ تراویح باجماعت شروع کروائی۔ جب آپ رمضان میں مسجد نبوی میں گئے تو ہر بندہ اپنی اپنی تراویح پڑھ رہا تھا تو آپ نے با جماعت کا حکم دیا۔ جیل کا نظام، ہجری کیلنڈر کا اجراء 16 ہجری میں کیا، جلاوطنی کی سزا متعارف کروائی، پولیس کا محکمہ قائم کیا، فجر کی اذان میں الصلوۃ خیر من النوم کا اضافہ کروایا، گھوڑوں پر زکوۃ عائد کی جسے بعد میں علیؓ نے ختم کر دیا تھا اپنی خلافت کے دوران، مال فے متعارف کروایا یعنی مالِ غنیمت پر آنے والی نسلوں کا بھی حق ہے اس لئے اسے بیت المال میں جمع کروایا جائے۔ عدالتی نظام اور نہر امیرالمومنین کی کھدوائی کروائی جو کہ عراق کے اندر دریائے فرات سے نکالی گئی۔ اس وقت کوفہ کے گورنر قاضی شریح، شام کے گورنر ابو درداء اور چیف جسٹس حضرت علیؓ تھے۔ حکومت کو 8 صوبوں میں تقسیم کیا ہوا تھا، سعد بن ابی وقاص جب کوفہ کے گورنر تھے۔ آپ نے اپنی زندگی کے آخری ایام میں ہٹا کر سعد بن ابی وقاص کو ہٹا کر مغیرہ بن شعبہؓ کو گورنر کوفہ لگا دیا تھا۔ محکمہ ڈاک حکومتی سطح پر آپ نے شروع کیا۔ خبر رسانی اور جاسوسی کا محکمہ بھی آپ نے متعارف کروایا۔ جنگ قادسیہ میں ایرانی فوج کا کمانڈر رستم تھا اور ابو بکر کے دور میں ہُرمُز تھا۔

حضرت عمر ؓ کی شہادت

ابو لولو فیروز ایران سے تعلق رکھنے والا تھا جس نے 27 ذوالحج کو نماز فجر کی امامت کے دوران آپ ؓ پر اپنے زہر آلود خنجر سے 6 وار کئے اور 01 محرم کو زخم کی تاب نہ لاتے ہوئے آپ کو شہید ہوگئے۔ مدینے میں قحط آگیا تھا تب آپ نے چوری کی سزا ہاتھ کاٹنے کی معطل کر دی تھی۔ 18 ہجری میں طاؤن کا مرض شام کے علاقے میں پھیلا تو 25,000 لوگ شہید ہو گئے۔ آپ نے دریائے نیل کو خط لکھا تھا اگر تو اپنی مرضی سے بہتا ہے تو بھلے نہ بہہ لیکن اگر اللہ کی مرضی سے بہتا ہے تو بہنا شروع کر دے تو دریائے نیل میں پانی بہنا شروع ہو گیا تھا۔

حضرت عمرؓ کا جنازہ

حضرت عبدالرحمن بن عوف نے پڑھایا، آپ ؓ کے بیٹے عاصم کو شراب نوشی کے الزام میں 80 کوڑے مارے گئے۔ جب اس کو 40 کوڑے لگے تو وہ مر گیا تو باقی 40 کوڑے اس کے مردہ جسم کو مارے گئے۔

عثمانِ غنی(محرم24ھ تا35ھ۔ نومبر656-644)

آپ کا نام عثمان اور کنیت ابو عبداللہ تھی، قبیلہ بنو امیہ تھا، والد کا نام عفان اور والدہ کا نام اروٰی تھا، پیشہ تجارت تھا، خلافت کے وقت آپؓ کی عمر70سال تھی آپؓ حضورؐ سے تین سال چھوٹے تھے۔ شہادت کے وقت آپ کی عمر82 سال تھی، شہادت کے وقت آپکی بیوی نائلہؓ ساتھ تھیں اور ان کی بھی انگلی کٹ گئی تھی۔ 40 دن تک آپ کا محاصرہ کیا گیا750 بلوائیوں کو جو مصر، کوفہ اور بصرہ سے تھے کے خلاف بغیر کسیResistance کے اپنی جان دے دی۔ حضرت حسن اور حسینؓ آپ کی حفاظت کی ڈیوٹی انجام دے رہتے تھے یہاں پر خلافت ڈگمگانے لگی۔ حالانکہ علاقہ عمر سے بھی دوگنا ہو گیا تھی یعنی44 لاکھ مربع میل۔ آپ نے11 سال11ماہ18دن حکومت کی، اور شہادت18 ذاوالحج35ھ کو ہوئی۔ شہادت کے بعد تین دن تک آپ کا جسد خاکی بے گورو کفن پڑا رہا۔ 17لوگوں نے آپ کی نماز جنازہ پڑھی جسکی امامت جبیر بن معطم نے کی۔

حضرت عثمانؓ کے دور میں فتوحات: کابل اور سندھ فتح ہوئے، امیر معاویہ نے آپ کی ہدایات پر پہلا اسلامی بحری بیڑا قبرص پر حملے کے لئے بھی تیار کیا، طرابلس اور مرکش بھی آپ کے دور میں فتح ہوئےTunisia بھی فتح کیا، عمرو بن العاص کے بھتیجے عقبہ بن نافع نے فتح کیا، Cyuprus بھی عثمان کے دور میں فتح ہوا۔ تبوک کے موقع پر سارے لشکر کے ایک تہائی اخراجات آپ نے برداشت کیے تھے، افریقہ آپکے دور میں فتح ہوا، ہجرت حبشہ کے وقت آپ امیر قافلہ تھے، آپکے عہد میں والیء بصرہ ابو موسی اشعری تھے۔

گورنر کی تقرری: حضرت عثمانؓ نے یہودی سے کنواں بیئر رومہ20 ہزار درہم میں خرید کر مسلمانوں کو دیا، حضرت عثمانؓ بہت زیادہ با حیا تھے یہاں لکھے گئے معاملات تاریخ ہیں اور حضرت عثمان نرم دل اور صلح رحمی کرنے والے صحابی تھے جس کا فائدہ ان کے بعض رشتہ داروں نے اٹھایا، حضرت عمر کے دور میں گورنر کی دو شرائط تھی ایک یہی کہ دو سال سے زیادہ گورنر نہیں رکھنا دوسرا اپنے خاندان سے نہ ہو، لیکن حضرت عثمانؓ نے ان باتوں کا خیال نہ رکھا اور اس کی وجہ ان کی نرم دلی اور صلح رحمی تھی۔ ابتدائی دور میں کوفہ کا گورنر مغیرہ کو ہٹا کر سعد بن وقاص کو لگا دیا پھر ان کو معزول کر کے اپنے دودھ شریک بھائی ولید بن عقبہ ابی معیط جو کہ عقبہ بن ابی معیط کا بیٹا تھا کو گورنر کوفہ بنا دیا۔ ولید بن عقبہ بن ابی معیط صرف24 سال کا تھا۔ یہ عقبہ بن ابی معیط وہی تھا جس نے حضورؐ کے گلے میں کپڑا ڈال کر کھینچ دیا تھا اور پھر ابو بکر نے آکر چھڑوایا تھا۔ پھر بدر کے70 قیدیوں میں یہ بھی شامل تھا، عقبہ بن ابی معیط کے بارے میں حضورؐ نے عاصم ؓ کو کہا تھا کہ اسکی گردن اڑا دو لیکن بعد میں عثمان ؓ نے اس کے بیٹے کو کوفہ کا گورنر لگا دیا۔ یہ شراب کا عادی تھا اس نے شراب کے نشے میں فجر کی نماز پڑھا دی، نماز کے بعد کہتا ہے کہ اگر آپ لوگ کہتے ہو تو اور پڑھا دیتا ہوں، لوگوں نے منہ سونگھا تو پتہ چلا کہ اس نے شراب پی ہوئی ہے اس کو80 کوڑے مارے گئے۔ فاتح مصر عمرو بن العاص کو بھی معزول کر کے ان کی جگہ عبداللہ بن ابی سراح کو لگا دیا گیا، یہ بھی حضرت عثمانؓ کا رضاعی بھائی تھا۔ عبداللہ بن سرح کو حضورؐ نے کاتب وحی میں شامل کیا تھا، کل کاتبین وحی42 ہیں۔ یہ مرتد ہو گیا اور مکہ جا کر لوگوں کو کہنا شروع ہو گیا کہ میں تو جو میرا دل کرتا تھا قرآن میں لکھ دیتا تھا۔ فتح مکہ کہ بعد حضورؐ نے چار لوگوں جن میں عبداللہ ابن خطل، عکرمہ بن ابی جہل، عبداللہ بن ابی سراح کے بارے میں کہا تھا کہ چاہے یہ لوگ کعبہ کے غلاف میں بھی لپٹے ہوں تو بھی ان کو زندہ نہیں چھوڑنا۔

امیر شام: معاویہ ؓ حضرت عمر کے دور سے گورنر چلے آرہے تھے حضرت عثمانؓ نے12 سال سے انہیں تبدیل نہ کیا۔ معاذ بن جبل حمص کے گورنر تھے ان کے انتقال کے بعد حمص کا علاقہ بھی معاویہ کو دے دیا، اردن کا علاقہ بھی انہیں کے حوالے کر دیا گیا، شرابیل بن عمرو کے انتقال کے بعد فلسطین کا علاقہ بھی ان کو دے دیا۔

حکم ابن العاص اور اسکا بیٹا مروان بن حکم: حضرت عثمانؓ کا چچا اور چچا زاد جس کو حکم ابن لعاص کو حضورؐ نے طائف میں جلاوطن کر دیا مدینہ سے یہ حضور کی نقل اتارتا تھا، اس کے بعد ابو بکر اور عمر نے بھی اس کو طائف سے واپس نہ آنے دیا۔ لیکن حضرت عثمانؓ نے ایک تو ان کو واپس بلا لیا اور ساتھ ہی اپنی بیٹی کی شادی بھی مروان بن حکم سے کر دی اور اسے چیف سیکرٹری بھی لگا دیا، اس نے بیت المال کا بے دردی سے استعمال کیا، یہاں تک کہ بیت المال سے کنڑول ختم ہو گیا، حضرت عثمانؓ جس محل میں شہید ہوئے وہاں پر700 گارڈز آپ کی حفاظت پر مامور تھے تو آپ اندازہ لگا لیں کہ منافقین کس درجے کے تھے۔

مصر سے قافلہ: مصر سے ایک قافلہ حضرت عثمانؓ کے پاس آیا۔ محمد بن ابی بکر ابو بکر کے بیٹے تھے اور اور ام عمیس میں سے تھے، ابو بکر کی وفات کے بعد حضرت علی کی شادی ام عمیس سے ہو گئی۔ اور علی نے محمد بن ابی بکر کی کفالت کی۔ قافلے نے مصر کے گورنر عبداللہ بن ابی سراح کی شکایات کیں کہ مہربانی کر کے اس کو تبدیل کر دیں، قافلہ کی ڈیمانڈ پر حضرت عثمانؓ نے محمد بن ابی بکر کو مصر کا گورنر بنا کر بھیج دیا، دوسری طرف مروان جو کہ چیف سیکرٹری تھا نے عبداللہ بن سراح کو خود ہی خط لکھ دیا کہ یہ جو لوگ آ رہے ہیں انکو کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ کر خود حکمرانی کرتے رہے۔ جب ان لوگوں کو اس خط کا علم رستے میں ہوا تو یہ واپس پلٹ کر آئے اور آکر حضرت عثمانؓ کو شہید کر دیا۔

حضرت عثمانؓ کے انتظامی امور

جامعہ القرآن، 8 رکنی کمیٹی تشکیل دی جس کی سربراہی زید بن ثابت کے پاس تھی، قرآن کو سات لہجوں میں پڑھا جا سکتا ہے، لیکن کتابی شکل میں ایک ہی لہجہ ہو گا اور وہ صرف قریش کا لہجہ ہو گا۔ اس کمیٹی کا کام تھا کہ قرآن کو قریشی لہجہ دیا جائے اور باقی سب نسخے ضائع کر دئے جائیں۔ سارے نسخے اکٹھے کر کے جلا دئے گئے اور ایک ہی نسخہ بنایا گیا جس کی 4 جلدیں تھیں۔ استنبول، تاشقند، جدہ اور پیرس میں یہ چاروں جلدیں اب بھی موجود میں ہیں، حضرت عثمانؓ نے جمعہ کی نماز میں دوسری اذان کا اضافہ کروایا، 28 ھ میں مسجد نبوی کی توسیع کروائی، سب سے زیادہ عرصہ خلافت کی، حضرت عثمانؓ سے ہونے والی تقرریوں کی وجوہات میں خاندان والوں سے صلح رحمی کی زیادتی، ضعیف اور بہت زیادہ نرم دل رکھنے والے تھے جس کا منافقین نے فائدہ اٹھایا۔

حضرت علی ؓ کی خلافت35ھ تا40 ھ۔661-656

والد کا نام ابو طالب، قبیلہ بنو ہاشم ابو تراب اور ابوالحسن حضرت علیؓ کی کنیت تھی۔ والدہ کا نما فاطمہ بنت اسد ہے، حضرت علیؓ کی پیدائش بیت اللہ میں 13 رجب ہجرت سے24 سال قبل ہوئی، بھائی عقیل اور جعفر طیار تھے بہنوں میں جمانہ اور ام ہانی تھیں جن کے گھر سے حضورؐ معراج پر تشریف لے گئے تھے۔ 24ذوالحجہ35 ھ کو خلافت کا پہلا دن تھا آپ کے ہاتھ پر سب سے پہلے مالک بن اشتر نے بیعت کی، بچوں میں سب سے پہلے حضرت علیؓ نے9 سال کی عمر میں اسلام قبول کیا۔ نہج البلاغہ آپکی کی کتاب ہے، آپ سے586 احادیث مروی ہیں، کوفہ کو دارالخلافہ آپ نے بنایا۔ خلافت میں آتے ہی آپ کو بہت سے مسائل کا سامنا کرنا پڑا، آپ نے فتوحات کی بجائے انتظامی امور پر زیادہ توجہ دی۔ جب عائشہؓ حج سے واپس آرہی تھیں تو آپؓ کو حضرت عثمان کی شہادت کا پتہ چلا۔ حضرت عائشہ، حضرت طلحہ اور حضرت زبیر نے حضرت علیؓ کے ہاتھ پر بیعت بھی نہ کی۔ یہ تمام لوگ بصرہ کی طرف چلے گئے اور دس ہزار کی فوج اکٹھی کر لی۔ انہوں نے قصاص عثمان لینا شروع کر دیا، 5/4لوگوں کی گردنیں اڑا دیں، حرقس بن زبیر جو قتل عثمان میں ملوث تھا اسکو جب قتل کرنے لگے توان کی فوج کے6 ہزار لوگ باغی ہوگئے۔ پھر حضرت علیؓ نے سہیل بن حنیف کو شام کی طرف گورنر بنا کر بھیجا اور بصرہ کی طرف عثمان بن حنیف کو گورنر بنا کر بھیجا، امیر معاویہ نے سہیل بن حنیف کو تبوک کے مقام پر روک دیا اور کہا کہ تم ادھر نہ آؤ تو انہوں نے ایک خالی خط حضرت علی کو بھیج دیا جب آپ نے دیکھا کہ خط میں کچھ نہیں لکھا تو تب حضرت علیؓ کو پتہ چلا تو انہیں اندازہ ہو گیا کیوں کہ خالی خط کا مطلب اعلان جنگ ہوتا تھا۔ تب آپ نے مدینہ

میں اعلان کیا کہ خلیفہ وقت کے خلاف بغاوت ہوئی ہے کیا آپ لوگ میرے ساتھ چلو گے تو صرف 900 لوگ تیار ہوئے۔ لیکن اس اثناء میں جب عائشہ کو عثمان کی شہادت کا پتہ چلا تو انہوں سے ادھر ہی پڑاؤ ڈالا اور بصرہ جانے کا ارادہ کیا لیکن باقی تمام امہات المؤمنین نے جانے سے انکار کر دیا صرف عائشہ ؓ، طلحہ اور زبیر بن عوام یہ تینوں لوگ بصرہ گئے اور بصرہ کے گورنر جس کو حضرت علیؓ نے تعینات کیا ہوا تھا نے دریافت کیا کہ آپ کس لئے آئے ہیں تو ان تینوں نے کہا کہ ہم قصاص عثمان لینے آئے ہیں۔ بصرہ آتے ہوئے جب عائشہ حوب کے پاس پہنچی تو کتوں نے بھونکنا شروع کر دیا تو حضرت عائشہ نے یہ دریافت کیا کہ یہ کونسی جگہ ہے تو لوگوں نے کہا یہ حوب کا مقام ہے تو آپ کو حضور کی بات یاد آگئی کہ حضورؐ نے فرمایا میری بیوی پر حوب (بنو عامر کے مقام پر) کتے بھونکیں گے اس وقت وہ حق پر نہیں ہو گی لہذا آپ نے واپس جانے کا ارادہ کیا تو بقیہ دو صحابہ نے کہا کہ ہم ویسے ہی چلتے ہیں جنگ نہیں کریں گے اور صلح صفائی سے معاملے کو نمٹالیں گے۔ ادھر جا کر گورنر شام عثمان بن حنیف سے کنٹرول لے لیا اور قتل عثمان میں ملوث لوگوں کی گردنیں اڑانا شروع کر دیں۔ جب حر قوس بن زہیر کی گردن اڑانے لگے تو 10 ہزار میں سے 6 ہزار فوج نے بغاوت کر دی۔ دوسری طرف حضرت علیؓ بھی ادھر 900 لوگوں کا لشکر لے کر آگئے اور بصرہ سے پہلے ایک جگہ پر قیام کیا۔ عمار بن یاسر اور حسن کو کوفہ بھیجا اس وقت ابو موسی اشعری کوفہ کا گورنر تھا۔ حضرت حسن ؓ نے تقریر کی اور لوگوں کو کہا کہ آپ ہمارا ساتھ دیں۔ عمار بن یاسر کی عمر اس وقت 90 سال تھی۔ ابوسعید خدری سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ایک بار فرمایا تھا کہ عمار بن یاسر باغی جماعت سے شہید ہوں گے۔ آپ دونوں نے 10 ہزار کا لشکر اکٹھا کر لیا۔ حضرت علی کی طرف سے دو لوگ مصلحت کے لئے گئے جن میں ایک تعقہ بن عمرو شامل تھے۔ ان لوگوں نے جا کر حضرت عائشہ، طلحہ اور زبیر بن عوام سے بات کی لیکن وہ بدلہ لینے پر اڑے رہے ان لوگوں نے کہا کہ آپ ایک بار حضرت علی کو خلافت سنبھال لینے دو پھر عثمان کی شہادت کا بدلہ لیں گے تو یہ لوگ مان گئے لیکن جن لوگوں نے عثمان کو قتل کیا تھا ان کو خوف پڑ گیا کہ اس طرح تو ہم زندہ نہیں بچیں گے۔ انہوں نے ایک چال چلی اور دونوں لشکروں کو آپس میں لڑوا دیا۔ اسے جنگ جمل کہتے ہیں یہ 36 ھ 656ء میں ہوئی۔ اس جنگ میں حضرت عائشہ جمل اونٹ پر بیٹھ کر میدان جنگ میں آگئیں تھیں لوگوں نے آپ کو دیکھ کر اور جوش سے لڑنا شروع کر دیا تو علیؓ نے حکم دیا کے اونٹ کے پاؤں کاٹ دو تو جس سے عائشہ نیچے گری لیکن چوٹ نہ آئی اور جنگ رک گئی اور اس طرح کوفہ اور بصرہ کا کنٹرول دوبارہ حضرت علیؓ کے پاس آگیا۔ جنگ جمل میں عمر بن جرموز نے زبیر بن عوام کو جبکہ مروان بن حکم نے حضرت طلحہ بن عبیداللہ کو شہید کر دیا۔ یہ دونوں عشرہ مبشرہ کے صحابی ہیں۔

جنگ صفین 37 ھ بمطابق 657 ء کو ہوئی۔ حضرت علیؓ کے ساتھ 90 ہزار کی فوج تھی جب کہ حضرت امیر معاویہؓ کے ساتھ 80 ہزار کی فوج تھی عمرو ابن العاص بھی امیر معاویہ کی فوج میں شامل تھے۔ امیر معاویہ نے مدینہ سے حضرت عثمان کا خون آلود کرتا اور حضرت نائلہ کی کٹی ہوئی انگلی منگوا کر نمائش کی اور کہا کہ ہمیں خلیفہ عثمان کا قصاص لینا ہے اور اس طرح 80 ہزار لوگ تیار کر لئے۔ جنگ کے ابتدائی مراحل میں امیر معاویہؓ کے لشکر کے 45 سے 50 ہزار لوگ شہید ہوگئے۔ 9 صفر کو عمار ابن یاسر شہید ہو گئے۔ حضرت امیر معاویہ اور عمرو ابنا لعاص اکٹھے تھے۔ جب عمار بن یاسر شہید ہوئے تو عبداللہ بن امر ابن العاص میر معاویہ کے پاس گیا اور کہا کہ حضور نے کہا تھا کہ عمار بن یاسر کو باغی جماعت شہید کرے گی تو ہم تو باغی ہوئے اب تو جنگ بند کر دو۔ لیکن امیر معاویہ نے کہا حضرت علی لے آئے ہیں یہ شہید بھی انہوں نے ہی کروایا ہے حالانکہ عمار بن یاسر کو شہید کرنے والا شامی شخص تھا۔ جب امیر معاویہ نے اپنے آپ کو ہارتے ہوئے دیکھا تو قرآن کو نیزوں پر لے آئے جس کا مطلب ہوتا ہے کہ جنگ بند کی جائے اور فیصلہ اللہ کی کتاب کے مطابق کیا جائے۔ 2 لوگوں کو Mediator بنادیا گیا حضرت علیؓ کی طرف سے عبداللہ ابن عباس لیکن بعد میں ابو موسی اشعری کو بھیجا گیا اور امیر معاویہ کی طرف سے عمرو ابن العاص کو مقرر کیا گیا۔ اب ابو موسی عشری اور عمرو ابن العاص نے دونوں امیر معاویہ اور حضرت علیؓ کو معزول کرنے کا فیصلہ سنایا اور امت کو دوبارہ خلیفہ چننے کا مشورہ دیا، اس فیصلے کو عمرو ابن العاص نے فوراً مان لیا جب اعلان کیا گیا تو ابو موسی اشعری نے کہا کہ ہم دونوں کو معزول کرتے ہیں جب کہ عمرو ابن العاص نے کہا کہ میں صرف حضرت علیؓ کو معزول کرتا ہوں اور امیر معاویہ کو خلافت پر قائم رکھتا ہوں۔ عمرو ابن العاص اپنے معاہدے سے مکر چکا تھا۔ 6000 لوگ

حضرت علیؓ سے باغی ہو گئے اس وجہ سے کہ اس لئے کہ آپ نے اپنے نام کے ساتھ معاہدے میں امیر المومنین کا لفظ کیوں کاٹا ، یہ6000 لوگ عراق میں ہریرہ کے مقام پر جمع ہو گئے۔ اور کوئی بھی امیر معاویہ کو خلیفہ ماننے والا گزرتا تھا تو اس کو قتل کردیتے تھے۔ حضرت علی نے ان کی طرف عبداللہ ابن عباس کو بھیجا کہ ان کو کیا مسئلہ ہے تو انہوں نے کہا کہ ایک تو یہ کہ حضرت علیؓ نے معاہدے میں سے امیرالمومنین کا لفظ کیوں کاٹا تو اس کا جواب عبداللہ ابن عباس نے دیا کہ صلح حدیبیہ کے وقت بھی تو حضور ﷺ نے اپنے نام کے ساتھ رسول اللہ کا لفظ کاٹا تھا، دوسرا سوال کہ جب ہم جنگ جیت رہے تھے تو صلح کیوں کی؟ جواب : قرآن صلح کی پیشکش کا درس دیتا ہے آخری سوال6ماہ کہ لئے حکم(Ceasefire)کا کیوں کیا جواب :اللہ کا حکم ہے کہ اگر لڑائی ہو حکم متعین کر لو۔ ان باتوں سے2000 لوگ قائل ہو گئے اور واپس حضرت علیؓ کے پاس آگئے۔باقی4000 کے ساتھ ایک جنگ ہوئی جسے جنگ نہروان کہتے ہیں۔ جنگ نہروان38 ھ میں نہروان جو کہ عراق میں ہے کے مقام پر ہوئی۔ یہ جنگ خارجیوں کے خلاف ہوئی اور2800 لوگ مارے گئے۔ اسی جنگ کے دوران وہ بندہ بھی مل گیا جس کا ہاتھ کٹا ہوا تھا اور اس کا ٹنڈ عورت کے پستان کی طرح تھا۔جنگ نہروان کے بعد لوگ دن بدن حضرت امیر معاویہ کی طرف جانا شروع ہو گئے کیوں کہ حضرت علی بیت المال کے معاملے میں بہت سخت تھے۔

مصر کا گورنر: حضرت علیؓ نے قیس بن عمرو کو بدل کر محمد بن ابی بکر کو گورنر مصر لگا دیا جسے امیر معاویہ اور عمرو ابن العاص نے مل کر شہید کر دیااور گدھے کی کھال کے اندر ڈال کر ان کو آگ لگا دی، اس طرح مصر کا کنٹرول بھی ان کے پاس آگیا۔ حج کا وقت تھا خارجیوں میں سے جو آئے ہوئے تھے ہریرہ سے انہوں نے مشورہ کیا کہ ہم ان تینوں کا ہی قتل کر دیتے ہیں اور روز روز کی لڑائی ہی ختم کرتے ہیں لہذا حضرت علیؓ کو عبدالرحمن بن ملجم نے وار کر کے شہید کر دیا، امیر معاویہ پر جو حملہ ہوا وہ خطا گیا اور بچ گئے اور عمرو ابن العاص اس دن قدرتی طور پر مسجد میں فجر کی نماز پڑھنے ہی نا آئے اور وہ بھی بچ گئے۔عبدالرحمن ابن ملجم کوفہ کی مسجد میں بیٹھ گیا تھا اور19 رمضان کو حضرت علیؓ زخمی کر دیااور21 رمضان40ھ کو آپؓ کی شہادت ہو گئی۔عبدالرحمن کو بھی قتل کر دیا گیا تھا۔حضورؐ نے حضرت علیؓ کو ناقۃ اللہ کہا ہے، جیسے حضرت صالح کی اونٹنی تھی جو اللہ نے معجزہ دیا تھا لیکن ان لوگوں میں سے ایک بندہ جس کا نامAhmar تھا اس نے اس اونٹنی کی کوچیں کاٹ دی تھیں،

حضرت علیؓ کی شادیاں: آپ نے کل10 شادیاں کیں، پہلی شادی حضرت فاطمہؓ سے کی جو کہ2 ہجری میں ہوئی، باقی تمام شادیاں آپ نے حضرت فاطمہ جب وفات پا گئیں تو وفات کے بعد کیں، حضرت فاطمہ11ھ میں حضورؐ کی وفات کے چھ ماہ بعد وفات پا گئی تھیں۔

حضرت علیؓ کے بارے میں احادیث

حجۃ الوداع سے واپسی کے مقام پر10 ہجری میں خم کی جگہ پر خیمہ لگا یا گیا تو اس مقام پر آپ ؐ نے خطاب کیا کہ میرے بعد میرے اہل بیت کا خیال رکھنا بار بار یہ الفاظ دوہرائے۔اسی خم غدیر کے مقام پر حضورؐ نے حضرت علیؓ کا ہاتھ اپنے ہاتھ سے بلند کر کے کہا کہ ۔من کنت مولا ۔۔(میں جس کا آقا ہوں اس کا آقا علی ہے) ایک دفعہ حضرت علیؓ حضورؐ کی جوتی گانٹھ رہے تھے حضور ﷺ نے کہا کہ تم میں سے ایک بندہ باغیوں کے خلاف جہاد کرے گا تو صحابہ نے پوچھا وہ کون ہو گا تو حضور نے کہ تھے جو جوتی گانٹھ رہا ہے وہ ہو گا۔آپ کی کنیت ابو تراب بارے میں ہے کہ ایک بار حضرت علیؓ اور عمار بن یاسر زمین پر ہی لیٹ گئے تو حضور نے آپ کو مخاطب کرنے کے لیے کہا تھا اے ابو تراب اٹھو،تراب کا مطلب مٹی ہے۔غزوہ تبوک اور موتہ میں حضرت علی آپ شرکت نہیں کی تھی تبوک کے وقت حضور نے علیؓ کو مدینہ کا رکھوالا بنا کر گئے تھے۔جب آپؓ نے ساتھ جانے پر اسرار کیا تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ کیا تمہیں پسند نہیں جیسے موسیٰؑ اپنے بھائی ہارونؑ کو چھوڑ کر جاتے تھے ویسے ہی میں تمہیں چھوڑ کر جا رہا ہوں۔آپ کی والدہ نے آپ کو حیدر کرار کہا تھا ۔حضور ﷺ نے خارجی لوگوں کی ایک نشانی بتائی تھی کہ جنگ میں ایک بندہ ہو گا جس کا تھ کٹا ہوا ہو گا اور وہ ٹنڈ عورت کے پستان جیسی مشابہت رکھتا ہو گا۔

اولاد

کل22 بیٹے اور بیٹیاں تھیں۔ بیٹوں میں سب سے بڑے حضرت حسنؓ، حضرت حسینؓ(حضرت فاطمہ ؓ کے بطن سے ہیں) اور محمد بن حنفیہ اور بیٹیاں کلثوم اور حضرت زینب ؓ تھیں۔ حضور نے فرمایا کہ دنیا میں دو بد بخت ترین انسان ہیں۔ ایک وہ جس نے صالح کی اونٹنی کو مارا اور دوسرا وہ ہو گا جس حضرت علیؓ کے سر میں تلوار مارے گا اور آپ کی داڑھی لال کردے گا۔ عبدالرحمن ابن ملجم نے آپ کو کوفہ کی مسجد میں19 رمضان کو حملہ کیا، جس کے نتیجے میں 21رمضان المبارک کو حضرت علی نے شہادت پائی۔ آپ کا لقب اسد اللہ ہے۔ غزوہ بدر میں70 سرداروں میں سے 24 حضرت علیؓ نے شہید کیے تھے۔ غزوہ خندق میں ایک پہلوان کو قتل کیا۔ حضرت علیؓ نے ابوالاسودالدولی کے ذریعے قرآن مجید میں اعراب لگوائے۔

بیعت ِ حسنؓ

حضرت علی ؓ کے بعد تمام لوگوں نے حضرت حسنؓ کے ہاتھ پر بیعت کر لی اور تقریباً لاکھ لوگوں کا لشکر شام پر حملہ کے لئے تیار ہو گیا لیکن حضرت حسنؓ نہ مانے ۔ حضرت حسنؓ کے بارے میں حضور نے فرمایا تھا کہ کہ دو مسلمانوں جماعتوں کے درمیان صلح کروائے گا۔ حضرت حسنؓ نے امیر معاویہ سے مندرجہ ذیل پانچ شرائط پر صلح کر لی:

1۔ اللہ اور اور اس کے رسول کے مطابق حکومت کو چلائیں گے۔ انتقامی کاروائی ختم کردیں گے۔ پانچواں حصہ خمس کا بیت المال میں سے آلِ رسول کو ملے گا۔

4۔ ولی عہد نامزد نہیں کریں گے۔۔ آل رسول پر گالی گلوچ نہیں کریں گے۔ حضرت حسنؓ نے40 ہجری سے41 ہجری تک خلیفہ رہے۔ اور41 ھ ربیع الاول میں دور خلافت ختم ہو گیا۔

بنو امیہ750-661

کل چودہ خلفاء آئے۔ خاندان بنو امیہ کا بانی حضرت امیر معاویہؓ تھے۔ حضرت امیر معاویہ نے حکومت کی باگ ڈور661ء میں سنبھالی، بنو امیہ کا دور90 سال پر محیط ہے۔ حضور ﷺ کے دادا کی طرف عبدالشمس کی نسل بنوامیہ کہلاتی ہے۔ جو لڑائی والا قبیلہ تھا اور بنوہاشم کے پاس مذہبی امور کو دیکھنے کی ذمہ داریاں تھی ۔ حضرت امیر معاویہ ؓ نے19 یا20 سال تک حکومت کی ۔ چونکہ صلح حسن صرف معاویہ اور حسن کے درمیان ہوئی تھی ۔ لیکن کوفہ، بصرہ، مدینہ، مکہ اور ایران ومصر کے لوگ امیر معاویہ کے خلاف ہی تھے ۔ ان کو کنٹرول کرنے کے لیے کچھ سخت اقدامات کرنے پڑے۔ آپ ہی کی حکومت کے دوران بحری بیڑے تیار کئے گئے اور بہت سی فتوحات حاصل کی گئیں ۔ ان19 سالوں میں آل رسول کو بیت المال میں سے5 واں حصہ دیا گیا۔ اسی دوران فتوحات اسلام کوNorth Africa تک پہنچایا گیا اور اسلامی حکومت میں مزید علاقے شامل کرلیے گئے۔ قیروان شہر عقبہ بن نافع نے تیونس میں670ء میں فتح کیا۔ ایران اور خراسان کے علاقے کے علاوہ سینٹرل ایشیاء کے علاقے بھی اسلامی سلطنت کا حصہ بنے ۔

صلح حسن کے بعد گروہ: صلح حسن کے بعد چار مختلف گروہ بن گئے تھے۔ ان میں ایک گروہ شام میں تھا اور یہ گروہ حضرت امیر معاویہ کی حکومت کو سپورٹ کرتا تھا کیونکہ اس سے پہلے بیس سال سے حضرت امیر معاویہ دمشق کے گورنر تھے کیونکہ ان کے بھائی یزید بن ابی سفیان نے یہ علاقے فتح کیے تھے تو بھائی کی شہادت کے بعد گورنری کا حق انہیں کا بنتا تھا تو حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت عمر نے انہیں گورنر قائم رکھا۔ دوسرا کوفہ اور بصرہ والوں کا گروہ ہے جو حضرت علی کے چاہنے والے تھے مگر یزید کی فوجوں کے سامنے حضرت حسین کو بچا نہ سکے ۔ تیسرا توابین کا گروہ ہے جو یہ سمجھتا تھا کہ ہم نے حضرت حسین

کا ساتھ نہ دے کر بہت بڑی غلطی کی ہے اور اس کی توبہ ان کے انتقام کے راستے میں اپنی جان دینے سے ہی ہوگی۔ چوتھا اور آخری گروہ خارجی گروہ جس کو جنونیت گروہ بھی کہتے ہیں یہ وہ لوگ تھے جنہوں نے حضرت علی کو شہید کردیا تھا۔

غزوہ احد اور خندق میں مخالف لشکر میں حضرت معاویہ ؓ کے والد ابو سفیان تھے۔ امیر معاویہ نے اپنے بیٹے یزید کو اپنی زندگی56 ھ میں ہی اگلا خلیفہ نامزد کردیا اور60 ہجری میں یزید کو نصیحت کی کہ2 لوگوں سے تجھے خطرہ ہے ایک حضرت حسینؓ اور دوسرا عبداللہ بن زبیرؓ ہیں۔60 ہجری680 ء میں امیر معاویہ وفات پا چکے تھے اور یزید خلیفہ بن جاتا ہے۔ اس نے مصر، شام، کوفہ اور بصرہ میں جیسے تیسے کرکے اپنے ہاتھ پر بیعت کروالی۔ حضرت حسینؓ اور عبداللہ ابن زبیر ؓ حجاز میں تھے۔ ان کے پاس بیعت کے لیے یزید نے ولید بن عقبہ کو بھیجا اور ساتھ مروان بن حکم تھا۔ اس نے کہا ان دونوں کو ادھر ہی قتل کر دو ورنہ بات آگے نکل جائے گی۔ عبداللہ ابن زبیر زبیر بن عوام (حواری رسول) اور حضرت اسماء بنت ابی بکر کے بیٹے تھے۔ ان دونوں نے کہا کہ ہم سوچ کر جواب دیتے ہیں۔ عبداللہ ابن زبیر نے مکہ اور مدینہ سے سپورٹ اکٹھی کی۔ کوفہ والوں نے حضرت حسینؓ کو18000 خطوط بھیجے کہ آپ کے بڑے بھائی کی5 شرائط پر عمل نہیں کیا گیا لہٰذا ہم آپ کو خلیفہ چنتے ہیں۔ حضرت حسینؓ نے مسلم بن عقیل کو کوفہ بھیجا ادھر کے گورنر صحابی نے کھلے دل سے استقبال کیا اس بات پر یزید نے کوفہ کا گورنر تبدیل کر دیا اور عبیداللہ ابن زیاد کو گورنر بنا کر بھیج دیا۔ ابن زیاد حضرت حسین ؓ جیسا بھیس بنا کر کوفہ پہنچا اور جب تخت پر بیٹھا گیا تو اپنا چہرہ دکھایا تو سب ڈر گئے کہ یہ تو کوئی اور ہے۔ اس نے سب سے پہلے مسلم بن عقیل ؓ کو شہید کر دیا اور کوفہ والوں پر بہت ظلم کیا۔

حضرت حسینؓ کی طرف خط لکھا گیا کہ ادھر حالات ٹھیک ہیں حضرت حسین ؓ نے مکہ سے8 ذوالحج60 ھجری کو احرام کھولا اور اپنے گھر والے لوگوں کو لے کر کوفہ کہ طرف چل پڑے۔ آپ ؓ نے احرام حج کے لیے باندھا تھا پھر احرام اتار دیا۔2 محرم61 ہجری بمطابق اکتوبر680 ء کو راستے میں کربلا (دریائے فرات کے کنارے) کے مقام پر یزید کے لوگوں نے روک لیا اور آپ ؓ نے وہیں خیمے لگوادیے۔ ابن زیاد نے عمر ابن سعد (سعد بن ابی وقاص کے بیٹے) کی قیادت میں ایک لشکر کوفہ سے کربلا بھیجا۔ 61 ہجری میں واقعہ ء کربلا ہوگیا۔ دریائے فرات کے کنارے حضرت حسینؓ کو شمر نے شہید کر دیا۔ علی اکبر اور علی اصغر (جن کی عمر چھ ماہ تھی) حضرت حسین ؓ کے بیٹوں کو شہید کر دیا گیا، قاسم حضرت حسن ؓ کے بیٹے کو بھی شہید کر دیا گیا۔ امام زین العابدین اور عورتوں کے پاؤں میں زنجیریں ڈال کر دربار میں لایا گیا۔

واقعہ حرہ : یزید نے حضرت عبداللہ بن زبیر جو کہ حجاز میں حکومت بنا چکے تھے کی طرف اپنے ایک کمانڈر کو بھیجا اور اس نے منجنیق کی مدد سے کعبہ پر پتھر برسائے اور کعبہ کی بے حرمتی کی اور تین دن تک لشکر نے مکہ اور مدینہ میں لوٹ مار کی اور عورتوں کے ساتھ بدسلوکی کی۔ ابھی تک عبداللہ بن زبیر کی Resistance ختم نہیں ہوئی تھی کہ ادھر یزید683 ء میں مرجاتا ہے۔ اب حجاز اور مصر میں عبداللہ بن زبیر کی حکومت قائم ہوگئی جبکہ شام میں یزید کی جگہ **معاویہ دوئم** کی حکومت آجاتی ہے۔ معاویہ دوئم کا دور حکومت683 ء تا684 ء ہے۔ یہ ایک نیک انسان تھا اس نے خلافت خود چھوڑ دی کہ آل رسول کو شہید کرنے والی کرسی پر نہیں بیٹھ سکتا۔ اس کے بعد مروان بن حکم جو کہ حضرت عثمانؓ کے داماد تھے وہ خلیفہ بنتے ہیں جو کہ684 ء تا686ء تک خلیفہ رہتا ہے۔683 ء کے بعد فلسطین کے علاوہ سب جگہ عبداللہ ابن زبیر کی حکومت آجاتی ہے۔

عبدالمالک بن مروان686 ء تا705 ء تک حکومت کرتا ہے۔ اس نے اپنے ایک گورنر حجاج بن یوسف ثقفی سے کہا کہ میری جان عبداللہ بن زبیر سے چھڑا دے تو میں تمہیں مکہ اور مدینہ کا گورنر بنا دوں گا۔692 ء میں حجاج بن یوسف نے مکہ اور مدینہ پر حملہ کر دیا اور عبداللہ بن زبیر کو شہید کردیا۔ اس نے عبداللہ بن زبیر کا سر کعبہ کے دروزے پر لٹکادیا اور جو کہ سات دن تک لٹکتا رہا۔ عبداللہ بن زبیر کے والد زبیر بن عوام حضور ﷺ کی پھوپھی کے بیٹے تھے۔ آپؓ ہجرت مدینہ کے بعد مدینہ میں پیدا ہونے والے پہلے بچے تھے اور ان کو گھٹی بھی حضور ﷺ نے دی تھی۔ اس کے بعد عبدالمالک بن مروان نے فلسطین میں Dome of Rock بنوایا جو کہ یروشلم میں ہے۔ عبدالمالک بن مروان کے بعد اس کے چار بیٹوں نے حکومت کی۔ سب سے پہلے ولید بن

عبدالمالک705 ء تا715 ء تک حکومت کرتا ہے ۔ اس نے سینٹرل ایشیاء ، ساؤتھ ایشیاء اور سپین کو فتح کر لیا۔ اسی نے سندھ میں712 محمد بن قاسم کو لشکر دے کر بھیجا تھا اور محمد بن قاسم سندھ کو فتح کرتا ہوا ملتان تک پہنچ گیا تھاسینٹرل ایشیاء کو 711ء میں قطیبہ بن مسلم کو فتح کرنے بھیجااور 711 ء میں ہی اسپین میں موسی بن نصیر اور طارق بن زیاد کو بھیجا۔ امیہ حکومت کے ساتویں خلیفہ سلیمان بن عبدالملک 715 سے لے کر717 تک حکومت میں رہے۔ یہ ولید کے سوتیلے بھائی تھے اور حجاج اور اس کے خاندان سے نفرت کرتے تھے اسی وجہ سے انہوں نے بیرونی محاذوں پر بھیجے گئے وہ کمانڈر جو ان علاقوں کو فتح کر چکے تھے کو واپس بلوا کر اپنی مرضی کے لوگ وہاں تعینات کر دیے۔ واپس بلائے جانے والوں میں715 میں محمدبن قاسم کو قتل کردیا۔ موسی بن نصیر اور عقبہ بن نافع کو واپس بلا کر یہ حالت کر دی کہ وہ بھیک مانگنے پر مجبور ہوگئے۔ عبدالملک کی خواہش کے مطابق اب خلیفہ اس کے اگلے بیٹے یزید دوم کو بننا تھا۔ جیسا کہ ولی عہدی میں بہت مشکلات ہو رہی تھیں سلیمان بھی اپنے بیٹے کو بادشاہ بنانا چاہتا تھا مگر اس کے وزیر نے اس کو مشورہ دیا کہ اس کے برے وقت میں عبدالعزیز اور اس کے بیٹے مجدداول عمربن عبدالعزیز نے اس کے لیے جیل کاٹی تھی تو خلافت کا یہ مسئلہ حل کرنا اسی طرح سے ممکن ہوگا کہ اگر وہ اپنے بیٹے کی بجائے عمربن عبدالعزیز کو ولی عہد نامزد کر دے۔ تو اس نے ایسا ہی کیا۔ اس طرح بنوامیہ کے آٹھویں خلیفہ حضرت عمرفاروق کے ننھیالی خاندان کی نسل سے عمربن عبدالعزیز خلیفہ بنے اور انہوں نے717 ء سے720 ء (99 ھ سے 101 ھ) تک حکومت کی۔ اور خلافت راشدہ کی یاد تازہ کردی۔ آپ کو خلیفہ ء صالح بھی کہتے ہیں۔ آپ کی والدہ کا نام ام عاصم تھا جو عاصم بن خطاب کی صاحبزادی تھیں۔ آپ نے بنو امیہ کے سابقہ حکمرانوں کے غلط اقدامات درست کیے مثلاً حضرت علی اور آل رسول پر تبرا ، بند کروایا، باغ فدک آل رسول کے حوالے کیا، بنو امیہ کے خاندان کے تمام وظائف بند کردیے۔ بیت المال کو دوبارہ سے فعال کیا۔ نومسلموں سے جزیہ لینا بند کردیا۔ ذمی (مسلم سلطنت کا غیر مسلم باشندہ) کے خون کی قیمت مسلمان کے خون کے برابر کر دی۔ تدوین حدیث پر خصوصی توجہ تھی۔ وفات کے وقت کسی کو اگلا خلیفہ نامزد کیے بغیر جہان فانی سے کوچ کر گئے۔

یزید ثانی نے 720 ء سے 724 ء تک حکومت کی ۔ انہوں نے شروع میں عمربن عبدالعزیز کی پالیسیوں پر عمل کرنے کی کوشش کی مگر ناکام رہے۔ یہ عبدالملک بن مروان کے تیسرے بیٹے ہیں۔ اس کے بعد ہشام بن عبدالملک دسویں خلیفہ بنے اور انہوں نے 724ء سے 743 ء تک سب سے زیادہ عرصہ تک حکومت کی اور یہ عبدالملک کے چوتھے اور آخری حکومت کرنے والے بیٹے تھے۔ اس کے بعد744 ء میں ایک ہی سال میں تین خلیفہ بدلے جن میں ولید ثانی، یزید سوئم ، اور ابراہیم شامل تھے۔ پھر امیہ حکومت کے آخری حکمران744 ء سے750 ء تک مروان دوئم نے حکومت کی۔ جنہیں جنگ زاب میں عباس السفاح نے شکست دے کر امیہ حکومت کا خاتمہ کردیا اور ایک نئی سلطنت عباسیہ کی بنیاد رکھی۔

IQRA BIL

ABBASID EMPIRE

عباسی حکومت کو سمجھنے سے پہلے ہمیں حضرت علی کے خاندان کے بارے میں جاننا ہوگا کیونکہ آپ جانتے ہیں61 ھ میں سانحہ کربلا ہوا تو حضرت حسین کے وارث اپنے آپ کو حکومت کا اصل حقدار سمجھتے ہیں اور اس وجہ سے اس دور میں ان کے اور بنو عباس کے درمیان تنازعات ہوں گے اور حضرت علی کا خاندان اور ان کے ماننے والے آپس میں بھی تقسیم ہوں گے،

شیعہ کے 12 امام ہیں۔ کربلا میں حضرت زین العابدین زندہ بچے تھے ۔ تو ان کو توابین گروپ نے کہا کہ بدلہ لیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تم تب کہاں تھے جب میرے پورے خاندان کو شہید کیا جارہا تھا ؟ پھر انہوں نے بدلہ لینے والی بات پر کوئی جواب نہ دیا تو وہ لوگ شرمندہ تھے۔

حضرت علی ؓ کی ایک دوسری بیوی تھی جس سے ایک بیٹے محمد بن حنیفہ ؓ تھے وہ اس توابین گروپ کے لیڈر بن گئے ۔ پھر اس سے آگے مختار ثقفی ان کا کمانڈر بن گیا۔ پھر اس نے آل رسول کا بدلہ لیا اور پھر کوفہ اور بصرہ میں جنگیں کی اور مختار ثقفی کو فتح ہوئی ، اس نے ابن زیاد جو کہ کوفہ کا گورنر تھا، اس کو شکست دی اور یہ آل رسول کا بدلہ لینے کی وجہ سے مشہور ہوا۔ اس کا ساتھ محمد بن حنیفہ نے دیا تھا۔

Nafas Zakia + Yahya امام حسن ؓ کی اولاد میں سے ہیں

☆ محمد بن حنیفہ کی نسل میں سے Hussain Bin Muhammad ہیں۔

☆ اب توابین کا گروپ موجود ہیں جنہوں نے (Haussain Bin Muhmmad) کو اپنا لیڈر مان لیا ۔ اور یعنی اب توابین کا گروپ (Hussain Bin Muhammad) کی سربراہی میں باتیں مان رہا ہے

☆ دوسری طرف Imam jaffar + Zain-ul-Abideen + Imam Bakir نے اپنے آپ کو سیاست سے الگ کر لیا۔

☆ جو زین العابدین کے بیٹے زید کو امام مانتے ہیں ان کو زیدی شیعہ کہتے ہیں

☆ ان سارے اماموں میں Ali Al- Rida سیاسی طور پر آگے آئے باقی امام سیاسی طرز عمل میں نہیں آئیں گے ۔ لیکن جو لوگ توابین جو کہ آل رسول کا بدلہ لینا چاہتے ہیں اور ان کے لیڈر جو کہ محمد بن حنیفہ تھے اور ان کی نسل نے آگے لیڈ کیا۔

☆امام جعفر کے کے بڑے بیٹے کا نام اسماعیل تھا اور ان کے ماننے والے اسماعیلی شیعہ کہلاتے ہیں اور یہ اپنے آپ کو Fatimeed بھی کہتے ہیں

☆اسماعلی شیعہ اپنی حکومتیں North Africa/Europ / Egypt میں قائم کریں گے اور اپنی Ismaeeliat قائم کر لیں گے ۔ امام جعفر کے بیٹے اسماعیل سے جو آگے نسل چلی ان کے موجودہ دور میں پرنس کریم آغا خان 49th امام ہیں ۔


(1) Ali, son of Abu-Talib (Prophet Muhammad's cousin)
Fatimah (Prophet Muhammad's Daughter with Khadija, his first wife.)
(2) Hasan
(3) Husayn
(4) Ali Zayn al Abidin
(5) Muhammad al-Baqir
(5) Zayd
(6) Jafar al-Sadiq
(7) Isma'il
(7) Musa al-Kazim
(8) Ali al-Rida
(9) Muhammad al-Jawad
(10) Ali al-Hadi
(11) Hasan al-Askari
(12) Muhammad al-Muntazar

Order of Succession of the Imamate, and the Related Splinter Groups:

1. Ali
2. Hasan
3. Husayn
4. Ali Zayn al-Abidin
5. Muhammad al-Baqir continued the 12 Imam line, while *followers of* Zayd created a splinter group. They are called **Zaydis** ,or **Fivers**. Houthis in Yemen are of this group.
6. Jafar al-Sadiq
7. Musa al-Kazim continued the 12-Ima m line, while followers of Ismail created a splinter group. They are called **Isma'ilis or Seveners**. Members of this group briefly ruled Egypt. There are currently substantial numbers in Central Asia and Pakistan.
8. Ali al-Rida
9. Muhammad al-Jawad
10. Ali al-Hadi
11. Hasan al-Askari
12. Muhammad al-Mutazar, or the Hidden Imam Followers are called **Imamis or Twelvers**. They are of the Ja'afari school of Islamic Jurisprudence. 80% of Iran, and substantial numbers in Iraq are of this group.

Important Figures in the History of Shi'ism

632AD Death of Prophet Muhammad

661 Death of Ali

670 Death of his son, Hasan

680 Death of his son Husayn

765 Death of Ja'far al Sadiq

874 Disappearance of Imam Muntazar

☆ Qaramti فرقہ جو شیعہ ہی کی ایک قسم ہے نے اپنی حکومت بحرین میں قائم کر لیں گے۔ ☆ عبداللہ ابن عباس کے بیٹے جن کا نام محمد بن عبداللہ ہے۔ ☆ حضور کے چچا حضرت عباس کے بیٹے عبداللہ ابن عباس نے تفسیر قرآن لکھی یہ اسی نسل کا تذکرہ ہو رہا ہے۔ ☆ محمد بن عبداللہ کے تین بیٹے تھے۔ عباس السفاح، ابراہیم، جعفر المنصور

☆ یعنی امام جعفر، موسی کاظم نے اپنے آپ کو سیاسی طور پر الگ کر لیا تھا۔ پھر ہوا یوں کہ محمد بن حنیفہ نے بدلے کے لیے جنگیں کر کے عبداللہ ابن زیاد کو شکست دی لیکن ان کے بعد ان کے بیٹے ہاشم بن محمد سیاسی طور پر کمزور تھے تو انہوں نے بدلہ لینے اور سیاست کو قائم رکھنے کے لئے سارے معاملات بنو عباس کے بندے محمد بن عبداللہ کے حوالے کر دیئے یعنی اب سارے سیاسی معاملات بنو عباس میں منتقل ہو گئے ۔ آگے چل کر عباسی خاندان کے عباس السفاح نے عباسی حکومت کی بنیاد رکھی۔

بنوعباس کی حکومت ء 1258-750 تک رہی اور اس کو چار ادواروں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

دور عروج 10حکمران	750-754	Abbas As Saffa
دورزوال) : ایرانی اثرورسوخ 11 حکمران	775-754	Jaffar Al Mansoor
عہد محکومی : سلجوک) ترک اثر ورسوخ 9 حکمران	785-775	Al-Mahdi
عہداختیار : ترک + منگول کا اثر ورسوخ 7 حکمران	786-785	Al-Hadi
یعنی اس کے ٹوٹل حکمران37 گزرے تھے۔	809-786	Haroon - Ur - Rasheed
یہ آخری عرب سلطنت تھی۔	813-809	Al- Amin (Son of Haroo-ur-Rasheed
	833-813	Mamoon ur Rasheed (Son of Haroon ur Rasheed)

(750-751) ABBASID REVOLUTION

ابو مسلم خراسانی ایک نو مسلم شخص تھا اس نے ایران اور اس کے گردونواح کے علاقوں میں عباسی حکومت قائم کرنے کے لیے6 لاکھ لوگوں کو قتل کیا۔

عباس السفاح نے عباسی حکومت کا آغاز کیا اور کوفہ کو اپنا دارالحکومت بنایا۔ عباس کو السفاح اس لئے کہتے ہیں کہ اس نے امیہ کے بندوں کو چن چن کر مارا تھا۔ السفاح کا مطلب(قتل کرنے والا/ بڑا قاتل) ہے۔ اس کو اپنے بھائی جعفر المنصور کی سپورٹ تھی ۔ اس نے کوفہ میں خطبے کے دوران خلافت کا اعلان کر دیا۔ پھر دونوں نے مل کر 750 میں جنگ زاب لڑی۔ دریائے زاب جو کہ دریائے فرات سے نکلتا ہے۔ اس جنگ میں عباس السفاح جیت گیا اور بنو امیہ کے تمام شہزادوں کو قتل کر دیا گیا۔

صرف عبدالرحمان الداخل بچا اور جان بچا کر سپین / اندلس کی طرف آگیا۔ عبدالرحمن الداخل کے ساتھ اس کا بھائی بھی تھا تو دوسری طرف عباسیہ کا لشکر تھا انہوں نے کہا کہ آجاؤ ہم امان دیں گے ۔ تو عبدالرحمن الداخل کے بھائی نے واپسی کا راستہ لیا اور عبدالرحمن الداخل نے روکا کہ مت جاؤ یہ مار دیں گے لیکن وہ گیا واپس اور انہوں نے عبدالرحمن کے بھائی کو مار دیا۔ پھر بس یہی بچا اور عباس السفاح نے بنو امیہ کے بندوں کو قبروں سے نکال نکال کر جلایا ۔ کیونکہ انہوں نے آل رسول پر ظلم کیا تھا۔

اب عباس السفاح کی حکومت بن گئی اور عباسیہ سلطنت کے پہلے حکمران بن گئے اور مدینہ ،مکہ ،کوفہ سارے کے سارے امیہ سلطنت کے علاقوں میں (سپین کے علاوہ)اس کی حکومت بن گئی اسی کو Abbasid Revolution کہتے ہیں۔

چونکہ امیہ کی حکومت کوفہ، شام، دمشق ، بصرہ ،ایران، سندھ، خراسان اور سپین میں تھی۔ اب عباسہ حکومت نے مضبوط حکومت کے لیے سب کو کچلنا ہے اور سارا سسٹم ٹھیک کرنا ہو گا ۔ لیکن اس کے دوران ہی عباس السفاح فوت ہو گیا۔

جعفر المنصور 754-775 Real founder

المنصور نے 762 میں عراق میں بغداد اور اس کے جنوب میں سمارا شہر کی بنیاد رکھی اور دارالحکومت بغداد منتقل کر دیا۔ پھر 762-1258 تک دارالحکومت بغداد رہا۔ اس نے حکومت کو بارہ صوبوں میں تقسیم کیا۔ آل رسول پر دوبارہ ظلم شروع کر دیا۔ پھر مدینہ میں حضرت حسن کی اولاد، نفس زکیہ نے آواز بلند کی لیکن جعفر المنصور نے اپنے کمانڈر کو بھیج کر اس کا قتل کروادیا۔ پھر نفس زکیہ کے بھائی یحیی بن عبداللہ افریقہ کے اندر دوبارہ ابھرے۔ کیونکہ منصور عالم بھی تھے۔ اور الکندی کو جو کہ ایک Philosopher ہے اس کو اس نے House of wisdom کا انچارج بنایا۔ جعفر المنصور کی بیوی خزراں سیاسی طور پر تیز ہو گئی۔

ہارون الرشید 786-809

1st Golden period of Abbasid۔ ہارون الرشید کی بیوی زبیدہ تھی اس نے عراق سے مکہ تک روڈ بنوایا۔ ہارون الرشید Charles Magne کے ہم عصر تھے۔ اس وقت ہارون الرشید کافی مضبوطی اختیار کر گیا تھا اور Byzatine ایمپائر عباسیہ سلطنت کو Tax دیتی تھی۔ اس نے House of Wisdom کو وسیع کیا اور ساری حکومت مضبوط کر لی۔ اس وقت ساری بیوروکریسی منصور سے لیکر ہارون تک ایرانی تھی یعنی عباسیہ سلطنت کی بیوروکریسی ایرانی ہے۔ لیکن ہولڈ ہارون الرشید کا تھا۔

☆الامین کی والدہ زبیدہ تھی☆ مامون کی ماں ایرانی تھی۔ اس کو ایرانی سائڈ مل گئی تھی۔ ☆ الامین ہارون کا بڑا بیٹا تھا اس کو خلیفہ بنا دیا۔

الامین 809-813

الامین بڑا بیٹا تھا اس نے حکومت کی اور پھر اس کے بھائی مامون نے اپنے ہی بھائی الامین کو مار دیا اور پھر مامون حکومت میں آگیا۔

مامون الرشید : 813-833 اس کا وزیر اعظم ایرانی تھا لیکن سارا ہولڈ مامون الرشید کا ہی تھا۔ اس دور میں شیعہ کے اثرورسوخ میں اضافہ ہو گیا۔

☆ اس کے دور میں معتزلہ فلاسفی جاری کی گئی تھی اس کے مطابق اس نے کہا کہ قرآن ایک مخلوق ہے اور اس نے ختم ہو جانا ہے۔ اس کو Defend کرنے لے لئے امام احمد بن حنبل نے تکلیف اٹھائی تھی اور ان کو کوڑے مارے جاتے تھے۔ یعنی اس کے دور میں لوجک(منطق) کو مانا جاتا تھا اور قرآن اور حدیث کو پیچھے رکھا جاتا تھا۔

☆ اس نے آل رسول پر ہونے والے مظالم بند کر وائے اور بعدمیں امام علی الردا کو ولی عہد نامز کر وایا۔ پھر کہتے ہیں کہ اس نے امام علی الردا کو زہر دے کر مروادیا۔

پھر مامون الرشید کے بعد اس کا بیٹا آنا تھا وہ آگیا۔ چار امام جو گزرے ہیں ان عباسیہ سلطنت کے پہلے 100 سالوں میں ہی ملیں گے.

مامون کے دور میں ہی امام مالک پر ظلم ہوئے کیونکہ مامون کسی سے زبردستی طلاق دلاوانا چاہتے تھے مامون چاہتا تھا کہ امام مالک فتوی دیں کہ زبردستی طلاق دینا جائز ہے یہ وہی امام مالک ہیں جنہوں نے حدیث کی پہلی کتاب موطا امام مالک لکھی ہے۔☆ اسی دو ر میں امام شافی یمن کے قاضی بھی رہے ہیں۔ امام احمد بن حنبل بھی اسی دور میں کچھ عرصہ قاضی رہے۔

حدیث کے اوپر بھی روکاوٹ اسی دور میں ہوئی۔ یعنی اس دور میں علم کا بھی دور تھا اور سائنس بھی اسی دور میں شروع ہوئی۔ پھر ان کا بیٹا حکومت میں آگیا۔

LEC 120 ISL 25 ABBASID DECLINED AND INTRODUCTION OF MONGOL EMPIRE

(REVISION)

History of Mongol Empire

ایشیاء کی تاریخ میں اگر منگولوں کا ذکر نہ کیا جائے تو یہ تاریخ نامکمل رہے گی۔ اس تاریخ کا اثر 1206ء سے لے کر 1638ء تک قائم رہا۔ اس کی شروعات خانہ بدوش قبیلے جو وسطی ایشیا اور اس کے آس پاس کے علاقہ میں رہنے والے تھے، کے ایک نوعمر سردار تیموجن نے کی جسے تاریخ آج چنگیز خان کے نام سے یاد کرتی ہے۔ اس تاریخ کو صحیح انداز میں سمجھنے کے لیے ہمیں کچھ اہم نام / کردار یاد رکھنا ہوں گے جس کے ذریعے سے یہ تاریخ ہمیں بآسانی سمجھ آجائے گی۔

منگول قوم مختلف قبائل میں منقسم تھی۔ منگول لوگ جنگی مہارتوں کے حامل ہونے کے باوجود خانہ بدوشی کی زندگی گزار رہے تھے اور ان کے پاس کوئی مستقل علاقہ نہ تھا۔ اس کی بنیادی وجہ یہ تھی کہ یہ لوگ کسی ایک سردار کی سربراہی میں منظم رہنے کے بجائے چھوٹے چھوٹے گروہوں میں رہتے تھے۔ ایسے میں تیموجن نامی ایک نوجوان منگول کے دل میں خیال آیا کہ کیوں نہ اس قوم کو ایک سردار کی سربراہی میں منظم کر کے اپنی قوم کو ایک عظیم قوم بنایا جائے اور اپنی سلطنت قائم کی جائے۔ آخر کار 1206 میں وہ گھڑی آگئی جب منگول قبائل کے جرگے جسے "کورلتائی" کہا جاتا تھا، میں اس کو سردار چن لیا گیا۔ یہاں سے تیموجن چنگیز خان کے روپ میں سامنے آیا اور اس نے اپنی کمان میں منگول فوج کو لے کر شروعات میں چین کے علاقوں پر لشکر کشی کی مگر اسے ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔ پھر، 1218 میں خوارزم کی سلطنت جو اس وقت وسطی ایشیاء اور ایران پر مشتمل تھی، پر چنگیز خان نے حملہ کر کے تباہ و برباد کر دیا اور شاہ خوارزم جلال الدین جان بچا کر ہندوستان کی طرف بھاگ نکلا۔ منگولوں نے مفتوحہ علاقوں میں شہروں کے شہر جلا کر، انسانی کھوپڑیوں کے مینار بنا کر ہر طرف خوف اور وحشت سے اپنی دھاک بٹھا دی۔ 1225 آتے آتے چنگیز خان نے بحیرہ جاپان سے لے کر بحیرہ گیلان (کیسپیئن سمندر) تک اپنی سلطنت قائم کر لی تھی اور یہ سلطنت ایک متصل سلطنت تھی یعنی ایک کونے سے دوسرے کونے "تک One of the largest contagious empire in human history" تمام علاقوں پر اسی کا قبضہ تھا۔

چنگیز خان نے 1227 میں وفات پائی۔ چنگیز خان کے چار بیٹے تھے۔ اس نے مرنے سے پہلے اپنی سلطنت کے علاقے اپنے بیٹوں میں تقسیم کر دیے تھے۔ چنگیز خان کی بیوی بورتے کو دشمن قبیلے کا سردار اغوا کر کے لے گیا تھا اور اس نے بورتے سے شادی کر لی تھی۔ جب چنگیز خان نے طاقت حاصل کی تو اس نے اپنی بیوی کو واپس حاصل کر لیا مگر اس سردار سے بورتے کو ایک بچہ ہونے والا تھا۔ بچے کی پیدائش چنگیز خان کے ہاں ہوئی۔ چنگیز خان نے اس بیٹے کو نہ صرف قبول کیا بلکہ اسے سلطنت میں حصہ بھی دیا۔ اس بیٹے کا نام جوچی خان تھا۔ اور یہ سب سے بڑا بیٹا تھا۔ سلطنت کی تقسیم کچھ اس طرح سے کی گئی۔ جوچی خان اور اوگادئی خان کی آپس میں نہیں بنتی تھی تو چنگیز خان نے اوگادئی خان کو اپنا جانشین مقرر کیا اور جوچی خان کو مرکز سے دور

مشرقی یورپ کا علاقہ دے دیا۔ چنگیز خان نے ہندوستان پر بھی حملے کیے اور اس وقت ہندوستان پر شمس الدین التتمش کی حکومت تھی۔ التتمش نے اپنے آپ کو ان جنگوں سے دور رکھا اور اپنے علاقہ پر حکومت کرتا رہا۔

Chengez Khan Son's Name	Given Territory
Jochi khan	Eastern European Region (Golden Horde)-Jochi khan was the father of Batu Khan.
Ogadei Kahn	Succeeded Chengez khan and became "Khan".
Chaghtai Khan	Central Asian Region "Khanate"
Touli Khan	Western Asian Region "Ikhnate"

اوگادئی خان 1229ء سے 1241ء تک حکمران رہا۔ اس دور میں کوئی قابل ذکر فتوحات نہ ہوئیں مگر سلطنت کے انتظامی معاملات درست چلتے رہے۔ 1241 میں اوگادئی کی وفات کے بعد اس کا بڑا بیٹا گائیکو خان حکمران بنا اور اس نے دو سال (1246-1248) حکومت کی۔ اصل میں 1241 سے 1246 تک تورگین خاتون جو کہ اوگادئی کی بیوہ تھی اس نے اتالیق / نائب کے طور پر امور سلطنت چلائے۔ کیونکہ منگولوں میں رواج تھا کہ نیا خان کورلتائی کی منظوری کے بعد ہی بنے گا اور کورلتائی میں تمام سردار ہوتے ہیں تو ان کو اکٹھا ہونے کے لیے کئی سال لگ جاتے ہیں۔ اس لیے آگے بھی ایک خان کے مرنے کے بعد جو وقفہ آئے گا وہ اسی وجہ سے ہو گا۔ اب یہاں سے اگلی تاریخ کو سمجھنے کے لیے تولے خان اور اس کے چار بیٹوں کا نام یاد رکھنا ضروری ہے۔

Tauli Khan Son's Name	Given Area
Monke Khan	King (1251-1259)
Arik Boke	Fought civil war Qublai Khan
Qublai Khan	Victorious in Civil war and became King 1260-1294
Halaku Khan	Ikhnate (Western/Southern Asian Region)

مونکے خان مسلمانوں سے نفرت کرتا تھا۔ اس نے ظالم ہلاکو خان کو مسلمانوں کے علاقے بغداد اور دمشق پر حملے کے لیے بھیجا۔ ہلاکو خان نے 1258 میں بغداد کو تہہ و تیغ کر دیا۔ جس کی تفصیل آپ اسلامیات کے ابواب میں پڑھ چکے ہیں۔ ایرک بوکے اور کبلائی خان کی آپسی خانہ جنگی میں منگول حکومت بہت کمزور ہوئی جس کی وجہ سے 1266 میں مصر کی مملوک حکومت کے ہاتھوں عین جالوت میں انہیں شکست کا سامنا کرنا پڑا کیونکہ ہلاکو خان کو گولڈن ہورڈ کے اس وقت کے حکمران جو کہ جوچی خان کے پوتے اور باتو خان کے بیٹے برکے خان سے خطرہ تھا کہ کہیں وہ ایرک بوکے اور کبلائی خان کی جنگ میں ایرک بوکے کا ساتھ دینے کے لیے مرکز کی طرف نہ جاسکے۔ یہ وہی برکے خان ہیں جو مسلمان ہو چکے تھے اور بہت بڑی سلطنت پر حکومت کر رہے تھے۔

دوسری طرف کبلائی خان نے چین فتح کر کے وہاں یوآن سلطنت کی بنیاد رکھی۔ ان کے دور اقتدار میں منگول سلطنت اپنے نقطہ ء عروج پر پہنچی۔ اس کے بعد منگول سلطنت کا زوال شروع ہو گیا۔ مگر وسطی ایشیاء میں خناطے کے علاقہ سمرقند میں ایک بچہ پیدا ہوا جس کا نام تاریخ میں امیر تیمور کے نام سے درج ہے۔ چنگیز خان نے نہ صرف منگولوں کو ایک سردار کی سربراہی میں اکٹھا کیا بلکہ ان کو قوانین بھی دیئے۔ جن کے مطابق خان یعنی بادشاہ چنگیز خان کی نسل میں سے ہو گا اور باقی خاندان کا کوئی بھی فرد امیر تو بن سکت اہے لیکن خان نہیں بن سکتا۔ اور چنگیز خان کے قوانین کو دو سو سال تک کوئی نہیں توڑ سکا۔ اسی لیے تیمور نے امیر کا لقب اختیار کیا اور کبھی اپنے نام کے ساتھ خان نہیں لگایا۔ اس نے خناطے کو مرکز بنایا اور وہاں چنگیز خان کی نسل سے کٹھ پتلی خان بنایا اور خود دنیا کو فتح کرنے کے ارادے سے 1398 میں ہندوستان پر حملہ کیا۔ اس وقت ہندوستان پر تغلق خاندان کے ناصر الدین تغلق کی حکومت تھی۔ تیمور نے دلی کو تباہ کر دیا اور کھوپڑیوں کے مینار بنائے مگر جاتے ہوئے حکومت ناصر الدین کو ہی دے گیا اور 1402 میں اس وقت کی عظیم عثمانیہ سلطنت کے بایزید یلدرم ناقابل شکست کو انقرہ کی جنگ میں ذلت آمیز شکست دیتے ہوئے قیدی بنالیا۔ مگر اتنے طویل سفر سے تیمور کا جسم زخموں سے چور ہو گیا اور 1405 میں وہ مر گیا۔ اس طرح منگول سلطنت کا خاتمہ ہوا۔

Egypt	Central Asia	Iran	Iraq	Anatolia	Syria	Palestine	Arabian Peninsula	Spain	North Africa	Sicily
Fatimid 909–1171	Mongol 1206–1370	Seljuk 1031–1256	Seljuk	Seljuk	Fatimid		Mamlook	Umayyad	Idreesi	Fatimid
Ayubid 1157–1250	Samanid 819–999		Fatimid		Mamlook			African Dynasty	Zaidi	
Mamlook 1250–1517	Khwarizmi 1077–1231				Ayubid 1171–1250		Karamati			
					Zangid					
					Seljuk					

ARL دریا (UK) کے درمیان ہے جن Uzbekistan اور Kazakastan*
کے درمیان ہے۔


Syr River
ماوراالنہر کا علاقہ
*ARAL Sea
AMU DARYA
Oxus River
AFSHAHAN
Kharsaan
SHERAJ
SISTAN
NISHAPUR
عباسیہ سلطنت

- یعنی اب ان سب علاقوں کے اوپر عباسیوں کی حکومت تھی۔ سسلی کا جزیرہ جو کہ اٹلی کے پاس ہے یہ کبھی مسلمانوں کی حکومت رہا تھا۔

جب سینٹر ٹوٹ گیا تو یہاں کے لوکل لوگوں نے اپنی اپنی ایمپائر بنالیں۔ اور آپس میں لڑنے لگے ۔ اب ان علاقوں میں عباسیوں کی حکومت تو تھی کیونکہ عباسیوں کا نقطہ عروج تھا اب یہ سارے کے سارے علاقے آزاد ہونے ہیں۔

عباسیوں کے زوال کو سمجھنے کے لیے پوری توجہ کی ضرورت ہے کیونکہ یہ تاریخ کا سب سے اہم اور پیچیدہ موضوع ہے۔ فاطمیوں نے تیونس کو سب سے پہلے اپنا دارالحکومت بنا یا اور اس طرح آگے بڑھتے ہوئے عباسیوں کے کنٹرول میں موجود مصر پر اپنی حکومت قائم کر لی اور بعد میں مصر کو دارالحکومت بنا لیا فاطمی جو اصل میں اسماعیلی شیعہ ہیں اورامام موسیٰ کاظم کے بجائے امام باقر کے بڑے بیٹےاسماعیل کو امام مانتے ہیں اور ان کی نسل سے ان کے امام چلتے ہیں – موجودہ دور میں پرنس آغا خان 49th امام ہیں اس کے علاوہ فاطمیوں نے اٹلی کے جزیرہ سسلی پر بھی اپنی حکومت قائم کر لی تھی -شیعوں میں ایک اور فرقہ جو تاریخ میں قرامطی فرقہ کے نام سے جانا جاتا ہے اور انہوں نے بحرین کے علاقے پر اپنی حکومت قائم کر لی تھی اور عباسیوں سے بغاوت کر دی تھی یہ لوگ عازمین حج پر حملے کرتے تھے اور 939 ء میں انہوں نے خانہ کعبہ پر حملہ کیا اور حجر اسود کو اپنے ساتھ لے گئے اور اس طرح سے 22 سال تک حج نہ ہو سکا اورانہیں تاوان دے کر 951 ء میں حجر اسود واپس لیا گیا۔ فاطمید اور قرامطیوں نے عرب اور شمالی افریقہ میں عباسیوں کا کنٹرول ختم کر کے اپنی حکومتیں قائم کر لی تھیں اگر مرکز کی بات کریں جو کہ عباسیوں کے دور میں عراق کا شہر بغداد تھا تو وہ بھی دسویں صدی عیسوی تک کمزور ہو چکا تھا اس کی وجہ یہ تھی کہ عباسیوں نے امور حکومت چلانے کے لیے ترک اور ایرانی وزیر رکھ لیے تھے جس کی وجہ سے حکمران کمزور ہو گئے اور ترک اور ایرانی وزیر طاقتور ہو گئے وہ اس قدر طاقتور ہو گئے کہ عباسی خلیفہ ان کی مرضی کا آنے لگا اگر کوئی خلیفہ ان کی مرضی کے فیصلے نہیں کرتا تھا تو وہ اس کو قتل کر دیتے تھے اس طرح ایران میں ایرانی وزیروں نے اپنی مرضی چلانا شروع کر دی اور جارجیار ، آرمینیا ء ، آذربائجان ، شام) جس میں اس وقت کا فلسطین ، اردن کا علاقہ شامل تھا (اناطولیہ کے علاقوں میں ترک طاقتور ہوگئے اب ایرانیوں اور ترکوں میں طاقتور لوگوں نے عباسیوں سے علیحدگی اور اپنی خود مختیار حکومتیں قائم کرنے کے لیے کوششیں شروع کر دیں۔ جس میں مختلف ادوار میں مختلف علاقوں میں انہوں نے اپنی حکومتیں قائم کر لیں جن میں سے کچھ اہم کی تفصیل درج ذیل ہے۔ سا مانی سلطنت 819 ء سے 999 ء تک قائم رہی انہوں سے سب سے پہلے عباسیوں سے آزادی کا اعلان کر دیا اور ایک خودمختار ریاست کے طور پر سینٹرل ایشیاء جسے اس وقت ترکستان یا ماورالنہر کہا جاتا ہے اپنی حکومت کرنے لگے ان میں سے آگے چل کر ایک غزنوی حکومت 977-1186 بنی جس نے اس سلطنت کے علاقوں کے علاوہ افغانستان اور ہندوستان پر بھی حکومت کی جس کے مشہور حکمران سبکتگین اور ان کے بیٹے محمود غزنوی ہیں۔ اس علاقہ میں خوارزم کی سلطنت 1077 ء سے 1231ء تک قائم رہی جس کی تفصیل منگول سلطنت کے لیکچر میں موجود ہے اس کے علاوہ اس علاقہ پر ایک اور مضبوط حکومت غوری سلطنت جسے دو بھائیوں غیاث الدین غوری اور شہاب الدین غوری نے قائم کیا جس کی تفصیل ہندوستان کی تاریخ میں بتائی جائے گی۔ اب تک ہم نے یہ سمجھا کہ عباسیوں کے دارالحکومت بغداد سے مشرق کی طرف کون کون سی حکومتیں یا سلطنتیں قائم ہوئیں۔ اب اگر بغداد سے مغرب کی طرف دیکھیں تو یہاں ایک سب سے بڑی طاقت جس نے اپنی حکومت قائم کی وہ سلجوک ترک ہیں اور ان کی ریاست کا نام سلجوک ایمپائر ہے جو کہ 1037 ء سے 1194 ء تک قائم رہی یہ سلطنت ملک شاہ اول جس کا وزیر اور درس نظامی کی بنیاد رکھنے والا نظام الملک تھا جس کے دور میں یہ عروج پر پہنچی اس سلطنت کا اناطولیہ میں قائم بازنطینی حکومت سے مقابلہ رہتا تھا مگر 1171 ء میں الپ ارسلان نے Battle of Manzikert میں بازنطینی حکومت کے بادشاہ رومانوس کو شکست دے کر گرفتار کر لیا اور پورے اناطولیہ کو اپنے قبضے میں لے لیا اور بازنطینی حکومت صرف قسطنطنیہ میں سمٹ کر رہ گئی ۔ جس کی

تفصیل سلطنت عثمانیہ کے لیکچر میں بتائی گئی ہے - یہاں پر بتاتے چلیں کہ سلجوک ریاست کے ماتحت ایک زنگی خاندان شام فلسطین اور یمن کے علاقوں میں حکومت کر رہا تھا اس کے مشہور حکمران نور الدین زنگی جنھوں نے خواب میں حضور کو دیکھا(واقعہ کے لیے لیکچر سنی)۔ دوسری صلیبی جنگ میں 1147 – 1150صلیبیوں کو شکست دی اور ان کی وفات کے بعد ان کے داماد صلاح الدین ایوبی نے مصر میں 1171 – 1260 تک حکومت کی فاطمیوں کی حکومت ختم کر کے اور ایوبی کا تعلق عراق کے علاقے تکریت سے تھا- انہوں نے تیسری صلیبی جنگ میں بیت المقدس کو فتح کیا جو پہلی صلیبی جنگ میں ان کے پاس چلا گیا تھا- اس طرح مسلمانوں کے ہیرو بنے اور شام میں دفن ہیں. سلجوک ریاست کے کمزور ہونے کے ساتھ ہی یہ دو حصوں میں تقسیم ہو گئی ایک سلاجقہ روم دوسرا سلجوک سلطنت ۔سلاجقہ روم نے اناطولیہ کے حصہ پر حکومت کی باقی حصہ پر سلجوک حکومت قائم کی تھی یہ دونوں حصے بعد میں ختم ہو گئے اور ان کی جگہ عثمانیہ حکومت قائم ہو گئی جس کی تفصیل اس لیکچر کے نوٹس میں ہے .یہاں پر مملوک حکومت کا تذکرہ کرنا بھی ضروری ہے مملوک حکومت مصر کے علاقہ میں قائم ہوئی کوئی اور یہ1260 سے لے کر کر1517 قائم رہی ہیں ان کا سب سے بڑا کارنامہ رکن الدین بر بر نے عین جالوت کے مقام پر پر ہلاکو خان کے لشکر کو شکست دے کر کیا مگر بعد میں سلیم اول میں نے 1517 میں ان کی حکومت کا خاتمہ کر دیا۔

سلطنت عثمانیہ

اب ہم تاریخ میں اس موڑ پر آچکے ہیں جہاں پر ایک 600 سالہ سلطنت جو1299 میں قائم ہو کر1922 میں اختتام پذیر ہوئی، اس کا ذکر کرنا ناگزیر ہے۔ اس پر ایک ڈرامہ "ارتغرل غازی"جو مہت بوزداغ نے لکھا ہے، آج کل مقبول عام ہے۔

یہ سلطنت جو کہ عثمان نے1299 میں قائم کی۔ یہ سلطنت محل وقوع کے اعتبار سے مشرق میں ایران، مغرب میں یورپ (ہنگری)، جنوب میں شام، اور اس کے علاقے کے علاوہ مصر اور مراکش تک پھیلی ہوئی تھی جبکہ شمال میں اس کی سرحدیں کیف (موجودہ یوکرین) تک پھیلی ہوئی تھیں۔ منگول سلطنت کی طرح یہ بھی ایک چھوٹے سے علاقہ سوغوت (موجودہ ترکی جسے اسوقت ایشیاء کوچک یا اناطولیہ بھی کہا جاتا تھا) میں قائم ہوئی اور عثمان کے بیٹے اورحان غازی نے1362 تک اسے بصرہ (ترکی) سے ایڈرن (موجودہ استنبول کا علاقہ) تک پھیلا دیا۔ مراد اول نے جانثاروں کی ایک فوج بنائی جسے جینیسریز بھی کہتے ہیں وہ اس سلطنت کو عروج پر لے گئے۔ مراد کے بعد اس کا بیٹا بایزید یلدرم یورپ کے محاذوں پر ناقابل شکست رہا اور بہت سی جنگیں جیتیں اور یورپ کے کئی علاقے اپنی سلطنت میں شامل کیے۔ مگر امیر تیمور سے ہار کر 1403 میں قید کی حالت میں وفات پائی۔ اس کے بعد اس سلطنت میں خانہ جنگی شروع ہو گئی اور 1413 میں اس کا اختتام ہوا۔ 1451 تک کئی حکمران آئے جنہوں نے سلطنت کو دوبارہ منظم کرنے کی کوشش کی۔ اور وہ اس میں کامیاب رہے۔ 1451 میں 21 سالہ نوجوان محمد دوئم نے تخت سنبھالا جسے تاریخ سلطان محمد فاتح کے نام سے جانتی ہے۔ 29 مئی 1453 کو اس نے ایک ہزار سال سے زیادہ عرصہ اور سینکروں حملے ناکام بنانے والا بازنطینی سلطنت کا دارالحکومت قسطنطنیہ جس کے بارے میں وہاں کی عوام سمجھتی تھی کہ اس پر حملہ کرنے پر آسمانی مدد آئے گی، کو فتح کر لیا۔ اس طرح دو ہزار سال سے قائم سلطنت کا اب جو برائے نام اثر رہ گیا تھا، کو صفحہ ہستی سے مٹا دیا۔ اس جنگ کی وجہ سے یورپ میں آنے والے اثرات اچھی طرح سمجھ چکے ہیں۔ 1512 میں سلیم اول تخت نشین ہوا اور اس نے مصر میں موجود مملوک حکومت جو کہ 1250 میں قائم ہوئی تھی، 1517 میں ختم کر دی۔ اور اس کے زیر اثر علاقے مصر، خصوصاً مکہ اور مدینہ کا کنٹرول سنبھال لیا اور سلطنت کے علاوہ ایک نیا ادارہ خلافت کا بھی قائم کر دیا۔ اور سلیم اول نے خود خلیفہ کا لقب اختیار کیا۔ اب اس کے بعد آنے والا ہر سلطان سلطان ہونے کے ساتھ ساتھ خلیفہ بھی ہو گا۔ 1520 میں اس سلطنت کا سب سے عظیم سلطان اور خلیفہ سلیمان عالیشان (سلیمان دی میگنیفیسینٹ) تخت نشین ہوا۔ اس نے فتوحات کا سلسلہ بڑھاتے ہوئے 1521 میں سربیا اور 1529 میں آسٹریا کے دارالحکومت ویانا کا محاصرہ کیا۔ اس کے علاوہ مشرق میں اس وقت کی صفاوید حکومت کے ساتھ جنگ چلدرن کے نتیجے میں بہت سے مشرق وسطی اور بحری محاذ پر خیر الدین باربروسہ اور سراج الدین باربروسہ کی قابلیت کے بل بوتے پر نارتھ افریقن علاقوں پر بھی اپنا قبضہ کر لیا۔ اس دور میں سلطنت عثمانیہ بام عروج پر تھی۔ اس کے بعد مختلف حکمران آئے مگر جینیسریز بہت زیادہ طاقتور ہو چکے تھے اور وہ اصل میں سلطنت

چلا رہے تھے اور اب بادشاہ بھی انہیں کی مرضی کا آتا تھا اور اگر وہ انکی بات نہیں مانتا تھا تو یہ اس کو قتل کر دیتے تھے۔ 1853 میں الیگزینڈر دوئم جو کہ روسی ایمپائر کا بادشاہ تھا اور عبدالمجید اول کے درمیان کریمیئن وار ہوئی جس میں یورپ کی تمام قوتوں نے عثمانیوں کا ساتھ دیا مگر پھر بھی عثمانی اپنا کچھ علاقہ ہار گئے۔ اس جنگ کے بعد موجودہ ترکی کو یورپ کا مرد بیمار (سک مین آف یورپ) کہا جانے لگا۔ کیونکہ نہ یہ اپنے علاقوں کی حفاظت کر سکتا تھا اور نہ ہی اپنے قرضوں کی ادائیگی کر سکتا تھا۔ اور اسی طرح سے سلطنت عثمانیہ نے اپنے یورپ میں موجود بہت سے علاقوں سے ہاتھ دھو لیا۔ یونان نے 1830 میں عثمانیوں سے آزادی حاصل کر لی تھی۔ اس کے علاوہ عثمانیوں کے زوال کی سب سے بڑی وجہ یہ تھی بایزید دوئم نے پرنٹنگ پریس کو حرام قرار دے کر اس پر پابندی لگا دی تھی۔ اسی طرح جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنے سے بھی کتراتے رہے اور یوں ترقی کی دوڑ میں بہت پیچھے رہ گئے۔۔ جبکہ اسی دور میں پرنٹنگ پریس کی ایجاد سے لٹریچر کی دھڑا دھڑ چھپائی ہوئی اور یورپ بھر میں علم، آرٹ کے فروغ سے نشاط ثانیہ (رینائسینز) کا آغاز ہوا اور یورپ میں انڈسٹریل ریوولیوشن سے بے پناہ ترقی ہوئی۔ 1870 میں بلغاریہ اور رومانیہ کے علاقے بھی عثمانیوں کے ہاتھوں سے چلے گئے۔ البتہ عبدالمجید دوئم کے دور میں عثمانیوں نے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کیا اور خاطر خواہ بہتری آئی۔ ریلوے لائینیں بچھائی گئیں اور یوں سلطنت کا رابطہ اپنے باقی ماندہ علاقوں سے مؤثر طور پر قائم رہا۔

1908 میں ینگ ترک انقلاب آیا جس کے نتیجہ میں وزیر اعظم کو زیادہ طاقت دی گئی اور سلطنت میں کافی اصلاحات کی گئیں۔ مگر اب بہت دیر ہو چکی تھی۔ اتنی بڑی سلطنت کو کم وسائل، قرضے اور اندرونی اختلافات کے رہتے چلانا ناممکن ہوتا جا رہا تھا۔ اس پر یورپ میں رہ جانے والے علاقوں میں سے بوسنیا پر آسٹریو ہنگیرین ایمپائر نے قبضہ کر لیا اور یہ پہلی بلقان جنگ کا باعث بنا۔ یہ جنگ 1912 سے 1913 تک لڑی گئی۔ اس میں سلطنت اپنے سارے یورپی علاقے سوائے ایسٹرن تھریس اور ایڈرن کے ہار گئی۔ اور اس نتیجہ میں سربیا، مونٹینیگرو اور اس طرح کی کئی ریاستیں وجود میں آئیں۔ جنگ میں جیتے گئے علاقوں پر لڑنے والے چاروں فریق گریس، سربیا، مونٹینیگرو اور بلغاریہ زیادہ حصہ چاہتے تھے مگر بلغاریہ نے اپنے حصے سے زائد علاقہ پر قبضہ کر لیا جو پھر دوسری بلقان جنگ کی وجہ بنا۔ یہ جنگ 1913 میں بلغاریہ کے خلاف لڑی گئی جس میں باقی تمام فریقوں کے ساتھ ساتھ عثمانی سلطنت نے بھی حصہ لیا تاکہ بلغاریہ کو قائل کیا جا سکے کہ وہ زائد مقبوضہ علاقہ تمام فریقوں میں برابری کی بنیاد پر تقسیم کر دے۔ ان دونوں جنگوں میں عثمانیہ سلطنت اپنے تقریباً تمام یورپی علاقے ہار بیٹھی۔ یہاں پر یہ بات یاد رکھیں کہ یہی بلقان جزیرہ نما اور اس میں نئے آزاد ہونے والے ممالک پہلی جنگ عظیم کی وجہ بنیں گے۔ پہلی جنگ عظیم میں عثمانی خلافت نے جرمنی کا ساتھ دیا۔ جرمنی یہ جنگ ہار گیا جس کے نتیجے میں سلطنت عثمانیہ کو بھی اس کا خمیازہ بھگتنا پڑا۔ اس جنگ میں گیلی پولی کی مشہور لڑائی میں ترکوں کو کامیابی ملی مگر بعد میں بہت بھاری شکست ہوئی۔ یہاں پر یہ بات بتانا مناسب ہے کہ 1916 میں برطانیہ اور فرانس کے درمیان ایک معاہدہ ہوا جسے سائیکسپائیکاٹ کے نام سے جانا جاتا ہے جس کے مطابق انہوں نے پہلے ہی سوچ رکھا تھا کہ خلافت عثمانیہ کی شکست کی صورت میں اس کے علاقوں کو کیسے تقسیم کیا جائے گا۔ اس کی تفصیل ورلڈ وار کے لیکچر میں بتائی جائے گی۔ 1920 میں معاہدہ سیوریز کے مطابق عثمانیہ سلطنت کو ختم کرنا تھا مگر مصطفی کمال اتاترک نے مزاحمت دکھائی اور اپنے کچھ علاقے واپس لینے میں کامیاب رہا مگر یکم نومبر 1922 میں سلطنت عثمانیہ کو ختم کر دیا گیا اور اس کے آخری سلطان محمد ششم کو جلاوطن کر دیا گیا اور 1923 میں جدید ترکی کی بنیاد رکھی گئی۔ اس کے پہلے صدر مصطفی کمال اتاترک بنے۔ ابھی تک صرف عثمانی سلطنت کا خاتمہ ہوا ہے مگر خلافت عثمانیہ جس کے لیے ہندوستان میں تحریک چلائی جا رہی تھی قائم تھی۔ مگر 3 مارچ 1924 کو مصطفی کمال اتاترک نے خلافت کو ختم کر دیا اور آخری خلیفہ عبدالمجید دوئم کو جلاوطن کر دیا گیا۔

ISLAMIC STUDIES

IBES

ONE LINER

علوم اڈیان

☆دنیامیں دین کی تین اقسام ہیں۔ ۱ سامی ۲ آریائی ۳ منگول

☆سامی دین الہامی کتابوں سے تعلق رکھنے والوں کا ہے۔ ☆سب سے پرانی الہامی کتاب توریت موسیٰ پر نازل ہوئی۔ توریت (Old Testamont) زبور (New Testamont) انجیل (Gospel) عبرانی زبان میں نازل ہوئی. تمام الہامی کتابیں رمضان کے مہینے میں نازل ہوئی. زبور حضرت داود پر نازل ہوئی جنکو آواز کا معجزہ عطا کیا تھا. حضرت عیسیٰ پر انجیل نازل ہوئی۔ حضرت عیسی کے معجزات میں بیماروں کو شفایاب کرنا مردوں کو زندہ کرنا اور نابینا کو بینائی دینا۔

☆ آریائی مذہب ہندواور پارسی لوگوں کا ہے۔ ☆منگول، بدھ مت ، کنفیوازم اور شنتوازم مذہب سے تعلق رکھتے ہیں۔

﴿قصص الانبیاء﴾

☆مخلوقات میں سب سے پہلے اللہ تعالی نے فرشتوں کو نور سے پیدا کیا۔

☆4 مقربین فرشتے ہیں جن کے سردار حضرت جبرائیل جن کو روح الامین اور روح القدس بھی کہا جاتا ہے اور ان کے ذمے انبیاء کو وحی پہنچانا ہے ۔ حضرت میکائیل کے ذمے روزی اور بارش دینا ہے حضرت اسرافیل کے صور پھونکنے کا کام کرتے ہیں ☆دوسری مخلوق اللہ تعالیٰ نے جن پیدا کیے ہیں ۔جن کو بھڑکتی ہوئی آگ سے پیدا کیا ہے۔

☆جن زمین پر فساد پھیلانا شروع ہوگئے۔ عزازیل عبادت گزار تھا جسے ابلیس کیا جاتا ہے۔ ☆قصہ آدمؑ وابلیس کا ذکر سورۃ بقرہ میں ہے۔

☆ آدمؑ کو تراب (خشک مٹی) سے تخلیق کیا گیا ہے۔ ☆ مٹی کو پکانے پر روہ کالفخار (کھٹکنے والی ٹھیکر) جیسی ہوگئی۔ ☆عزازیل آدمؑ کے پتلے کے گرد چکر لگاتا ہے اور پیٹ کا مقام کمزر پاتا ہے۔

☆ اللہ تعالی نے فرشتوں کو آدمؑ کو سجدہ کا حکم دیا عزازیل نے انکار کیا اور مردود ہو گیا۔ ☆حضرت آدمؑ کا قد 60 ہاتھ لمبا اور 7 ہاتھ چوڑا تھا☆ اللہ تعالی نے حواؑ کو پیدا کیا۔

☆حضرت آدمؑ اور حواؑ کو گندم کھانے سے منع کیا۔ ☆ ابلیس نے انہیں ورغلایا اور دونوں نے پھل کھالیا اور اللہ تعالی نے دونوں کو زمین پر بھیج دیا۔

☆حضرت آدمؑ کو سری لنکا میں دس ہزار میں اترا اس وقت یہ علاقہ ہند کہلاتا تھا۔ ☆ صفی اللہ اور ابولبشر حضرت آدمؑ کو کہا جاتا ہے۔

☆حضرت حواؑ دنیا کی خوبصورت ترین عورت تھی۔ ☆حضرت آدمؑ اور حضرت حواؑ عرفات کے مقام پر دوبارہ ملے۔

☆سورۃ اعراف کی آیت نمبر 23 کی تلاوت کی اور معافی مانگی۔ جس پر اللہ تعالی نے معاف کر دیا۔ ☆حضرت آدم کے بیٹے قابیل نے ہابیل کو قتل کیا تھا۔

☆کوّے نے قابیل کو لاش دفن کرنے کا طریقہ سکھایا۔ ☆حضرت شیثؑ جو حضرت آدم کے چھوٹے بیٹے تھے ان کو نبوت ملی۔

☆حضرت آدمؑ کا ذکر قرآن میں 25 بار آیا ہے۔ ☆حضرت آدمؑ کی عمر 960 سال تھی۔ 40 سال حضرت داؤ کو دی تھی۔ ☆سب سے زیادہ صحیفے حضرت شیثؑ پر نازل ہوئے۔ 30 تھے

کیا۔ جنوبی امریکہ میں سرینام، فاک لینڈ جزیرہ جس پر برطانیہ اور ارجنٹینا کا آج بھی تنازعہ ہے اور 1982 میں اس تنازع پر ایک جنگ بھی ہو چکی ہے یہاں پر آپ کو ایک بات بتاتے چلیں کہ یورپی اقوام پندرہویں اور سولہویں صدی میں شمالی اور جنوبی امریکہ کو کالونیاں بنانے میں مصروف تھے حالانکہ ان کی رسائی ہندوستان اور دوسرے علاقوں تک بھی تھی۔ دراصل اس کی وجہ یہ تھی کہ جنوبی ایشیا میں پندرہویں صدی سے سترہویں صدی تک طاقتور حکومتیں قائم تھیں جن کو زیر اثر لانا اس وقت یورپی طاقتوں کے بس کی بات نہیں تھی اور اگر افریقہ کی بات کی جائے تو اس پر کالونیاں اس لیے نہیں بنائی گئیں کہ 18 ویں صدی تک یورپی ممالک نے سمندر میں چلنے والے جہازوں کو سمندری طوفانوں اور دوسری مشکلات سے لڑنے کے قابل تو بنا لیا تھا مگر زمینی راستوں میں چلنے کے لئے انہوں نے صلاحیت حاصل نہیں کی تھی یعنی افریقہ کے ساحل کے قریب قریب تو جہاز کو لے کر جا سکتے تھے مگر افریقہ کی وسیع زمین پر اپنے فوجیوں کے ساتھ اتر کر انہیں محکوم بنانے کے قابل نہیں تھے مگر ہندوستان میں کمزور ہوتی حکومتیں برطانوی سامراج کے لیے تر نوالہ ثابت ہوئی اور انہوں نے دوسری یورپی اقوام پرتگال، فرانس، نیدرلینڈ کو یہاں سے نکال کر اپنی حکومت قائم کر لی تھی۔ ہندوستان کے علاوہ سیلون (سری لنکا)، مالدیپ، برما (میانمار)، ملائشیا، افغانستان، یہ وہ کالونیاں تھیں جو ایشیا میں تھیں۔ ان کے ساتھ ساتھ بحرین یو اے ای اے، فلسطین، قطر، بحرین، اومان، یمن بھی اس کی کالونیاں تھیں۔ انڈیا اور پاکستان 1947 میں آزاد ہو گئے۔ 1948 میں سیلون (1972 میں اس نے اپنا نام بدل کر سری لنکا رکھا تھا) نے آزادی حاصل کی۔ برما (میانمار) نے 4 جنوری 1948 کو آزادی حاصل کی اور 1989 میں اپنا نام برما سے میانمار کر دیا گیا۔ ملائشیا نے تنکو عبدالرحمن کی قیادت میں 1957ء میں آزادی حاصل کی۔ 1963 میں سنگاپور اس کا حصہ بن گیا مگر 1965 میں سنگاپور الگ آزاد ملک بن گیا۔ یو اے ای 2 دسمبر 1971ء کو آزاد ہوا۔ جنوبی یمن جسے برطانیہ انتظامی لحاظ سے برصغیر کا حصہ تصور کرتا تھا اور اس کا پرانا نام ایڈن تھا تھا اس نے 1967 میں آزادی حاصل کی اور 1990 میں شمالی یمن سے مل کر یمن کا ملک وجود میں آیا۔ قطر نے 1971 میں آزادی حاصل کی اور اومان نے 1970 میں آزادی حاصل کی۔ کویت نے 1961 میں آزادی حاصل کی اور بحرین نے 15 اگست 1971 کو آزادی حاصل کی۔ اسی طرح افغانستان 1919 میں آزاد ہوا اور اگر افریقی کالونیوں کی بات کریں تو ساؤتھ روڈیشیا دو حصوں پر مشتمل تھا شمالی اور جنوبی، دونوں برطانیہ کی کالونیاں تھے۔ شمالی روڈیشیا کو زیمبیا اور جنوبی روڈیشیا کو زمبابوے کہتے تھے۔ زنزیبار بھی برطانیہ کی کالونی رہا جو 1963 میں آزاد ہوا اور تنگنیکا سے مل کر 1964 میں تنزانیہ بن گیا۔ نائجیریا برطانیہ سے 1960 میں آزاد ہوا۔ کینیا 1963 میں آزاد ہوا۔ مصر 1922 میں آزاد ہوا۔ لیبیا 1951 میں کنگ ادریس کی قیادت میں آزاد ہوا اور پھر 1960 میں معمر قذافی نے اس کو ہٹا دیا۔ یہ اوپر بتائی گئی تمام کالونیاں برطانیہ کی تھی کی مختلف ادوار میں میں اس سے آزادی حاصل کی۔

آسٹریلیا بھی برطانیہ کی کالونی رہا۔ 1901 میں ڈومینئین سٹیٹس حاصل کیا۔ اسے مکمل انتظامی اختیارات 1986ء میں حاصل ہوئے۔ کینیڈا کو 1868 میں ڈومینئین سٹیٹس ملا اور اسے مکمل انتظامی اختیارات 1982 میں ملے۔ نیوزی لینڈ کو بھی مکمل انتظامی اختیارات 1986 میں ملے۔ ملکہ برطانیہ آج بھی کینیڈا، نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا کی نومینل ہیڈ آف سٹیٹ ہیں۔ ساتھ افریقہ بھی برطانوی کالونی تھا اور 1961 میں آزاد ہوا۔

فرانس

اسپین اور برطانیہ کے بعد تیسری بڑی کالونیل پاور فرانس تھا تھا اس نے افریقہ کے ملک الجیریا پر 1830 سے لے کر 1962ء تک حکومت کی۔ تیونس پر 1881 سے 1956 تک فرانس کا قبضہ رہا۔ حبیب بورگیبا کی قیادت میں تیونس نے آزادی حاصل کی۔ فرنچ سوڈان پر اس کا 1883 سے لے کر 1960 تک قبضہ رہا، بعد میں اس ملک نے آزاد ہو کر اپنا نام مالی رکھ لیا۔ اپر وولٹا 1960 میں آزاد ہو کر برکینا فاسو کے نام سے پکارا جانے لگا۔ کانگو اور گیبون پر 1960 تک فرانس کا قبضہ رہاہ۔ فرنچ صومالی لینڈ 1977 میں آزاد ہو کر ڈی جی بوٹی (جبوتی) بن گیا۔

فرانس نے ایشیا میں لاؤس، ویت نام اور کمبوڈیا کے علاقوں کو اکٹھا کر کے انڈوچائنا کے نام سے ان علاقوں پر 1954 تک اپنا قبضہ برقرار رکھا۔ اس کے علاوہ سپارٹلی اور پارسل آئی لینڈز پر اس کا چھ سال کے لئے قبضہ رہا۔ شام اور لبنان نے انیس سو چھیالیس میں فرانس سے آزادی حاصل کی۔

نیدرلینڈ

اس نے ڈچ ایسٹ انڈیز (موجودہ انڈونیشیا) کو 1603 سے لے کر 1949 تک اپنی کالونی بنائے رکھا۔ سری لنکا بھی 1640ء سے لے کر 1996ء تک ڈچ کالونی رہا۔

کالونائزیشن کے اس دور میں تمام یورپی اقوام نے مختلف ممالک پر قبضہ کر کے وہاں سے خام مال اپنے ملک لے جا کر اس کے ذریعے اشیاء بنا کر دوبارہ انہیں ممالک کو بیچا اور اس طرح تمام کا تمام سرمایہ یورپی اقوام نے یورپ میں ہی استعمال کیا اور جن ممالک کا یہ سرمایہ تھا انہیں اس کا برائے نام فائدہ ہوا۔

LEC 144 GK 33 USA HISTORY PART 1 (MAIN)

AMERICA

↓

(1)

North America

- North America
- central America
- Caribbean countries

Definition (2)

- North America (Canada + USA)
- Latin America (Mexico to Caribbean + south America)

Definition No 3

↓

America → North America + South America

Definition No 4

↓

America → USA (United State of America)

- اصل میں امریکن History یورپ کے اثر میں رہی ہے اور اس میں Spanish بولنے والے ممالک کو (Latin America) کہ دیا گیا ہے اور اس لیے یہ Latin America سے جانا جاتا ہے اور یہ Mexico (Latin America) سے south America سارا Spain کے پاس رہا ہے صرف Brazil Portugal کے پاس تھا باقی Spain کے پاس تھا۔

- ہمیں پتا ہے کہ یہاں Aztec Civilization جو کہ North America میں تھی اور (Mayan Civilization) تھی جو کہ México میں تھی جس میں دنیا کا مشہور عجوبا Chechen Itza ہے۔
- اس کے علاوہ South America میں Incan Civilization تھی اس کے لوگوں کو (Inca People) کہتے تھے۔ اور اس میں بلندی پہ ایک وادی تھی (Maccu pichu) تھی جو کہ 1911 میں دریافت ہوئی تھی۔

MAP UNDERSTANDINGS

- ➢ Great lakes Region is Situated on the border of Canada and USA.
- ➢ Largest Gulf of the world is 'Gulf of Mexico'.
- ➢ BAFFIN ISLAND near North America and the Bay of Baffin is between Baffin Island and North America.
- ➢ Davis Strait in between Baffin Island and Greenland.
- ➢ Greenland Island (Largest Island) near Baffin Island.
- ➢ Panama isthmus separates Atlantic Ocean from Pacific Ocean, and it's a narrow strip of land. Polar region is called Tundra Region in Geographical term.


ARTIC OCEAN
BUFFIN BAY
BUFFIN ISLAND
DAVIS STRAIT
(49th State)
Alaska
(Pacific mt) Peak
Rockies mt. Peak
CANADA
Oregon Territory
(Pacific ocean)
GREAT LAKE REGION
HUDSON BAY (LARGEST)
LAKE Superior (FW)
LOUISIANA STATE
FLORIDA STATE
MEXICO
GULF OF MEXICO (LARGEST)
BE
CUBA
GU
(North Atlantic Ocean)
(Caribbean Sea)
EL
HO
NI
CO
Hawaii State (50th State)
PANAMA (Isthmus)
Lesser Antills
Greater Pearls of Antills

FORMULA

BE GU EL HO NI CO + PANAMA ⟶ CENTRAL AMERICA.

Sr.No.	Acronym	Country Name	Capital
1	BE	Belize	Belmopon
2	GU	Guatemala	Guatemala City
3	EL	EL - Salvador	San - Salvador
4	HO	Honduras	Tegucigalpa
5	NI	Nicaragua	Managua
6	CO	Costa Rica	San Jose
7	PANAMA	Panama	Panama City

- ➢ Panama Canal separates North America (Panama) and south America (Venezuela) and connecting Pacific and Atlantic Oceans. Panama Canal opened in 1914. Length of Panama Canal is 82 Km.
- ➢ Caribbean Sea is the 2nd largest Sea of the world after the South China Sea.
- ➢ Cuba (Havana) ***sugar bowl*** of the world due to huge production of sugar cane.

گنا وہاں زیادہ ہوتا ہے جہاں پانی زیادہ ہوتا ہے اور یہاں Atlantic Ocean اور دوسرا Pacific Ocean اسی وجہ سے گنے کی پیداوار ہونے کی وجہ سے چینی زیادہ بنتی ہے۔

- ➢ Largest fresh water available in North America is due to its great lakes.
- ➢ Cuban Revolution in **1959**.The only communist country in North America is Cuba.

کیوبہ کا ایک لیڈر Fidel Castro تھا اور اس کا دوست Ernest Chee Guevara تھا انہوں نے 1959 میں Revolution میں کاسترو کی مدد کی۔

- کیریبیئین سمندر میں بہت سے جزائر ایسے ہیں جو فرانس، یوکے اور سپین کی overseas territories ہیں۔
- امریکن تاریخ کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ 1۔ یونائٹڈ سٹیٹس آف امریکہ: کیوں کہ یہ سپر پاور ہے اور اس کا پوری دنیا میں اثرورسوخ ہے۔ 2۔ باقی شمالی اور جنوبی امریکی ممالک سب سے پہلے ہم جنوبی امریکی ممالک کو دیکھیں گے۔ پھر امریکہ کی تاریخ کو سمجھنے کی کوشش کریں گے۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ 1492 میں کولمبس نے امریکہ دریافت کیا۔ وہ آسب سے پہلے Hispaniola Island پر پہنچا۔ اور اسے سپین کے حکمرانوں نے بھیجا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ یہاں سب سے پہلے سپین نے قبضہ کرنا شروع کیا۔ مگر سپین میں حکومت کے تقسیم ہو جانے سے پرتگال اور سپین علیحدہ ہوگئے جو آرگن اور کیسٹیل

خاندان کی رشتہ داری سے یکجا ہوئے تھے تو شمالی امریکہ میں (Central America+Mexico+Florida State) کچھ علاقہ اس کے علاوہ جنوبی امریکہ میں برازیل کے علاوہ باقی تمام علاقہ سپین کے قبضہ میں آگیا اور سپین نے یہاں پندرہویں صدی سے لے کر 1803 تک بلا شرکت غیرے حکمرانی کی۔ اس دوران دوسری یورپی طاقتیں فرانس اور یو کے نے شمالی امریکہ میں بہت سے علاقوں پر قبضہ کرلیا۔ فرانس کے پاس لوزیانہ سٹیٹ، اور کینیڈا تھے اور یو کے کے پاس Western side of Pacific Ocean کے ساحلی علاقے تھے۔ یہاں پر یہ بات ذکر کرنا ضروری ہے کہ جو ان طاقتوں کی افریقہ میں کالونیاں تھیں، یہ وہاں سے افریقن لوگوں کو غلام بنا کر لاتے تھے اور یہاں ان سے کام لیتے تھے۔ اس کے علاوہ ان کی خرید و فروخت بھی کرتے تھے۔ اس طرح لاکھوں افریقی لوگ شمالی امریکہ، جنوبی امریکہ اور مختلف جزائر پر بس گئے۔ انہیں میں سے ایک غلام Toussaint Louverture نے 1803 میں کیریبیئن سمندر میں موجود جزیرہ island of Hispaniola پر موجود ملک Haiti میں فرانس کی حکومت سے بغاوت کر کے دنیا میں غلاموں کی بغاوت کی پہلی مثال بنا اور اس طرح Haiti ایک آزاد ملک بن گیا۔ اس کا اثر باقی جنوبی امریکائی ممالک پر بھی پڑا اور 1803 سے لے کر 1830 تک تمام جنوبی امریکائی ممالک نے سپین سے آزادی حاصل کرلی۔ مگر ادھر آج بھی وہاں کے کلچر، لباس اور زبان میں ہسپانوی (Spanish) اثر نظر آتا ہے۔

- اگر شمالی امریکہ کی بات کریں، شروع میں تمام یورپی طاقتوں نے یہاں کے مقامی لوگوں کو کروڑوں کی تعداد میں قتل کیا اور اس کے بعد ان کے علاقوں پر قبضہ کرلیا مگر کچھ عرصہ بعد یہ یورپی طاقتیں آپس میں لڑنا شروع ہوگئیں جس میں سات سالہ جنگ (Seven Years War 1756-1763) میں فرانس اپنی شمالی امریکہ کی کالونیاں برطانیہ کے ہاتھوں ہار گیا۔ مگر برطانیہ بھی پرسکون انداز سے یہاں پر حکومت نہ چلا سکا جس کی وجہ فرانس کی مداخلت اور وہاں آباد یورپی باشندے یورپ سے آئے ہوئے حکمرانوں سے تنگ آچکے تھے اور وہ تقاضا کر رہے تھے (No Taxation without Representation) اور اس مقصد کے لیے انہوں نے برطانیہ کی ایسٹ انڈیا کمپنی کی لائی ہوئی چائے خریدنے اور اس پر ٹیکس دینے سے انکار کر دیا جو کہ کمپنی کو خسارہ سے نکالنے کے لیے لگایا جارہا تھا۔ اس ضمن میں (Boston Tea Party 1773) کا ذکر کرنا ضروری ہے جس میں مقامی امریکی لوگوں نے بوسٹن میں موجود ایسٹ انڈیا کمپنی کے جہازوں پر چڑھ کر 443 چائے کے ڈبے سمندر برد کر دیئے۔ اس پر برطانوی حکمران غصہ میں آگئے اور ان کے اہلکار ایک احتجاج کی جگہ کھڑے تھے اور احتجاجی مظاہرین پر اندھا دھند فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں قیمتی امریکی جانوں کا نقصان ہوا اور مقامی امریکی پہلے ہی ٹیکسوں کی وجہ سے برطانوی حکومت سے چھٹکارا چاہتے تھے اس پر اس واقعہ نے جلتی پر تیل کا کام کیا اور انہوں نے مصمم ارادہ کیا کہ اب برطانوی حکومت سے چھٹکارا حاصل کر کے رہیں گے۔ اس مقصد کے لیے جارج واشنگٹن کو 1775 میں لوکل آرمی کا کمانڈر مقرر کیا گیا جس نے برطانوی حکومت کے خلاف مسلح بغاوت کرنا تھی۔ یہاں سے امریکی جنگ آزادی (American War of Independence 1775) کا آغاز ہوا۔ اگلے ہی سال 4 جولائی 1776 کو 13 برطانوی کالونیوں نے مل کر (American Declaration of Independence) پر دستخط کیے۔ اس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

Declaration of Independence, in U.S. history, document that was approved by the **Continental Congress** on **July 4, 1776**, and that announced the separation of 13 North American British colonies from Great Britain. It explained why the Congress on July 2 "unanimously" by the votes of 12 colonies (with **New York** abstaining) had resolved that "these United Colonies are, and of right ought to be Free and Independent States." The 4th July, the day on which the Declaration of Independence was adopted, has always been celebrated in the United States as the great national holiday.

برطانیہ نے اس اعلان آزادی کو تسلیم نہیں کیا اور بغاوت کو دبانے کی بھرپور کوشش کی۔ فرانس نے جنگ آزادی میں امریکنوں کی بھرپور مدد کی اور بالآخر (Paris Agreement 1783) کے تحت امریکی جنگ ازادی امریکہ کی جیت کی صورت میں اختتام پذیر ہوئی اور برطانیہ نے امریکہ کو ایک آزاد ملک کے طور پر تسلیم کرلیا۔

IMPORTANT REGION OF CUBA

- ➢ Bahamas

- Jamaka → Kingston → USA in bolt.
- Barbados → Bridge town → Capital
- St – interisland Vigeant
- St – Vigeant and Grenada.
- Jamaica is called land of sprinters.
- Trindade and Tobago

Trindade and Tobago is called Land of Humming bird.

It can fly backward, It capital is Port of Spain,

- West Indies team → Made by their Caribbean Islands.
- USA purchase Alaska in 1867 from Russia.
- Cost of Alaska State 7.3 million dollar.
- Oregon Territory in west of Canada (Sea Map) on this Territory a treaty was signed in 1846 b/w (UK) and (USA). this treaty is called Oregon Territory Treaty.
- Louisiana State purchased from France in 1803.
- State of Florida purchased by Spain.

- 1526 جب پرتگالی North امریکہ میں آیا تو یہاں Uk, Spain, Nether land آ گیا۔ تو یورپی لوگ (Protestant Sect) جن پے ظلم ہو رہا تھا وہ بھی امریکہ آ گئے اور برطانیہ کی یہاں 13 کالونیاں تھی۔ یورپ اور امریکہ کے لوگ گورے تھے اور حکمران یورپ والے تھے وہ بھی گورے ہی تھے تو یورپ اپنا فوکس انڈیا پے رکھنا چاہتا تھا کیونکہ اس وقت میں انڈیا پر اس کا زیادہ دھیان تھا۔ اسی وقت میں۔

- Total great lakes are 15 → Africa = 10; America = 5

THERE ARE 5 GREAT LAKES IN NORTH AMERICA.

1. Lake Superior
2. Lake Michigan → most beautiful lake of the world →(Along with Chicago State)
3. Lake Huron
4. Lake Erie
5. Lake Ontario → in Canada.

- Horse shoe bay beech in Bermuda.
- Horse shoe community in Canada.
- Largest Border is b/w USA and Canada is also called 4, parallel line, having length 8893, and its is situated on 49-degree latitude.

LEC 147 GK 36 USA HISTORY PART 2 (REVISION)

اس نئی قائم ہوئی ریاست کو بہت سے چیلنجز کا سامنا تھا جن میں سب سے اہم ملک کے لیے آئین، پوری دنیا میں اپنے ملک کو تسلیم کروانا، اپنے ملک کی حدود کو وسعت دینا اور کنفیڈریشن کو مضبوط فیڈریشن میں تبدیل کرنا تھا۔ آئین بنانے کی غرض سے ایک کمیٹی قائم کی گئی جس کے سربراہ بینجمن فرینکلن تھے اور ان کی مدد جیمز میڈیسن (Father of American Constitution) اور تھامس جیفرسن نے کی۔ جس کے نتیجہ میں 1787 میں فلاڈیلفیا میں کنونشن میٹنگ میں امریکی آئین کی منظوری دی گئی۔ اور اس کے نتیجہ میں کمانڈنٹ چیف آف کانٹینینٹل آرمی، کانسٹی ٹیوشنل کنوینشن کے صدر جارج واشنگٹن کو 1789 میں ملک کا پہلا صدر منتخب کیا گیا۔ 1790 میں دارالحکومت کو نیویارک سے فلاڈیلفیا اور پھر آخر کار 1800 میں واشنگٹن ڈی سی میں منتقل کیا گیا۔ الیگزنڈر ہملٹن امریکہ کے پہلے فنانس منسٹر بنے۔ اور انہوں نے فیڈرلسٹ پارٹی کی بنیاد رکھی۔ 1794 میں تھامس جیفرسن اور جیمز میڈیسن نے پہلی اپوزیشن ڈیموکریٹک ریپبلکن پارٹی بنائی۔ حکومتی پارٹی برطانیہ سے تولقات کی خواہاں تھی جبکہ اپوزیشن اس کے مخالف تھی۔ یہاں پر یہ بات قابل ذکر ہے کہ امریکہ کا شمالی حصہ انڈسٹری پر منحصر تھا اور جنوبی علاقہ زراعت پر انحصار کرتا تھا۔ اس وجہ سے شمالی عاالقہ میں ملک میں موجود غلامی کو ختم کرنا چاہتا تھا کیوں کہ جنوبی علاقوں میں رہنے والے غلام شمالی علاقوں میں آکر کارخانوں میں نوکری کریں اور ملک کو زرعی ملک سے صنعتی ملک بنایا جاسکے۔ اس کے برعکس جنوبی علاقہ کے آبادکار غلامی کے حق میں تھے تاکہ ان کی زمینوں پر کام کرنے کے لیے لوگ موجود رہیں۔ ملک کو کانفیڈریشن سے مضبوط فیڈریشن میں تبدیل کرنے میں یہ اختلاف سب سے بڑی رکاوٹ تھا۔ جارج واشنگٹن کے بعد 1797 میں جان ایڈمز ملک کے دوسرے صدر بنے جو 1801 تک صدر رہے۔

1789 میں امریکن سپریم کورٹ بھی قائم ہوگئی تھی جس کے پہلے چیف جسٹس John Jay بنے۔ مگر صحیح معنوں میں سپریم کورٹ کو اختیارات جان مارشل نے 1801 سے 1835 کے دوران دلوائے۔ 1801 میں امریکہ کے تیسرے صدر تھامس جیفرسن جن کا کارنامہ 1803 میں فرانس سے Louisiana State خریدنا ہے۔ امریکہ کے چوتھے صدر جیمز میڈیسن 1809 سے 1817 تک صدر رہے۔ 1812 میں امریکہ اور برطانیہ کی جنگ ہوئی اور کینیڈا کے محاذ پر برطانیہ کے Indian Troops کو شکست ہوئی۔ اس جنگ میں برطانیہ نے واشنگٹن شہر کو جلادیا مگر Baltimore میں امریکیوں نے برطانوی فوج کو پیچھے دھکیل دیا۔ اس کے بعد جیمز منرو 1817 میں پانچویں صدر بنے اور 1825 تک رہے۔ جنہوں نے منرو ڈاکٹرائن دیا جس کے مطابق کوئی بھی یورپین طاقت دونوں امریکہ میں کوئی نئی کالونی نہیں بنائے گی اور امریکہ بھی اپنے آپ کو یورپ کے معاملات سے دور رکھے گا۔ اور اسی دور میں سپین سے فلوریڈا کا علاقہ بھی 1819 میں معاہدہ کر کے لے لیا گیا۔ چھٹے صدر کوئنسی ایڈمز 1825 سے 1829 تک رہے۔

اینڈریو جیکسن 1829 سے 1837 تک امریکہ کے صدر رہے۔ انہوں نے 1828 میں ڈیموکریٹک پارٹی کی بنیاد رکھی (موجودہ صدر جو بائیڈن کا تعلق بھی ڈیموکریٹک پارٹی سے ہے۔)۔ اسی دور میں ایک اور پارٹی جس کو فیڈرلسٹ پارٹی کا متبادل سمجھا جاتا ہے جس کا نام Whig Party ہے۔ 1854 میں Kansas-Nebraska Act

نے اس پارٹی کا اختتام کر دیا۔ 1854 میں ہی ایک اور پارٹی The Republican Party also referred as Grand Old Party کی بنیاد ابراہام لنکن نے رکھی۔ 1841 میں ولیم ہیریسن مختصر ترین عرصہ ایک ماہ تک صدر رہے، اس دوران ان کا انتقال ہو گیا۔

Mexican-American War 1846-1848 جس میں امریکہ نے میکسیکو کا ٹیکساس کا علاقہ اپنے قبضہ میں لے لیا۔

1861 میں سولہویں امریکی صدر ابراہام لنکن پہلے ریپبلکن امریکی صدر بنے۔ انہیں کے دور حکومت میں امریکہ میں سول وار اپریل 1861 سے شروع ہوئی جب کنفیڈریشن کی افواج نے US Military پر حملہ کر دیا۔ اس کی بنیادی وجہ Slavery تھی۔ ابراہان لنکن غلامی کو ختم کرنا چاہتے تھے اور ساؤتھ میں موجود کنفیڈریشن غلامی قائم رکھنا چاہتے تھے۔ 1865 میں یونین آرمی کو فتح ہوئی اور غلامی کا بھی باقاعدہ خاتمہ 1865 میں ہوا۔ ابراہام لنکن پہلے امریکی صدر ہیں جنہیں دوران اقتدار قتل کیا گیا۔ اینڈریو جانسن 1865 سے 1869 تک امریکہ کے 17 ویں صدر رہے۔ 1881 میں آفس کے دوران طبعی موت مرنے والے دوسرے امریکی صدر جیمز اے گارفیلڈ تھے۔ امریکہ کے دوسرے قتل کیے جانے والے صدر ولیم میکنلی 1897 سے 1901 تک صدر رہے۔ اس کے بعد تھیوڈور روزویلٹ 1901 سے 1909 تک صدر رہے۔ پہلی جنگ عظیم کے دوران امریکی صدر وڈرو وِلسن تھے۔ یہ 1913 سے 1921 تک صدر رہے۔

- 1st largest mountain range in south America Andes range - Mt. Aconcagua ‘is the highest mountain of this range.
- Two great rivers of North America originate from Rocky Mountain Range which is largest mountain range of North America and second longest in the world.
  1. Missouri River is 3763 KM long.
  2. Mississippi River is 3730 KM long.
- Missouri River is the tributary of river Mississippi river.
- **Isthmus**: A narrow strip of Land that connects two larger land masses and separates two water bodies.
- Canal: A artificial water way that separate two land mass and join two water bodies.

GREAT LAKES IN NORTH AMERICA

- **Lake Superior** is the largest fresh water lake in the world (**Area wise**)
- Lake Eire
- Lake Ontario (Canada)
- Lake Huron (Canada)
- Lake Michigan is Along with Chicago state of America.
- **Lake Baikal** in Siberia is the deepest and 2nd largest Lake in the world and Volume wise it is largest Fresh water lake in the world.

- Mississippi river and Missouri river flows through Illinois state of America. Obama belongs to Illinois state.

امریکہ میں California کی ریاست ہے اور اس کے اوپر Oregon ریاست ہے جس پر امریکہ اور برطانیہ کے درمیان 1818 معاہدہ ہوا اور اس کے نتیجہ میں یہ ریاست امریکہ کو ملی۔

FAMOUS RIVERS OF AMERICA

1. Mississippi River
2. Missouri River + Colombia river
3. Red river
4. Ohio river + Snake River
5. Colorado river
6. Tennessee river

- (great lake) Region کا زراعت کے اعتبار سے اہمیت کا حامل ہے اور امریکہ کی زیادہ زراعت اسی علاقے میں ہوتی ہے کیونکہ یہاں تازہ پانی زیادہ ہے۔
- دیکھا جائے تو (Pacific Ocean) سے warm Air / Winds آتی ہیں اور اوپر یعنی Arctic Ocean سے Cold winds آتی ہیں اور جب یہ collide کرتی ہیں۔ تو یہ گول گول گھومتی ہیں تو انہیں ہم مختلف طوفان کا نام دیتے ہیں۔

1. Tornado
2. Hurricane
3. Cyclones

DAMS

- Hoover dam is the second tallest dam of America and constructed in 1932. ON(COLAMIBA) river in Washington DC State.
- Grand Coulee dam → largest concrete dam in the world.
- Three Gorges dam is the largest electricity generating dam in the world located in China. Its Power Generation Capacity is (22500MW).
- Largest earth filled dam in the world is Tarbela dam. It has Power generating capacity of 4500 MW In (SAWABI)

CITIES ON RIVERS

- New York is on Hudson River
- Philadelphia is on Delaware River.
- Washington DC is on Potomac River.


M
Rockes Mt. Range
Davis Strait.
Buffin Island
Green Land
Pacific Mt. Range
Alaska 49th State
From Russia
Vencore
British Columbia
Hudson Bay
Aplachian Mt Range
اس کے East پے 13 کالونیاں
سال کی تھی
Superior
Lake Ontario
Michgan Lake
W. DC (capital)
Industrial Region
Erie
California State
Huran Lake
Technological Region (Amazon)
Mexico Gulf
Greater Antills
Cuba
Lesser Antills
Hawai State
50th State

Philadelphia is a city in Pennsylvania

STATE.FAMOUS STATES OF AMERICA

1. Mississippi State
2. Missouri State
3. Virginia State
4. Illinois State .
5. Alaska State 49th.
6. Hawaii State 50th
7. Nevada State
8. South Dakota State
9. North Dakota State

11- South Carolina

12 – North Carolina

10. Delaware State (Joe Biden Belongs)
11. Pennsylvania State.

- Narmada River جو کہ انڈیا میں ہے اور St. Lawrence River جو کہ Canada میں ہے یہ ایسے دریا ہیں جو کہ بغیر ڈیلٹا کے ہیں یعنی کے کسی دوسرے دریا میں گرنے سے پہلے جو ڈیلٹا بناتے ہیں جڑیں بناتے ہیں۔ یہ دونوں دریا جڑیں نہیں بناتے بلکہ Direct ہی گر جاتے ہیں۔

➢ Quebec is the city of Canada situated on St. Lawrence River.

IMPORTANT RIVERS OF CANADA

1. Nelson River
2. Mikenzie River
3. Churchill River
4. Frazer River
5. Ottawa River

WATER FALLS OF CANADA

➢ Churchill water Fall

WATER FALL OF AMERICA

➢ Nevada water fall in Nevada State.

➢ Yosemite water fall it is the highest water fall of America in California.

➢ Niagara water fall. Originate from Lake Erie and fall in Huron lake. It consists on O3 water falls (America fall, Horse shoe fall, Niagara fall) It situated on the border of America and Canada and most beautiful fall of America.

FAMOUS CITIES OF CANADA

1. Ottawa City
2. Quebec City
3. Montreal City

➢ Capital of California is San Francisco.

➢ Loss Angel is the famous area of California and headquarter of google and apple in loss angles.

➢ Golden gate bridge in San Francisco.

➢ There is a Death Valley in California and having hot weather.

➢ Detroit State

➢ Detroit State is famous for Auto mobile.

LEC 150 GK 39 World War Complete Background (MAIN)

- ہمیں پتا ہے کہ کونسٹنٹینوپل جب فتح ہوا تو وینس اور فلورینس (موجودہ اٹلی) میں لوگ آباد ہونا شروع ہو گئے تو ان لوگوں کی وجہ سے آئل پینٹنگ اور لٹریچر کا دور شروع ہو گیا۔ انڈسٹریل انقلاب آ گیا جو کہ سپائننگ جینی (چرخہ۔ سادہ مشین) سے شروع ہوا اور اسی طرح آگے آگے کام چلتا گیا۔
- یعنی کہ یوکے میں انڈسٹریل انقلاب آ گیا اور پھر اس طرح یوکے فرانس اور سپین نے بہت سی ایجادات ہوئیں کیونکہ یہ اٹلانٹک سمندر کی کوسٹ لائن پہ تھے۔ اس لئے زیادہ ایجادات ہوئیں۔
- 1830 میں یونان نے آزادی کا اعلان کر دیا اور اب آہستہ آہستہ بلقان کے ممالک آزاد ہو گئے ہیں اور اس کے زیادہ تر لوگ نسل کے اعتبار سے سلاویک ہیں
- نیچے دیے گئے نقشے کے اعتبار سے اپنے ہاتھ سے ایک بار یورپ کا نقشہ بنا لیں اور پھر دوسرا نقشہ جنگ عظیم اول کے اعتبار سے بنائیں۔


Black Area
Austria Hungarian Empire
N L
G
P.L
BELA
UKRINE
BELG
LA
SW
FRAN
CRO
SV
AUST
IHUN
SLO
CRO
ROMANIA
BULG
BOS
SERBIA
MT
ABAN
K
MS
GREE
B.SEA
TUR
Cremia
GREEN Area
عثمانیہ خلافت
Gallipuli peninsula
PAPA state
Genoa Seaport
Ity
Naple
Sardina ISLAND
Sicly ISLAND

2

- The first Chancellor of Germany is Otto Van Bismarck (1871)
- یعنی یورپ میں پہلے جو جنگی معاملات ہو رہے تھے وہاں 3 طرح کی پاورز تھیں۔

1- Clergy Power / Holy Roman Empire.

2- Monarchs.

3- Commons

دنیا کی تاریخ کو دیکھا جائے تو یہ مختلف ادوار میں مختلف معاشی اور معاشرتی طبقات میں تقسیم رہی ہے مثال کے طور پر انسان پہلے غاروں میں رہتا تھا تو جب اس نے پچاس ہزار سال پہلے بولنا سیکھا اور زراعت سے واقف ہوا تو اس نے غاروں سے نکل کر معاشرے کی صورت میں رہنا شروع کر دیا۔ یعنی نظام کے اندر یکسر تبدیلی ہوئی اور اس سے تجارت کا شعبہ وجود میں آیا اور لوگوں کی صلاحیت کے مختلف پہلو بھی سامنے آئے۔ اور اس دور میں ارسطو، سقراط، افلاطون جیسے فلسفیوں نے نظریات پیش کیے۔

کیونکہ انہوں نے ایک زراعت سے متعلق معاشرے کے لیے اور جنگوں میں ملوث طبقات کے لیے نظریات دیے تھے۔ اگر لوگوں کو دیکھا جائے تو اس وقت کچھ زراعت سے منسلک تھے، کچھ تجارت سے منسلک تھے، کچھ فوج سے منسلک تھے اور کچھ لوگ حکومت کے ساتھ منسلک تھے یعنی معاشرہ چار طرح کے طبقات میں تقسیم تھا۔ اور اس کے لیے فلسفیوں نے جو نظریات دیے وہ انہیں سے متعلق تھے۔ اور ان طبقوں کے آپس کے اختلاف حل کرنے کے لیے ایک انصاف کے نظام کے لیے بھی اپنی تجاویز دیں۔ لیکن جس دور میں اب ہم داخل ہو چکے ہیں اس میں معاشرے کے طبقات یکسر تبدیل ہو چکے ہیں اور معاشرے میں طاقت کے توازن کو تبدیل کرنے کے لیے اور ایک نیا نظام لانے کے لیے پہلی عالمی جنگ ناگزیر تھی۔ اگر ہم پہلی جنگ عظیم سے قبل مختلف طبقات کا جائزہ لیں تو یہ یکسر تبدیل ہو چکے تھے۔

اب ایک صنعتی انقلاب آ چکا تھا اور زراعت سے منسلک لوگوں کو کوشش کر کے یا زبردستی صنعتی شعبہ میں لایا جا رہا تھا۔

جہاں تک زرعی معاشرے کی بات ہے، یورپ میں فیوڈلز (جنہیں مشرقی اصطلاح میں جاگیر دار کہا جاتا ہے) مونارک کی اشیر باد اور باقاعدہ اجازت ناموں کے ذریعے لوگوں سے کام کروا کے پیداوار پہ قابض رہتے تھے اور اس کے بدلے انہیں محض اتنا معاوضہ دیتے کہ وہ بمشکل گزارا کر سکیں۔ اس وقت معاشرہ انہیں دو طبقات پر مشتمل تھا یعنی فیوڈلز اور پیزنٹس (کسان)۔ صنعتی انقلاب آنے سے انہیں فیوڈلز نے اب صنعتی شعبہ میں سرمایہ کاری کی اور کارخانوں میں کام کرنے کے لیے لیبر کلاس کی ضرورت پڑی انہیں، اس طرح انہوں نے پیزنٹس کو زبردستی صنعتی شعبہ میں دھکیل دیا۔ اب اس وقت تک زیادہ توجہ صنعت کی طرف مبذول ہو چکی تھی اور رفتہ رفتہ زراعت کا شعبہ روبہ زوال ہونا شروع ہو گیا۔ سمندری حدود رکھنے والے ممالک ہی کالونیاں بنانے میں کامیاب ہوئے تھے اور اس طرح خام مال کی بہتات سے انہوں نے کارخانوں میں مصنوعات کی پیداوار بڑھا کر سرمایہ کمانا شروع کر دیا۔ اس ضمن میں زیادہ سے زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لیے مزدوروں سے کم معاوضہ پر بہت زیادہ کام لیا جانے لگا۔ یعنی اب اس نئے دور میں بھی استحصال جاری رہا۔ اس صنعتی دور میں بھی معاشرہ طبقاتی تقسیم سے باہر نہ نکل سکا۔ دو طبقات بن گئے تھے: ایک وہ طبقہ جو وسائل پر قابض تھا اور دوسرا محنت کش طبقہ جو اب ہنر مند مزدور (سکلڈ لیبر کلاس) طبقہ۔ اس دور میں استحصال عروج پر پہنچ گیا تھا۔ مزدوروں کی دادرسی کے لیے عدل کا کوئی خاطر خواہ نظام بھی موجود نہ تھا۔ ایسے میں جرمن فلسفی کارل مارکس اور فریڈرک اینگل سامنے آئے اور انہوں نے ایک نظریہ پیش کیا جسے عرف عام میں اشتراکیت کا نظریہ کہا جاتا ہے۔ انہوں نے وسائل اور ذرائع پیداوار پر قابض طبقہ کو بورژوا یعنی سرمایہ دار اور دوسرا وہ طبقہ جو محنت کش تھا اور ان کی محنت کی بدولت خام مال مصنوعات کی صورت میں بدلتا اور اس سے سرمایہ کار کے سرمایہ میں اضافہ ہوتا جا رہا تھا مگر اس قدر زائد میں محنت کش طبقہ کو کوئی اضافی معاوضہ نہیں دیا جاتا تھا۔ اس طبقہ نے اپنی دولت کے بل بوتے پر 1688 سے 1689 میں انگلینڈ جیسے ملک کے کیتھولک مذہب سے تعلق رکھنے والے بادشاہ جیمز دوئم کو ہٹا کر اپنی مرضی کا ایک پروٹسٹنٹ بادشاہ بٹھا دیا، تاریخ میں اسے بلڈ لیس گلوریئس انقلاب کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اس تبدیلی کے ذریعے انہوں نے پچھلے نو سو سال سے قائم مذہب اور مونارک کی طاقت کا اثر ختم کر کے بظاہر پارلیمانی جمہوری مگر درحقیقت فری مارکیٹ اکانومی یا

سرمایہ دارانہ نظام سے تعلق رکھنے والے طبقہ کو اقتدار میں لے آئے اور جس کے ذریعے سے وہ تا حال اسی نظام کو قائم رکھے ہوئے ہیں۔ چنانچہ کارل مارکس نے اس طبقاتی کشمکش کے خاتمے کے لیے یہ نظریہ پیش کیا کہ وسائل اور ذرائع پیداوار سرمایہ دار کے بجائے ریاست کے کنٹرول میں ہونا چاہیے اور اس ریاست پہ حکمرانی محنت کش طبقہ یعنی پرولتاریہ جو کسی بھی ملک کا کم از کم نوے فیصد ہوتا ہے۔ اور یہ حکومت قائم کرنے کے لیے اس نے کہا کہ بورژوا اور پرولتاریہ کے درمیان ایک مستقل کشمکش یا جنگ کے نتیجہ میں قائم ہو گی کیونکہ نوے فیصد طبقہ کے سامنے دس فیصد طبقہ کا کھڑا رہنا ناممکن ہے۔ اب اس میں مختلف فلسفیوں نے مختلف نظریات دیے جس سے معاشرہ مختلف گروہوں میں تقسیم ہو گیا جیسے ایک طبقہ کہتا تھا کہ ہمیں مزدوروں کی حکومت قائم کرنے کے لیے انقلاب کے بجائے سرمایہ داروں کے بنائے ہوئے جمہوری نظام میں حصہ لیتے ہوئے حکومت حاصل کرنی چاہیے اور اپنے نظام کو نافذ کرنا چاہیے۔ انہیں سوشل ڈیموکریٹس کہتے ہیں۔ اور دوسری طرف ایک اور طبقہ کمیونسٹ جس کے مطابق سرمایہ دارانہ نظام کے رہتے حکومت میں آنا ناممکن ہے کیونکہ اس نظام نے اپنی جڑیں سرمایہ داری، انڈسٹریز اور ملٹی نیشنل کمپنیوں کے ذریعے بہت زیادہ گہری کر لی ہیں اور یہ بہت زیادہ منافع اور سودی نظام کے ذریعے بہت زیادہ طاقتور ہو چکے ہیں اور ووٹ کو بآسانی خرید سکتے ہیں۔ اس لیے ان کو ہٹا کر پرولتاریہ کی حکومت قائم کرنے کے لیے ایک انقلاب کی ضرورت ہے ۔ جس کی واضح مثال ہمیں رشیئن ایمپائر میں نظر آتی ہے۔ یہاں پر ایک رشیئن سوشلسٹ ڈیموکریٹک لیبر پارٹی اس وقت کے مونارک کو ہٹا کر کارل مارکس کے بتائے ہوئے نظام کو قائم کرنا چاہتی تھی۔ کیونکہ بیسویں صدی کے اوائل تک تمام یورپی ممالک میں بادشاہتیں ختم ہو رہی تھیں اور ان کے نتیجہ میں سرمایہ داروں کی بنائی ہوئی جمہوری حکومتیں قائم ہو رہی تھیں۔ اس طرح پوری دنیا کے زیادہ تر طاقتور ممالک میں سرمایہ دارانہ نظام اپنے پنجے گاڑ رہا تھا اور اگلے کئی سو سال تک اپنی اجارہ داری قائم کرنا چاہ رہا تھا مگر اس کے برعکس جن ممالک کو اس کا ادراک تھا وہ اپنے ملک میں سرمایہ داری کے بجائے اشتراکیت کا نظام لانا چاہتے تھے۔ تو رشین ایمپائر میں 1904 سے 1905 میں رشیئن سوشلسٹ ڈیموکریٹک لیبر پارٹی نے منظم ہو کر نکولس دوئم کے خلاف احتجاج کیا مگر وہ ناکام رہے تو پھر اس پارٹی میں اختلاف سامنے آیا جس کی وجہ سے یہ پارٹی دو حصوں میں تقسیم ہو گئی۔ ایک کو مینشیوک اور دوسری کو بولشیوک کہتے ہیں۔ مینشیوک نرم انقلاب لانا چاہتے تھے مگر بولشیوک جسے ولادیمیر لینن لیڈ کر رہے تھے سرخ انقلاب لانا چاہتے تھے۔ آگے چل کر جنگ عظیم اول کی تفصیلات میں ہم انقلاب روس کا ذکر کریں گے۔

ارسٹوکریسی (اشرافیہ): یہ حکومت کا مراعات یافتہ طبقہ ہوتا ہے اور حکومتی رٹ قائم رکھنے میں حکومت کا معاون ہوتا ہے اور یہ طبقہ نسل در نسل اشرافیہ بھی ہو سکتا ہے اور حکومت کی طرف سے نیا چنا ہوا بھی ہو سکتا ہے۔

- یعنی پوپ کی پاور جب ختم ہو رہی تھی تب ایک فیڈرل لورڈ / ارسٹوکریسی آ گئے اور نیچے سے ایک لبرل بھی آ گئے ہیں اور مونارک کے ساتھ کنزرویٹو بھی آ گئے ہیں۔ لبرل جو کہ مرکنٹائل تھے وہ چاہتے ہیں کہ معاملات ان کے پاس اور پاور ان کے پاس ہو اور یہ زیادہ سے زیادہ تجارت کریں اور ہولڈ ان کا ہو۔
- جب کوئی نئی پاور بن رہی ہو تو اس کو اوپر نہیں آنے دیا جا رہا ہوتا اور یہاں پہ ویانا کنونشن کر کے آسٹریہ، پرسشیا اور جرمنی کو دے دیا جاتا اور فرانس کو بھی چھیڑا نہیں جاتا تاکہ وہ دوبارہ اس پرانی ریوولوشن کے اثرات یہاں یورپ میں نہ لے آئیں۔
- اٹلی کی بھی یونیفیکیشن ہو گئی اور ایمانوئل-2 کے کنٹرول میں آ گیا ہے۔

- Italy's central area is called Pope State.

- آسٹریو ہنگیرین ایمپائر نے پھر بوسنیا کو بھی اپنے کنٹرول میں کر لیا اور اس کے پاس مختلف ایتھنیسٹی کے لوگ ہیں۔ جرمنی بولنے، اٹلی بولنے اور سلاویک بھی ہیں۔ یعنی ڈائورس ایتھنیسٹی کے لوگ ہیں۔
- اب آسٹریو ہنگیرین ایمپائر کہہ رہی ہے کہ یہ بلقان پینسولہ کے سلاویک لوگ میرے ساتھ مل جائیں۔

- سربیہ، بلغاریہ اور گریس اپنے اپنے اندر ہی چاہتے تھے کہ ان کے پاس کنٹرول ہو یعنی کہ بلقان پیننسولہ آزاد ہوا ہے اور یورپی لوگ چاہتے ہیں کہ اس علاقے میں ہمارا ہولڈ ہو۔
- روس سربیا کو کنٹرول کر رہا ہے یعنی اس کا حامی ہے اور چاہتا ہے کہ سربیا کے پاس یہ علاقہ آجائے اور یہ روس کے پاس ہی ہے اور بس پھر کام ہو جائے گا کیونکہ وہاں بھی سلاویک ہیں۔
- آسٹرو ہنگیرینٔ ایمپائر کہتا ہے کہ میرے علاقے جو سلاویک لوگ ہیں وہ بغاوت کریں اور یہ علاقہ مجھے دے دیں اب آسٹریا اور روس کی بن نہیں رہی۔
- یعنی کہ روس سربیا کے ساتھ ہے اس کو سپورٹ کر رہا ہے اور آسٹریو ہنگیرینٔ ایمپائر اس کے خلاف ہے۔
- اور 1912 میں بلقان ممالک نے مل کر ایک بلقان لیگ بنائی ہے جس نے عثمانیہ کے خلاف پہلی بلقان جنگ لڑی اور اس میں بلقان جیت گئی ہے۔

- **First Balkan War → 1912**
- Balkan Countries vs. Ottoman Empire.
- Balkan League won.

- پھر اس کے بعد 30 مئی 1913 میں ایک لندن معاہدہ ہوا۔

- London Treaty 1913.

- جولائی 1908 میں کیونکہ ایک انٹرنل ریوولوشن ہوا ہے اور اوٹومان ایمپائر کی پارلیمنٹ میں ینگ ترک آگئے ہیں اور اسے لندن معاہدے میں بہت سے علاقوں مثلاً البانیہ، مقدونیہ اور سربیا وغیرہ کو آزادی دینا پڑ گئی اور پھر بلغاریہ نے پہلی بلقان جنگ میں سربیا اور مقدونیہ کی کوسٹ لائن پر ہولڈ کر لیا۔

- **2nd Balkan War**
- Bulgaria VS Ottoman Empire + Serbia + Balkan
- Bulgaria loss

- ٹرپل الائنس جس میں اٹلی، آسٹرین ایمپائر اور پروشیئن ایمپائر / جرمنی شامل تھے، نے یہ معاہدہ کیا تھا کہ ہم میں سے کسی ایک پر حملہ پورے الائنس پر حملہ کے مترادف ہو گا۔ جبکہ دوسری طرف فرانس، روس اور یوکے نے اینٹنٹے الائنس کر لیا تھا۔

یعنی کہ اب آسٹریو ہنگیرینٔ ایمپائر نے پہلے ہی بوسنیا پر قبضہ کر لیا ہے۔ بلغاریہ ہار گیا اور سربیا کنٹرول میں آگیا ہے۔ یہ تمام حالات جو آپکو اوپر بتائے گئے یہ جنگ عظیم اول کا پس منظر ہیں۔ اب اگر ہم جنگ عظیم اول کی بات کریں تو یہ 28 جولائی 1914 سے لے کر 11 نومبر 1918 تک پورے یورپ اور افریقہ میں اس کی کالونیوں جن میں اٹلی کے پاس لیبیا، برطانیہ کے پاس روڈیشیاء (جو آج کے زمبابوے اور زیمبیاء پر مشتمل ہے)، ساؤتھ افریقہ اور مصر، فرانس کے پاس پورا نارتھ افریقہ (مصر اور لیبیا کے علاوہ)، پرتگال کے پاس انگولا، ساؤتھ ایسٹ افریقہ (موزمبیق)، بیلجئم کے پاس سینٹرل افریقن ریپبلک اور جرمنی کے پاس ساؤتھ ویسٹ افریقہ (نمیبیا)، اور ایسٹ افریقہ (تنزانیہ) اور ایشیاء میں برصغیر، میانمار، پیسیفک سمندر کے جزائر یعنی دنیا کے تین براعظموں پر لڑی گئی۔ اٹلی حالانکہ ٹرپل الائنس کا حصہ تھا مگر جنگ کے شروعات میں اس نے حصہ نہیں لیا۔ مگر بعد میں 1915 میں اپنی سائیڈ تبدیل کر لی اور ٹرپل اینٹنٹے کے ساتھ مل گیا۔ جاپان ٹرپل اینٹنٹے کا حصہ بنا کیونکہ یہ پیسیفک سمندر میں موجود جرمنی کے جزائر پر قبضہ کرنا چاہتا تھا۔ اب آگے بڑھتے ہوئے اگر ہم جنگ عظیم اول کے فوری سبب کی بات کریں تو Ferdinand Joseph جو آسٹریو ہنگیرینٔ ایمپائر کا ایک بادشاہ ہے اور اس کا بھتیجا فرڈیننڈ ہے جو کہ ولی عہد ہے۔ (یعنی کہ اگر فرڈیننڈ جوزف مرے گا تو فرڈیننڈ بادشاہ بنے گا)۔ یہی فرڈیننڈ اپنی بیوی کے ساتھ سربیا کے علاقے بوسنیا میں وزٹ کے لئے گیا تو وہاں ان

دونوں کو ایک بوسنین سرب لڑکے نے قتل کر دیا تو اس کے نتیجہ میں 28 جولائی 1914 کو آسٹریا نے سربیا کے ساتھ جنگ کا اعلان کر دیا۔ یہ شروعاتی حملہ بیسویں صدی کی سب سے بڑی ہار ثابت ہوا اور سربیا نے آسٹریا کو اس محاذ پر شکست دے دی۔

- اس جنگ میں ٹرپل الائنس کی وجہ سے جرمنی نے آسٹریا کا ساتھ دیا اور ٹرپل اینٹنٹے الائنس کی وجہ سے رشیاء نے سربیا کا ساتھ دیا۔
- پھر روس نے اپنے ٹروپس کو پولینڈ والی سائڈ پر تعینات کر دیا کیونکہ اس وقت بیلاروس، یوکرائن اور بالٹک ریاستیں روس کے پاس تھیں۔
- Schlieffen Plan جو کہ جرمنی کے ایک جرنیل نے پیش کیا اگر دو طرفہ جنگ ہو گئی تو ہم پہلے بیلجئم کے راستے فرانس پہ چڑھائی کر کے اس پر قبضہ کر لیں گے پھر اس کے فوراً بعد پولینڈ کے راستے روس پہ حملہ کریں گے۔ اب 4 اگست 1918 کو جرمنی نے بیلجئم کی نیوٹرلٹی کا خیال کیے بغیر اس پر حملہ کر کے اس کے زمینی راستے سے فرانس پر حملہ کر دیا۔ اس صورت میں بیلجئم اور یو کے کا ایک پرانا معاہدہ تھا کہ اگر بیلجئم پر کوئی حملہ ہو گا تو یو کے اس کی مدد کو آئے گا۔ چنانچہ اسی دن یو کے نے جرمنی کے خلاف اعلان جنگ کر دیا۔ جرمنی نے ابتدائی طور پر بیلجئیم پر قبضہ کرتے ہوئے کچھ دنوں میں فرانس پر حملہ کر دیا لیکن یہاں پر Schlieffen Plan پر عمل نہ ہو سکا اور Battle of Marne میں فرانس اور برطانیہ نے جرمنی کو فرانس کے محاذ پر روک لیا اور جرمنی دو سال ادھر فرانس اور برطانیہ کا مقابلہ کرتا رہا اور روسی سائیڈ سے مسلسل پریشر بنتا رہا۔ اگر بیرونی محاذ کی بات کریں تو سلطنت عثمانیہ جو کہ یورپی ممالک کی مقروض تھی اور یہ سوچ کر عثمانیہ سلطنت نے جرمنی کا ساتھ دینے کا فیصلہ کیا کہ جیت کی صورت میں یورپی ممالک سے اپنے قرضے معاف کروالے گی۔ اس محاذ پر ایک مشہور جنگ ہوئی جسے گیلی پولی جنگ کے نام سے جانا جاتا ہے۔ یہ جنگ 1915 سے 1916 تک لڑی گئی اور اس میں Entente Powers درہ دانیال (Dardanelles Strait) سے رسائی چاہتے تھے۔ اس جنگ میں عثمانی سلطنت کی جیت ہوئی اور آسٹریلیا، نیوزی لینڈ (جو کہ تاج برطانیہ کے ماتحت تھے) سے آئے ہوئے فوجیوں کو بری طرح سے شکست ہوئی۔ تاہم، اس جنگ میں عثمانی فوجوں کا بھاری جانی نقصان ہوا۔

LEC 151 GK 40 WW1 INFORMATION (MAIN)

یو ایس اے 1914 سے 1917 تک جنگ کا حصہ نہ بنا اور دونوں پارٹیز کو ہتھیار بیچتا رہا۔ مگر پھر یو ایس اے کی پہلی جنگ عظیم میں فارمل انٹری 1917 میں ہو گئی۔ کیوں کہ جرمنی نے USA کی سب میرین پہ حملہ کر دیا تھا اور دوسری طرف جرمنی نے میکسیکو کو ٹیلی گراف بھیجا تھا کہ تم یو ایس اے پہ حملہ کر دو ہم تمہارا ساتھ دیں گے وہ ٹیلی گراف یو USA نے Intercept کر لیا تھا۔ ٹیکساس کا ریجن میکسیکو کے پاس تھا لیکن یہ ریجن اس سے امریکہ نے لے لیا ایک جنگ لڑ کر پھر یہ وہی وجہ تھی کہ جرمنی اس میکسیکو کو بھڑکا کر جنگ کے لیے آمادہ کر رہا تھا۔ اسی وجہ سے ہی امریکہ 1917 میں پہلی جنگ عظیم میں آ گیا۔ اور اس کے بیس لاکھ فوجی اس جنگ میں شرکت کے لئے آ گئے اور انہوں نے فرانس کے محاذ پر جرمنی کے ساتھ مقابلہ کیا۔

Triple Alliance → Germany + Italy + Austria

Triple Entente → France + UK + Russia + Italy + USA

RUSSIA

روس کا بادشاہ نکولس دوئم اینٹنٹے کے ساتھ تھا اور جرمنی کے خلاف لڑ رہا تھا مگر یہاں پر عوام بادشاہ کے خلاف تھے اور عوام کو جو پارٹی لیڈ کر رہی تھی اس کے دو گروپس میں سے مینشیوک نے بادشاہ کو مارچ 1917 میں تخت سے ہٹا دیا اور قید کر دیا۔ مگر اس پارٹی کا دوسرا گروپ بولشیوک جس کی سربراہی ولادیمیر لینن کر رہے تھے۔ اکتوبر 1917 میں بولشیوک گروپ نے بادشاہ کو اس کی فیملی سمیت قتل کر دیا اور روس میں ایک سول وار کا آغاز ہو گیا جو 1917 سے 1922 تک چلی۔ یہ سول وار دو گروہوں کے درمیان تھی جس کا اختتام بولشیوک کی جیت پر ہوا۔ ایک نئی ریاست جسے یو ایس ایس آر (یونین آف سوویت سوشلسٹ ریپبلک) کا قیام عمل میں لایا گیا۔ یہاں پر سوویت سے مراد مزدوروں کا وہ گروپ ہے جو سیاست میں حصہ لیتا ہے۔ روس اس طرح کی سینکڑوں سوویت پر مشتمل تھا اور اس کے کنٹرول میں آج کا سینٹرل ایشیاء، اور مشرقی یورپ کا کچھ علاقہ بھی تھا۔ اب یہ تمام علاقہ نئی بننے والی حکومت کے کنٹرول میں تھا اور یو ایس ایس آر میں یک جماعتی آمریت (ون پارٹی سسٹم) قائم ہوئی۔ اس کے پہلے صدر 1922 سے 1924 تک ولادیمیر لینن تھے۔ اس کے بعد 1924 سے 1953 تک ان کے ساتھی جوزف سٹالن دوسرے صدر رہے۔ جنہوں نے دوسری جنگ عظیم میں یو ایس ایس آر کو لیڈ کیا۔

ولادیمیر لینن نظریہ اشتراکیت کے پیروکار تھے۔ یہ نظریہ جرمن فلاسفر کارل مارکس نے فریڈرک اینگل کے ساتھ مل کر اپنی کتاب "کمیونسٹ مینیفیسٹو" میں دیا تھا۔ کارل مارکس نے اس کے علاوہ ایک اور کتاب "داس کیپیٹل" میں معاشی نظام اور معاشرتی طبقاتی تقسیم کے بارے مفصل لکھا۔ یہ دونوں کتابیں جرمن زبان میں تھیں۔ بولشیوک انقلاب کو انقلاب اکتوبر یا لال انقلاب بھی کہتے ہیں۔

AUSTRIO HANGARIAN EMPIRE

جنگ عظیم اول میں اس ایمپائر کا خاتمہ ہو گیا۔ اس کے ساتھ معاہدہ سینٹ جرمن 1919 میں ہوا جس کے مطابق اس ایمپائر کو توڑ کر آسٹریا، ہنگری، چیکوسلواکیہ، سلووینیا، کروشیا، سربیا ملک بنائے گئے اور کچھ حصہ رومانیہ اور اٹلی کو بھی دیا گیا۔

OTTOMAN EMPIRE

معاہدہ سائکس پائکوٹ 1916 جو کہ برطانیہ اور فرانس کے درمیان ہوا۔ اس معاہدے میں انہوں نے طے پایا کہ اگر ہم جنگ جیت گئے تو عثمانیہ سلطنت کو بانٹ لیں گے۔ جنگ عظیم اول میں سلطنت عثمانیہ ہار گئی۔ اور اس کے اختتام پر ایک معاہدہ ٹریٹی آف سیوریز 1920 میں ہوا جس کے مطابق عثمانیہ سلطنت کا سارا علاقہ اینٹنٹے اور یونان کے قبضہ

میں آگیا مگر مصطفیٰ کمال اتاترک نے مزاحمت کو ترک نہ کیا اور وہ لڑتا رہا اور مجبوراً ٹرپل اینٹنٹے کو ایک اور معاہدہ "ٹریٹی آف لوزان" 1923 میں کرنا پڑا جس کے مطابق اینٹنٹے اور یونان ترکی کے اصل علاقہ جسے ایشیاء کوچک یا اناطولیہ کہا جاتا ہے سے نکلنا پڑا لیکن اس معاہدہ کے مطابق عثمانی سلطنت نے اس علاقہ کے علاوہ اپنے باقی تمام علاقے جن میں شام، عراق، فلسطین، اردن، کویت، جزیرہ نمائے عرب سے دستبرداری کرلی اور ان علاقوں کو ٹریٹی آف سائکس پائکاٹ کے مطابق فرانس کو شام اور لبنان، باقی تمام علاقہ یوکے کو دے دیا گے۔ یہاں ایک بات بتانا ضروری ہے کہ فلسطین کا علاقہ جو کہ اب یوکے کو ملا، اس کو برطانیہ نے بیلفور ڈیکلیریشن 2نومبر 1917 کے مطابق یہودیوں کو دینے کا وعدہ کیا کیونکہ پہلی جنگ عظیم میں یہودیوں نے ان کا مالی طور پر بہت ساتھ دیا تھا۔ عثمانیہ سلطنت کے تمام علاقے جو یوکے اور فرانس کے کنٹرول میں آئے تھے انہیں "لیگ آف نیشنز" جو کہ امریکی صدر ووڈرو ولسن کے 14 نکات کے تحت بجنوری 1920 میں بنائی گئی تھی، کے مینڈیٹ میں دے دیا گیا اور اس تنظیم کو فرانس اور یوکے لیڈ کر رہے تھے اور یو ایس اے اس کا حصہ نہیں تھا۔ اس کا ہیڈ کوارٹر جنیوا (سوئٹزر لینڈ) میں قائم کیا گیا یعنی عملاً یوکے اور فرانس ہی عثمانیہ سلطنت کے علیحدہ ہونے والے حصوں پر قابض تھے۔ عرب کا وہ خطہ جہاں مکہ اور مدینہ ہیں، وہ بھی عثمانیہ سلطنت کا حصہ تھا مگر وہاں کے لوگوں نے جنگ عظیم اول میں اینٹنٹے کا ساتھ دیا کیونکہ برطانیہ نے اپنا ایک جاسوس / ایجنٹ لارنس آف عریبیہ وہاں بھیجا جس نے عرب میں موجود دو بڑی طاقتیں جن میں شریفین مکہ، اس کا بڑا بیٹا علی، باقی بیٹے فیصل اور عبداللہ شامل ہیں۔ اور دوسری طاقت نجد کی طرف جو کہ عرب کے جنوب میں بہت بڑا علاقہ ہے وہاں کے حکمران عبدالعزیز السعود کو اپنی مدد کے لیے قائل کیا اور بدلے میں شریف مکہ اور اس کے بیٹوں سے کہا کہ عثمانیہ سلطنت کے علیحدہ ہونے والے تمام علاقے آپ کو دیے جائیں گے اور دوسری طرف السعود سے بھی یہی وعدہ کیا۔ جنگ کے اختتام پر شریفین مکہ نے اپنے آپ کو مکہ اور مدینہ کا حکمران اعلان کردیا اور اپنے بیٹے فیصل کو برطانیہ کے ذریعے عراق کی حکومت کو دلوادی اور دوسرے بیٹے عبداللہ کو اردن کی حکومت دلوادی۔ مگر 1924 میں ابن سعود کے مسلسل حملوں کی وجہ سے شریف مکہ خود تخت سے علیحدہ ہوگیا اور اپنے سب سے بڑے بیٹے علی کو تخت نشین کرایا۔ مگر ابن سعود نے 1932 میں حجاز کی حکومت پر قبضہ کرلیا اور اس علاقہ کو سعدی عرب کا نام دیا۔ اس دوران شریف مکہ کی برطانیہ نے کوئی مدد نہ کی۔ شریف مکہ کے بڑے بیٹے فیصل جو کہ عراق پہ حکمران تھے، ان کے جانے کے بعد ان کا پوتا فیصل حکومت کررہا تھا جسے 1958 کی فوجی بغاوت میں مروادیا گیا۔ یہ وہی عراق ہے جہاں صدام حسین 1979 سے 2003 تک صدر رہے۔ عراق کے موجودہ صدر براہام صالح ہیں اور وزیر اعظم مصطفیٰ الکادیمی ہیں۔ شام اور لبنان 1946 تک فرانس کے کنٹرول میں رہے۔

SPANISH FLU (H1N1)

جنگ عظیم اول کے دوران ایک پینڈیمک انفلوءنزا جس کو سپینش فلو کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ اس وبا سے 500 ملین لوگ متاثر ہوئے۔ یہ Bubonic Plaque(1346-1353) کے بعد دوسری بڑی مہلک ترین وبا تھی۔ اس میں تقریباً 100 ملین مرگئے۔ اس وبا کا اختتام 1919 میں ہوا۔

WORLD WAR- II

دوسری جنگ عظیم یکم ستمبر 1939 سے 2 ستمبر 1945 تک جاری رہی۔ اس کے دو اسباب تھے۔

1۔ فوری اسباب: 2۔ تفصیلی اسباب۔

اگر تفصیلی اسباب کا تذکرہ کریں تو پہلی جنگ عظیم کے بعد امریکی صدر Woodrow Wilson کے مشورہ پر **League of Nations** کی بنیاد جنوری 1920 میں رکھی گئی۔ یہ دنیا میں قائم ہونے والی پہلی عالمی تنظیم تھی جس کا مقصدت دنیا کو پہلی جنگ عظیم جیسی ہولناک جنگ سے روکنا تھا۔ اس تنظیم کے آرٹیکل 10 کی وجہ سے امریکی سینٹ نے امریکہ کی اس میں شمولیت کی منظوری نہ دی، اس لیے امریکہ اس تنظیم کا ممبر نہیں بنا۔ اس کے علاوہ یہ تنظیم اپنے مقاصد میں بھی ناکام رہی۔ جیسے چین جاپان جنگ، جاپان روس جنگ اور اٹلی کا 1935 میں ایتھوپیا پر حملہ، اس ضمن میں اس تنظیم نے کوئی خاطر خواہ اقدامات نہ اٹھائے اور دوسری طرف جرمنی نے بھی اپنے ملحقہ خود مختار علاقوں پر حملے شروع کر دیے۔ اس پر بھی اس تنظیم نے **Appeasement** کی پالیسی اختیار کی۔

جرمنی کو جنگ عظیم اول کے اختتام پر Treaty of Serves کے نتیجے میں مالی اور عسکری دونوں لحاظ سے نقصان اٹھانا پڑا۔ جس کے رد عمل میں جرمنی میں فسطائیت کے رجحانات اجاگر ہونا شروع ہو گئے جس کے نتیجہ میں **Adolf Hitler** جیسے شخص کو ملک کا صدر بنا دیا گیا اور اس نے جرمن قوم پرستی اور نسلی تعصب کو ہوا دے کر نازی ازم کی بنیاد رکھ دی۔ دراصل نازی ازم فسطائیت ہی کی ایک شکل ہے، جرمنی میں اس کا نام Nazism ہے. اسی عرصہ میں اٹلی میں Benito Mussolini فسطائیت کے نظریہ کو اپنے ملک میں پھیلا رہے تھے اور اپنے ملحقہ علاقوں پر حملے کر رہے تھے۔ ان تمام عوامل کو **League of Nations** نے نظر انداز کیا اور ان کے تدارک کے لیے کوئی اقدامات نہیں اٹھائے اور پھر تاریخ نے یکم ستمبر 1939 کو اپنے آپ کو دہرایا جب جرمنی نے پولینڈ پر حملہ کر دیا اور یہ دوسری عالمی جنگ کا سبب بن گیا جس کے نتیجے میں برطانیہ اور فرانس نے جرمنی کے خلاف اعلان جنگ کر دیا۔ اس جنگ سے پہلے جرمنی، جاپان اور اٹلی **Tripartite Pact** کر چکے تھے اور جرمنی روس کے ساتھ **non-aggression pact** کر چکا تھا جس کی رو سے دونوں ملک ایک دوسرے پر دس سال تک حملہ نہیں کریں گے۔ اس کے علاوہ روس اور جرمنی کا ایک خفیہ معاہدہ بھی ہو چکا تھا جس کے مطابق جرمنی پولینڈ پر مغربی طرف سے جبکہ روس مشرقی طرف سے حملہ کرے گا۔ دوسری طرف فرانس اور برطانیہ کا معاہدہ بھی موجود تھا۔ تاہم جرمنی نے ایک بار پھر پہلی جنگ عظیم کی طرح بیلجیم میں گھس کر اس کے زمینی راستے سے فرانس پر حملہ کر دیا اور وہ اس بار اس میں کامیاب بھی ہو گیا اور اپریل 1940 آتے آتے جرمنی اور اٹلی نے مین لینڈ یورپ کے تمام علاقوں کو فتح کر لیا تھا۔ پھر ہٹلر سے غلطی ہوئی اور اس نے برطانیہ پر حملہ کرنے کا فیصلہ کیا اور اس نے ہوائی جہازوں سے برطانیہ کے شہروں پر بمباری کی اور اس کے تمام صنعتی شہروں کو تباہ کر کے رکھ دیا مگر وہ اسے فتح کرنے میں ناکام رہا۔ دوسری طرف امریکہ کا دوسری جنگ میں کردار سمجھنے کے لئے پس منظر کا جاننا ضروری ہے جب جاپان چین اور روس پر حملہ کر رہا تھا تو امریکہ ان کے ان اقدامات کی مذمت کر رہا تھا اور اس کے علاوہ اس پر تجارتی اور اسلحہ کی خرید پر پابندیاں بھی لگا رہا تھا۔ جس کے نتیجہ میں وہ سمجھ رہا تھا کہ جاپان چین اور کوریا کے مقبوضہ علاقوں سے واپس چلا جائے گا مگر اس کے برعکس جاپان نے **Pearl Harbor** پر دسمبر 1941 میں حملہ کر دیا جو امریکہ کی دوسری جنگ عظیم میں شمولیت کی وجہ بنا۔ دوسری طرف Operation Barbarossa کے ذریعے جرمنی نے **non-aggression pact** کی خلاف ورزی کرتے ہوئے روس پر حملہ کر دیا۔

اب ایک طرف جاپان، جرمنی اور اٹلی تھے اور دوسری طرف یو کے، فرانس، امریکہ اور روس تھے، اس طرح یہ جنگ یورپی کالونیوں افریقہ، ساؤتھ ایسٹ ایشیا اور ساؤتھ ایشیا کے محاذوں تک پھیل گئی۔ 1942 سے 1943 کے درمیان روس کے محاذ پر تین اہم جنگیں لڑی گئیں۔ یہ جنگیں شمال میں لینن گراڈ، جنوب میں سٹالن گراڈ اور سینٹر میں ماسکو کے محاذ پر جنگ لڑی گئی اور 5 جولائی سے اگست 1943 تک تاریخ کی سب سے بڑی ٹینکوں کی جنگ ہوئی جسے **Battle of Kursk** کہتے ہیں، اس جنگ میں جرمنی کو بری طرح شکست ہوئی اور اسے روس کا محاذ چھوڑ کر برلن واپس آنا پڑا۔ 1943 میں ہی اٹلی نے سرینڈر کر دیا اور 6 جون 1944 کو ڈی-ڈے پر **Normandy** کے مقام پر اتحادی

افواج نے جرمنی کو پیچھے دھکیلنا شروع کیا اور دوسری طرف سے روس بھی برلن کی طرف بڑھ رہا تھا اور بالآخر 8 مئی 1945 کو جرمنی نے سرینڈر کر دیا۔ جاپان پر امریکہ نے دو ایٹمی حملے کیے جس کے نتیجے میں اس نے بھی سرینڈر کر دیا اور 2 ستمبر 1945 کو جاپان نے سرکاری سطح پر جنگ کے خاتمے کا اعلان کیا جس سے چھ سالہ عالمی جنگ کا اختتام ہوا۔

جرمنی میں 1933 سے 1945 تک یہودیوں کا قتل عام جاری رہا جسے تاریخ میں Holocaust کہا جاتا ہے، اس میں ساٹھ لاکھ یہودیوں کو قتل کیا گیا۔ اس کے علاوہ جنگ عظیم دوم میں ڈھائی کروڑ فوجی ہلاک ہونے کے ساتھ ساتھ 6 کروڑ عام شہری بھی لقمہ اجل بنے۔

POST WORLD WAR –II SITUATION IN THE WORLD

دوسری جنگ عظیم کے خاتمے کے بعد دنیا کو درپیش مسائل درج ذیل تھے۔

1۔ ایک ایسی تنظیم قائم کرنا جو تیسری جنگ عظیم نہ ہونے کے لئے موثر انتظام کرے کیونکہ لیگ آف نیشن ناکام ہو گئی تھی جس کی تفصیل ایک الگ لیکچر میں موجود ہے۔

2۔ یورپ میں سب سے زیادہ اس جنگ کے اثرات رونما ہوئے تھے۔ اور یورپ تباہ حالی کا شکار تھا۔

3۔ اتحادی افواج جن میں امریکہ، یو کے، فرانس اور USSR شامل تھے، پہلے تین ممالک اور USSR کے درمیان بہت سے معاملات پر اختلاف ہونا شروع ہو گیا جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔ ا۔ جرمنی اور برلن کی تقسیم: مغرب سے نارمونڈی آئیلینڈ سے ہوتے ہوئے برلن تک تین اتحادیوں نے قبضہ کر لیا تھا اور مشرق سے USSR بڑھتے بڑھتے برلن تک پہنچ چکا تھا۔ اب اس بات پر تنازعہ تھا کہ جرمنی کو اتحادیوں کے درمیان کیسے تقسیم کیا جائے۔ اس سلسلہ میں پوسٹ ڈم کانفرنس منعقد ہوئی اور جس کے نتیجے میں فیصلہ کیا گیا کہ جرمنی کو چار حصوں میں تقسیم کیا جائے گا آئے گا۔ مغربی حصے پر امریکہ کا اختیار ہو گا۔ جنوب مغربی حصے پر فرانس کا اختیار ہو گا اور شمال مغربی حصے پر برطانیہ کا اختیار ہو گا جبکہ مشرقی حصہ USSR کو دے دیا گیا اور اس کے علاوہ جرمنی کے دارالحکومت برلن کو بھی اوپر بتائی گئی ترتیب کے مطابق چار حصوں میں تقسیم کر دیا گیا اور اس طرح دو ریاستیں وجود میں آئیں ایک مشرقی جرمنی جس کا دارالحکومت برلن شہر تھا اور ایک ہیں جس کا دارالحکومت بون شہر تھا۔ مغربی حصے پر قابض اقوام نے 1949 میں یہ فیصلہ کیا کہ وہ اپنے مقبوضہ علاقے کو اکٹھا کر کے Govern کریں مگر تاریخ میں جرمنی کی تقسیم پر USSR کے اختلافات قائم رہے۔ اور مغربی جرمنی مشرقی جرمنی کی نسبت بہت زیادہ ترقی کر گیا ترقی کی وجہ کے عوامل کا تذکرہ ہم آگے چل کر کریں گے مگر یہاں یہ بتا دیں کہ اس ترقی کی وجہ سے بیس فیصد مشرقی جرمنی کے شہریوں نے مغربی جرمنی جرمنی میں ہجرت کی۔ USSR اس مسئلہ سے پریشان ہوا اور اس نے 1961 میں مشرقی اور مغربی جرمنی کے درمیان ایک دیوار تعمیر کر دی جسے وال آف برلن کہتے ہیں مگر بعد میں USSR کے کمزور ہونے پر 1989 میں اس دیوار کو گرا دیا اور 1990 میں مشرقی اور مغربی جرمنی کو دوبارہ متحد کر دیا گیا۔ امریکہ (USA)، برطانیہ اور فرانس فری مارکیٹ اکانومی اور کیپٹلزم کو مانتے تھے جبکہ اس کے برعکس USSR کیمونزم یا اشتراکیت کو مانتا تھا یعنی جرمنی کی تقسیم کے علاوہ یہ سب سے بڑا مسئلہ تھا کہ اکانومی تمام ممالک کا سب سے اہم مسئلہ رہا ہے اور اسی کی وجہ سے دو جنگ عظیم ہو چکی ہیں۔ تو اس معاشی سسٹم کو سمجھنا ہمارے لیے بہت ضروری ہے۔

گولڈ سٹینڈرڈ

آج دنیا میں یو ایس ڈالر Reserve Currency ہے۔ مگر قدیم تاریخ سے دوسری جنگ عظیم تک لوگ سونے اور چاندی کے عوض تجارت کیا کرتے تھے۔ دنیا کے معاشی نظام پر نظر ڈالی جائے تو چودھویں سے سولہویں صدی تک یورپ میں موجود گولڈ سمتھ یا صرافے سونے کے ذخائر پر اپنا تسلط رکھتے تھے۔ اس کا آغاز کچھ یوں ہوا کہ جب دو تاجروں کے درمیان تجارت ہوتی تھی تو ایک تاجر دوسرے تاجر کو سامان کے بدلے میں سونا دیا کرتا تھا۔ بڑے تاجروں کے پاس سونے کے بہت سے ذخائر جمع ہو جاتے تھے اور اس کو خطرہ لاحق ہوتا تھا کہ کہیں میرا یہ سونا لوٹ نہ لیا جائے جائے کیونکہ اس وقت یورپ میں قانون پر عملدرامد نہیں ہوتا تھا تو اس صورت میں صرافے قابل اعتماد سمجھے جاتے تھے اور انہوں نے اپنی حفاظت کے لیے دستہ بھی رکھا ہوا تھا۔ اور تاجر اپنا سونا ان کے پاس رکھوا دیتے تھے تو یہ صرافے سونے کے بدلے انہیں پرچی پر سونے کی مقدار لکھ کر مہر لگا کر دیتے تھے۔ اس طرح یورپ میں تجارت چل رہی تھی یعنی جب کسی تاجر کو سونے کی ضرورت ہوتی تھی تو وہ پرچی لے کر متعلقہ صرافے پر جاتا تھا اور اس سے اپنا سونا لے لیتا تھا کئی سالوں میں صرافوں کا اعتماد تاجروں کے دلوں میں گھر کر گیا اور وہ آپس میں تجارت سونے کی بجائے صرافے کی پرچیوں پر کرنے لگے کیونکہ زیادہ سونا ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا خطرناک سمجھا جاتا تھا۔ جب صرافوں نے اپنی پرچیوں کی اہمیت کو دیکھا تو انہوں نے فیصلہ کیا کہ وہ لوگوں کو سود پر قرضہ دیں گے کیونکہ بہت سے تاجر سالہا سال اپنا سونا واپس لینے نہیں آتے تھے صرافوں نے ابتدائی طور پر قرضہ سونے کی صورت میں دینا شروع کیا اور بعد میں پرچی کی صورت میں دینا شروع کر دیا کیونکہ تمام تاجر صرافوں کی پرچیوں کو اہمیت دیتے تھے اور انہی پر تجارت کیا کرتے تھے تو تاجروں نے قرض لینے والوں کی پرچیوں کو بھی اہمیت دی اور مقروض لوگوں سے بھی تجارت کرنا شروع کر دی اور اس طرح قرض لینے کا رجحان یورپ میں بہت بڑھ گیا یا اور سترہویں صدی کے آغاز میں سونے کے مقابلے میں گیارہ گنا پرچیاں یورپ کے لوگوں کے پاس موجود تھی یعنی صرافوں کے پاس ایک کلو سونا تھا تو انہوں نے 11 کلو سونے کی پرچیاں لوگوں کو دے رکھی تھی تھی۔ یورپ کے تمام ملکوں کا سرمایہ ان صرافوں کے پاس ہونے سے یہ تمام ممالک تذبذب کا شکار ہو گئے اور انہوں نے فیصلہ کیا کہ مرکزی بینک جس میں حکومت کی نمائندگی بھی ہو کو قائم کرنے کا فیصلہ کیا۔ یہاں محدود سطح پر نجی بینک بھی موجود تھے لیکن ان پر حکومت کا کوئی اختیار نہیں تھا اور وہ صرف سونے کو جمع کرتے تھے اور لوگوں کو واپس کرتے تھے اس طرح کے بینکوں کی مثالیں بینکا مونٹی بینک اٹلی کی میڈیس فیملی نے 1472ء میں قائم کیا جو

دنیا کا سب سے پرانا بینک ہے مگر پھر اسے 1624 میں سرکاری اختیار میں دے دیا گیا اور یہ آج بھی قائم ہے۔ یورپ میں موجود حکومتوں نے فیصلہ کیا کہ ایک مرکزی بینک کھولا جائے گا اور اس کے اصول وضع کئے جائیں گے اور تمام چھوٹے بینک اس میں مرکزی بینک کے قوانین پر عمل کریں گے مگر حکومت کے اس فیصلے سے صرافوں نے شدید اختلاف کیا مجبوراً حکومتوں کو ان صرافوں کی بات سننا پڑی کیونکہ صرافوں نے ایک کلو سونا کے بدلے پچاس کلو سونا کی پرچیاں دینا شروع کر دیں حالانکہ ملک میں ایک کلو سونا کے وسائل تھے۔ جس سے پورے یورپ میں افراط زر میں اضافہ ہو گیا تو تمام صرافوں نے اس شرط پر بات کرنے پر آمادگی ظاہر کی کہ اگر بینک کی انتظامیہ میں ساٹھ فیصد نمائندگی ہماری ہو اور ہمارے پاس جتنا سونا ہو گا ہم اس کا گیارہ گنا یا گیارہ سو فیصد لوگوں کو قرض کی صورت میں دے سکیں تو ہم اپنا تمام سونا مرکزی بینکوں کو دینے کو تیار ہیں۔ مجبوراً حکومتوں کو صرافوں کی بات ماننا پڑی جس کے نتیجہ میں دنیا کا جدید بینکنگ نظام وجود میں آیا۔ اس ضمن میں سب سے پہلے بینک آف ایمسٹرڈیم دونوں میں قائم کیا گیا مگر یہ بینک سونے کے سکوں کو پیسوں میں تبدیل نہیں کرتا تھا۔ دوسرے نمبر پر بینک آف سویڈن 1668 میں بنا اور آخر کار 1694 میں بینک آف انگلینڈ جو سکوں کو نوٹ میں تبدیل کرتا تھا۔ اب تمام ممالک کرنسی نوٹ جاری کرتے تھے اور اس کے پیچھے اتنی مقدار کا سونا مرکزی بینک میں رکھتے تھے اسے Conventional Gold Standard کہا جاتا ہے۔ دنیا میں تین طرح کے گولڈ سٹینڈرڈ نظام موجود تھے۔

1۔ روایتی گولڈ سٹینڈرڈ سسٹم: اس کے مطابق حکومت سونے کے سکے ڈھال کر اپنی عوام کو دیتی تھی اور وہ اس سے لین دین کرتے تھے۔ 2۔ گولڈ بولین سٹینڈرڈ، یہ نظام امریکہ میں رائج رہا۔ تمام ممالک امریکہ میں اپنا سونا رکھوا کر ڈالر لے لیتے تھے اور اس کے برعکس بھی کیا کرتے تھے۔ 3۔ گولڈ ایکسچینج سٹینڈرڈ: اس نظام میں کسی ملک کی کرنسی کا براہ راست تعلق سونے سے نہیں ہوتا بلکہ کسی دوسرے ملک کی کرنسی کے ساتھ ہوتا ہے یعنی ہر ملک اپنی کرنسی کا تعین کسی دوسرے ملک کی کرنسی سے کرتا ہے۔ امریکہ بھی 1870ء سے گولڈ سٹینڈرڈ کو اپنائے ہوئے تھا اور جے پی مورگن جیسے بزنس ٹائیکون کی مدد سے اسے مستحکم رکھتا تھا مگر یہ نظام امریکہ میں اکتوبر 1929ء کو بری طرح فیل ہو گیا جسے ہم گریٹ ڈپریشن کے نام سے جانتے ہیں اور یہ 1930 سے 1940 کے درمیان کا وہ عرصہ ہے جب امریکی عوام کا امریکہ کی کرنسی سے اعتبار اٹھ گیا اور انہوں نے اس کے بدلے بینکوں اور وال سٹریٹ سٹاک ایکسچینج سے اپنے پیسوں اور شیئرز کے بدلے سونا لینا شروع کر دیا اور اسی تناظر میں امریکہ کے بتیسویں صدر ایف ڈی روزویلٹ نے سونے کی خرید میں کمی کرنے کے لئے اس کی قیمت 20 ڈالر سے بڑھا کر 35 ڈالر فی اونس کر دی یعنی ڈالر کی قدر میں بے تحاشا کمی ہوئی (جس طرح آج کل پاکستان میں پٹرول کی قیمتوں کی مثال ہے)۔ دنیا بھر کی مارکیٹوں میں اس طرح کی کیفیت اور قیمتوں کے مسلسل اتار چڑھاؤ کے ذمہ دار وہ یہودی ہیں جنہوں نے نے ویں صدی میں 17 بینکاری کا اختیار اپنے ہاتھ میں لے لیا تھا اور پہلی جنگ عظیم اور دوسری جنگ عظیم میں اتحادی ممالک کو کرنسی اس صورت میں دی تھی کہ وہ ان کے لئے الگ ملک اسرائیل کا قیام کریں گے امریکی اکانومسٹ جو ہن نیس نے 1944 میں Bretton wood Conference کا مشورہ دیا جس کے نتیجے میں آئی بی آر ڈی اور آئی ایم ایف کا قیام عمل میں لایا گیا۔ جن کے ذریعے نہ صرف اتحادی ممالک بلکہ بلکہ دنیا کے ممالک کا اقتصادی کنٹرول ان بنکاروں کو دیا جائے۔ اس کے برعکس کیمونزم کا نظریہ سوشلزم اور کنٹرولڈ اکانومی پہ مبنی تھا۔ ان دو نظریات اور دو معاشی نظاموں کی وجہ سے دوسری جنگ عظیم کے بعد ابھر کر آنے والی سب سے بڑی طاقتوں کے درمیان سرد جنگ Cold War شروع ہو گئی اسے سرد جنگ اس لئے کہا جاتا ہے کہ دونوں طاقتیں براہ راست جنگ میں ملوث نہیں ہوئیں بلکہ Proxy کے ذریعے ایک دوسرے کا مقابلہ کیا یعنی کسی ملک کے اندر جاری اندرونی جنگ میں کسی ایک پارٹی کو اسلحہ اور مالی طریقے سے سپورٹ کرنا اور جیت کی صورت میں جس کی پارٹی جیتے گی وہ اس طاقت کا نظام اپنے ملک میں نافذ کرے گی جیسے جنوبی اور شمالی کوریا کی جنگ 1950 سے 1953 تک جاری رہی اس کے دوران شمالی کوریا یعنی ڈیموکریٹک ری پبلک آف کوریا کو USSR اور چائنا نے سپورٹ کیا گیا جبکہ جنوبی کوریا کو امریکہ نے سپورٹ کیا مگر یہ جنگ بے نتیجہ ثابت ہوئی۔

سویز کینال تنازعہ 1956ء میں USSR کا موقف مانا گیا۔ ایران میں ڈاکٹر مصدق کی حکومت 1953 میں ختم کر کے امریکہ نواز پہلوی سلطان محمد رضا کو صدر بنایا گیا۔ 1960 میں پشاور کے ائیر بیس سے امریکی جہاز U-2 نے پرواز بھری اور USSR کی جاسوسی کی جو پکڑا گیا اور پھر پاکستان اور امریکہ کو شرمندگی اٹھانا پڑی۔ 1954 سے جاری شمالی اور جنوبی ویت نام کی جنگ میں 1963 میں امریکہ نے بڑی تعداد میں اپنے فوجی اتارے اور لاؤس اور کمبوڈیا میں بمباری کی مگر 1975 میں شکست کے بعد 17th Parallel Line ختم کر کے شمالی اور جنوبی ویتنام ایک ہوگئے اور نئی حکومت جو کہ USSR کی حمایت یافتہ تھی، نے ویت نام میں کیمونسٹ نظام لاگو کر دیا۔

ان جنگوں میں اسلحہ اور پیسوں سے مدد کے علاوہ یورپی اتحادیوں کے لئے مارشل پلان جس کا مقصد یورپی اقوام کی بحالی اور ترقی کے لیے 13 بلین ڈالر دینا تھا امریکہ نے کمیونزم کو روکنے کے لیے 1947 میں نیشنل سیکیورٹی ایکٹ دیا جس کے مطابق آرمی، نیوی اور ایئر فورس کو اکٹھا کر دیا گیا اور اس کے علاوہ دو نئے ادارے نیشنل سیکیورٹی کمیٹی اور سنٹرل انٹیلی جنس ایجنسی CIA کا قیام عمل میں لایا گیا اور ان تمام کو ایک نئے ادارے ڈیپارٹمنٹ آف ڈیفنس جسے سیکریٹری آف سٹیٹ ہیڈ کرے گا، کے ماتحت کر دیا گیا۔ مارشل پلان کے تحت سب سے زیادہ حصہ برطانیہ، فرانس اور تیسرے نمبر پر مغربی جرمنی کے علاوہ یونان کی جنگ میں کمیونسٹ مخالف اتحاد کی مدد کی جس سے وہ جیت گیا اور مغربی بلاک کا حصہ بن گیا۔

ترکی پر بھی دباؤ تھا کہ وہ Dardanelles Strait مشرقی بلاک کو دے تو اسے بھی سپورٹ کیا گیا اس طرح ترکی بھی طاقت ور ہو گیا۔ 4 اپریل 1949 کو واشنگٹن معاہدہ کے تحت ایک فوجی اتحاد نیٹو NATO تشکیل دیا گیا جس کا مقصد مغربی بلاک کو مشرقی بلاک کے ممکنہ حملوں سے بچانا تھا۔ نیٹو کا ہیڈ کوارٹر برسلز (بیلجیئم) میں ہے اور اس کے موجودہ سیکرٹری جنرل جان سٹولٹنبرگ ہیں جن کا تعلق ناروے سے ہے۔ USSR نے مارشل پلان کے مقابلے میں مشرقی بلاک کو Molotov Plan دیا جس کے ذریعے تجارت میں مشرقی ممالک کی مدد کی گئی۔

نیٹو کے مقابلے میں 1955 میں Warsaw Pact دیا جو 1991 میں ختم ہو گیا. اس پوری سرد جنگ میں ایٹمی ہتھیاروں کی دوڑ بھی عروج پر تھی۔ امریکہ نے یہ جوہری صلاحیت اپنے سائنسدان Oppenheimer کی کوششوں سے The Manhattan Project کے ذریعے حاصل کی اور پہلا ایٹمی ٹیسٹ 1945 میں کیا۔ USSR نے 1949 اور برطانیہ نے اپنے ایٹمی سائنسدان Otto Hahn کے ذریعے 1952 میں، فرانس نے 1960 میں، چائنہ نے، 1964 انڈیا 1974، پاکستان، 1998 نارتھ کوریا نے 2006 میں ایٹمی تجربات کئے۔ امریکہ کے صدر آئزن ہاور جنہوں نے 1959 میں پاکستان کا دورہ بھی کیا۔ جنوب مشرقی ایشیا میں کمیونزم کو پھیلنے سے روکنے کے لیے ساؤتھ ایسٹ ایشین ٹریٹی آرگنائزیشن SEATO جسے منیلا پیکٹ بھی کہا جاتا ہے، الائنس بنایا گیا۔ اس میں پاکستان سمیت کل آٹھ ممالک شامل تھے۔ اس کا ہیڈ کوارٹر بنکاک (تھائی لینڈ) میں تھا اور یہ 1977 میں ختم ہوا۔ پاکستان 1973 میں ہی اس سے علیحدہ ہو گیا۔ اس کے علاوہ جو 1955 میں مڈل ایسٹ ٹریٹی آرگنائزیشن جسے بغداد پیکٹ بھی کہا جاتا ہے، ایک ملٹری الائنس بنایا گیا تھا۔ 1958 میں عبد الکریم قاسم نے فیصل دوم کو قتل کر کے عراق پر قبضہ کر لیا تو 1958 سے 1979 تک اس معاہدہ کا ہیڈ کوارٹر انقرہ (ترکی) میں رہا اور یہ معاہدہ بھی 1979 میں ختم ہو گیا۔ اس سرد جنگ کے دوران ایک وہ موقع بھی آیا جب ایٹمی لڑائی بہت قریب تھی۔ 1959 میں کیوبا میں Fulgencio Batista کی حکومت کو فیدل کاسترو اور اس کے ارجنٹینا کے دوست چی گویرا نے مل کر ختم کر دیا۔ امریکہ اس انقلاب کے خلاف تھا کیونکہ اس کے نتیجے میں وہاں کمیونزم آ گیا تھا تو اس نے کیوبا پر حملہ کیا جو ناکام رہا۔ پھر کیوبا نے USSR کے اس وقت کے صدر Nikita Khrushchev کو اپنے ایٹمی ہتھیاروں کو کیوبا میں نصب کرنے کی درخواست کی جنہوں نے اس درخواست پر کیوبا کی مدد کے لیے کیوبا میں میزائل نصب کرنے کا فیصلہ کیا۔ (USSR میں 1922 سے لے کر 1924 تک ولادیمیر لینن صدر رہے تھے اور 1924 سے 1953 تک جوزف سٹالن صدر رہے تھے)۔ یہ 1962 کی بات ہے جب امریکہ کے صدر جان ایف کینیڈی تھے (35th President of USA)۔ خرشیف اور کینیڈی کے درمیان ملاقات میں یہ طے پایا کہ امریکہ دوبارہ کیوبا پر حملہ نہیں کرے گا اور اس کا نیول بلاک بھی ہٹائے گا اور اس طرح ایک ایٹمی جنگ ہوتے ہوتے بچ گئی۔ 22 نومبر 1963 کو کینیڈی کا قتل کر دیا گیا اور لینڈن بی جانسن امریکہ کے 36 ویں صدر بنے جنہوں نے پرانی پالیسیوں کو تسلسل دیا یعنی کمیونزم کو پھیلنے سے روکا انہوں نے 1967 میں پاکستان کا دورہ بھی کیا۔ امریکہ کے 37 ویں صدر رچرڈ نکسن کے دور میں یورپی ممالک امریکہ سے ڈالر کے بدلے واپس اپنا سونا لینا شروع ہو گئے جو کہ ان ممالک نے 1947 کے بعد رکھوا کر دیے تھے۔ سونے کے ذخائر کم ہونے کا خدشہ اور recession کے خطرہ کے پیش نظر صدر نکسن نے گولڈ سٹینڈرڈ کا خاتمہ کر دیا یعنی اب ملک ڈالر کے بدلے سونا نہیں لے سکتے تھے۔ صدر نکسن پر الزام لگا کہ اس نے اہم امریکی لیڈرز کے فون ٹیپ کر کے جاسوسی کی ہے، اس الزام کے نتیجے میں صدر نکسن نے مواخذہ (Impeachment) کے پیش نظر صدر کے عہدہ سے استعفی دے دیا۔ اس سکینڈل کو Watergate Scandal کہا جاتا ہے۔ بعد ازاں صدر نکسن کے دور میں سیکیورٹی ایڈوائزر ہنری کسنجر نے 1975 میں ویت نام سے

امن معاہدہ کر کے امریکی فوجیوں کو وہاں سے نکالا۔ اس معاہدہ کے نتیجے میں ہنری کسنجر کو نوبل انعام بھی ملا۔ معروف امریکی باکسر محمد علی کو ویت نام جنگ میں شرکت سے انکار پر جیل بھیجا گیا۔ محمد علی نے 18 سال کی عمر میں 1960 کے اولمپکس میں گولڈ میڈل جیتا تھا۔ 22 سال کی عمر میں ہیوی ویٹ باکسنگ چیمپیئن شپ میں سونی لسٹن کو ہرایا تھا۔ محمد علی نے جیل کی سزا کاٹنے کے بعد 1974 میں جو فریزر کو دوسری فائٹ میں ہرایا. یا محمد علی کو رعشہ (Parkinson) کی بیماری تھی اور ان کا انتقال 2016 میں ہوا۔

1967 میں اسرائیل نے عرب اسرائیل جنگ میں شام کے علاقہ گولان ہائٹس پر قبضہ کرلیا اور مصر کو بھی بری طرح شکست دی۔ اس جنگ کو Six Day War بھی کہا جاتا ہے۔ لیکن 1973 کے تیل کے بحران کے دوران یوم کپور جنگ جو کہ 1973 میں اسرائیل اور عرب ممالک کے مابین ہوئی، کے نتیجے میں امریکہ اور سوویت یونین بھی آمنے سامنے آگئے۔ اس میں غیر متوقع طور پر امریکہ کو مایوسی کا سامنا کرنا پڑا اور سوویت یونین کو فائدہ ہوا۔ 1964 سے 1982 تک سوویت یونین کے صدر Leonid Brezhnev تھے، ان کے دور میں سوویت کی معاشی ترقی رک گئی اور اس کے اتحادی بھی کمزور ہو رہے تھے۔ کیونکہ 1947 میں General Agreement on Trade and Tariff کے نتیجے میں مغربی ممالک آپس میں بھرپور تجارت کر رہے تھے مگر سوویت یونین میں اس طرح کا کوئی معاہدہ نہیں تھا۔

افغان جنگ نے یو ایس ایس آر کو مزید کمزور کر دیا اور میخائل گورباچوف 1985 میں اس کے آخری صدر بنے۔ انہوں نے دو پالیسیاں Perestroika and glasnost اپنائیں۔

Perestroika کا مطلب معیشت میں نئے مواقع پیدا کرنا اور معیشت کو اوپن کرنا ہے جبکہ glasnost میں میڈیا پر پابندی کو ختم کیا گیا جس سے مشرقی بلاک کمزور ہوتا گیا اور بالآخر 26 دسمبر 1991 کو یو ایس ایس آر کو بورس یلسن نے تحلیل کر دیا جس کے نتیجے میں پانچ وسطی ایشیائی ممالک آزاد ہوئے اس کے علاوہ آذربائیجان، آرمینیا، جارجیا اور مشرقی یورپ میں ہنگری، پولینڈ، اسٹونیا، لاٹویا، یوکرین، بیلاروس میں کمیونسٹ حکومتیں ختم ہو کر نئی کیپیلسٹ حکومتیں قائم ہوئیں۔ یوگوسلاویہ جوزف ٹیٹو کی قیادت میں 1948 سے ہی علیحدہ مؤقف رکھتا تھا اور 1980 میں ان کے مرنے کے بعد یہ بھی 6 حصوں میں تقسیم ہو گیا۔ البانیہ بھی سوویت سے علیحدہ ہو چکا تھا۔ اس طرح یو ایس ایس آر کا شیرازہ بکھرنے پر اس سرد جنگ کا خاتمہ ہوا۔ اس کے بعد امریکہ نے 2013 تک اکیلے سپر پاور بن کر دنیا پر حکمرانی کی۔

LEC 164 GK 53 INTERNATIONAL ORGANIZATION AND UNITED NATIONS (MAIN)

Idea of organization come in 1863

ICRC : International committee of Red Cross. Established in 1863 in Geneva, Switzerland by Henry Dunant and Fredrick Passy. They got the first Nobel Peace Prize. The purpose of this organization was "Charity in War". Red Cross was established in Pakistan on 20 December 1947, its headquarter is located in Islamabad.

ITU: International telecommunication union. Established in 1865.

UPU: Universal Postal Union.

ILO: International Labor organization. Established in 1919.

(Above organizations were established before the League of Nations).

LEAGUE OF NATIONS: Established in January 1920. It is also known as "Child of War". Later, the UN replaced it.

BRETTON WOOD CONFERENCE

It was signed by USA finance Minister Dexter and UK finance minister John Keynes.

Under Bretton wood Agreement IMF and world Bank was established.

The purpose of the establishment of these organizations was to overcome the economic issues in the World.

WORLD BANK

It was a Group of Banks established in July 1944. H.Q in Washington DC. Current president. David Malpas. Pakistan has 16% of its loans from the World Bank. World Bank has five subsidiary organs, which are mentioned below: All subsidiaries are headquartered in Washington DC.

IBRD: International Bank of Reconstruction and Development.

IDA: International Development Association.

MIGA: Multilateral institute of Guarantee Association.

IFC: International Finance cooperation.

CSID: Center for Settlement of Investment Disputes.

IMF

International Monetary Fund was established in July 1944, HQ is in Washington DC. Its main purpose to foster world economy and to deal with balance of payment crisis. Current MD of IMF is Kristalina Georgieva from Bulgaria. Total members of IMF are 190.

قرض لینے کے لیے کسی بھی ملک کو %85 ووٹ چاہیے ہوتے ہیں۔ اس لیے جب تک امریکہ کا ووٹ شامل نہ ہو کوئی بھی ملک قرضہ نہیں لے سکتا۔ کیونکہ امریکہ کا کل 16 فیصد شیئر ہے۔ اسی لیے پاکستان کو امریکہ سے اپنے تعلقات بہتر رکھنے کے لیے کہا جاتا ہے۔

8% of the total loan of Pakistan is taken from IMF.

Tricks:

- ایسی تنظیمیں جن کے نام World سے شروع ہو کر Organization پر ختم ہوں، ان کے ہیڈ کوارٹر جینیوا (سوئٹزرلینڈ) میں ہیں۔
- ایسی تنظیمیں جن کے نام میں Food آتا ہے، ان کے ہیڈ کوارٹر روم (اٹلی) میں ہیں۔
- ایسی تنظیمیں جن میں پیسوں کے حوالے سے کام ہوتا ہے، ان کے ہیڈ کوارٹر واشنگٹن ڈی سی (امریکہ) میں ہیں۔
- ایسی تنظیمیں جو لوگوں سے متعلق ہیں، ان کے ہیڈ کوارٹر نیویارک (امریکہ) میں ہیں۔
- انڈسٹریز سے متعلق تنظیموں کے ہیڈ کوارٹر ویانا (آسٹریا) میں ہیں۔

UN SPECIALIZED AGENCIES

WMO: World meteorological organization. H.Q in Geneva. It Deal with weather and climate change. Established 23 march 1950. Current president David Grimes.

WTO: World trade organization. H.Q: Geneva .Old name is GATT(Generalized Agreement on trade and tariff). WTO was established on 1st January 1995. Pakistan joined on 1st January 1995. Its Purpose is to manage trade among different countries.

UNICEF: United Nation's Children Fund . H.Q New York. Established on 11 December, 1946.
UNESCO:United nation Education, Scientific and Cultural Organization. H.Q : Paris. Established in 1945(16 Nov)

INTERNATIONAL MARITIME ORGANIZATION: H.Q : UK. Established in 1948.

AMNESTY INTERNATIONAL:Established on 28 may 1961. H. Q London. Founder : Peter Benson , Eric Baka. It works for Human Rights.

INTERPOL:International criminal police organization. H.Q: Lyon (France). Established in 1923. Current President :Ahmad Naser Al Raisi (UAE).

EUROPEAN Central BANK: H.Q Frankfort , Germany.Established on 1st June 1998. Current President is Christine Lagarde.

UN FOOD PROGRAMMS + AGENCIES

FAO: Food and agriculture organization. H.Q : Rome (Italy). Established on 16 oct 1945.Pakistan joined FAO on 7 sep 1947

WORLD FOOD PROGRAM:H.Q : Rome(Italy). Founded in 1981.

IFAD(International Fund For Agriculture And Development). H.Q: Italy: Rome

UNFPA: Untied nation population fund. H.Q New York.

WIPO: World Intellectual Property Organization. H.Q. Geneva.

ICAO: International civil aviation Organization. H.Q.Montreal (Canada)

UNIDO: United Nations Industrial Development Organization. H.Q. Vienna (Austria).

UNWTO: United Nation World Tourism Organization. H.Q. Madrid (Spain).

HUMAN RIGHTS COMMISSION. H.Q ; Geneva Switzerland. Its Name changed in 2006 as Human Right Council.

COMMONWEALTH ORGANIZATION. Established in 1931. H.Q. London. Head of Summit: Hosting country president and Queen Elizabeth is the head of the Organization.

In thecommonwealth games: Pakistan participated for first time in 1954.

Pakistan left Commonwealth in 1973 and rejoined in 1989. Pakistan was expelled during 1999-2004.The last summit was held in Rwanda in June 2022. Its member countries are the former colonies of the British Empire. Recently, Maldives left in 2016 and rejoin in 2020.

2018 commonwealth games were held in Gold coast (Australia).

2022 commonwealth games are held in Birmingham (England). CW Games 2026 will be held in Australia.

SCOTLAND YARD: UK Police. H.Q London. It was founded in 1829.

LEC 172 GK 61 United Nations (MAIN)

- Because of the failure of the League of Nations.
- Principal Organ
- Specialized Agencies
- Programs
- United Nation → For Peace and Security in the World

PRINCIPAL ORGAN

- Most Sovereign and Powerful Institution of Security Council.
- Security Council has 15 members of which 5 permanent and 10 non-permanent members.
- Permanent 5 members are → U.K, USA, France, USSR (Taiwan → China).
- Permanent 5 members have power → Veto Power
- This power is mostly used by Russia.
- UN charter signed on 26 June 1945 in San Francisco in California
- 24 Oct 1945 UN was formed and its charter has 111 articles.
- First Article → We the people of United Nation.
- China first used Veto Power for Pakistan on the issue of recognition of Bangladesh.

SECURITY COUNCIL

- 10 non-permanent members elected for the term of 2 years.
- President ship of UNSC changes every month alphabetically.
- Non-permanent member elected by United Nation General Assembly UNGA.
- Pakistan elected for 7 times as Non-permanent member of Security Council, in 2013 (Lastly).
- India elected 8 times non-permanent member recently in 2020 (184 votes).
- Kashmir issue → India took up this issue to UN on 1st January 1948.
- United Nation Military Observer Group for India and Pakistan → UNMOGIP
- Security Council → It sends Peace keeping missions to disputed territories all around the world.
- Pakistan has served 7 countries under UN Peace Keeping Missions→ Congo, Haiti, Cameron, Cambodia, Kosovo and Sri Lanka.
- **UNCIP** → United Nation Commission for India and Pakistan
- **UNSC** → HQ → New York
- **UN** → HQ → New York
- Regional Offices → Nairobi (Kenya), Geneva (Switzerland), Austria.
- UN Languages → Six languages: Arabic, English, French, Spanish, Chinese, Russian.
- International Court of Justice: HQ: Hague (Netherland)

UNGA → UNITED NATIONS GENERAL ASSEMBLY

- Total Members → 193
- Observer States → 1- Vatican City (Holy Sea) 2- Palestine
- Elect members of UNSC (Non - permanent member) → 10 member
- Elect UNESC Members → United Nation Economic Council and Social → 54 Members
- Elect HRC → Human Right Council → 47 Members
- UNGA → Parliament of the World.
- 1994 → Palau got independence and became a member of UN.
- 2002 → East Timor got independence and became a member of UN.
- 2007 → Kosovo got independence and became a member of UN.
- Pakistan became 57th member of UN along with Yamen on 30th Sep 1947.
- Afghanistan voted against Pakistan in UN.
- 2011, South Sudan join UN. Most recent member of UN.
- President of UN elected for 1 year.

FIVE REGIONAL GROUP

- Africa → 54 Countries
- Asia Pacific → 53 Countries
- Latin America → 33 Countries
- Eastern Europe → 23 Countries
- Western Europe → 28 Countries

- UN permanent representative of Pakistan → Patrus Bukhari was first representative.
- Current representative is Munir Akram.
- Maliha Lodi → First Women Representative of Pakistan in UN.
- First delegation of Pakistan to UN for membership of Pakistan in UN, includes→ Zafrullah Khan, Salma Tasaduq, Begum Rana Liquate Ali Khan (Sheela).
- UN Annual session is held in the first week of September.
- 76th session was held in September 2021. Abdullah Shahid from the Maldives is the Current President of UNGA.
- UNGA's first woman President was Vijay Luxmi Pundit (from India) 1953 – 1954
- Sir Zafrullah was first Pakistani to Preside UNGA in (1961 - 62)
- First Session of UNGA was held in 1946 in London, Second Session → 1947 in New York 3rd Session → 1948 in Paris, 29th Session → 1988 in Geneva
- UNSC Total Members → 1965 → 11, its number was increased in 1965 and total membership is 15.

INTERNATIONAL COURT OF JUSTICE

- Total Judges → 15 Term of Judge→ 9 Years. H.Q → Hague (Netherland)

- President Term → 3 Years
- Sir Zafrullah → 1958 – 1961 → Vice President and 1970 – 1973 → President
- Current President → **Joan E. Donoghue** → from USA.

SECRETARIAT

- Secretary General heads UN Secretariat. The term is 5 years. A Secretary General can serve for a maximum of two terms. He is elected by UNGA.

1- Tyger Lie → Norway → 1948 -53

2- Dag Hammus Kold (Congo Mission and killed by Aero plane Crash) → Sweden → 1953 – 61

3- Kurt Wieldhm → Austria → 1961 – 1970

4- First Asian → Uthant → Barma/Myanmar → 1970 – 1979

5- Jabrev Perez → Peru → 1979 – 1988

6- Boutros Gali → Egypt → 1988 – 1995

7- Kofi Anan → Ghana → 1995 – 2004 (First Secretary General raised by rank.)

8- Banki Moon → South Korea

9- Antonio Guitress → 2017 – 2026 → Portugal (Former PM of Portugal)

- UNESCAP → UN Economic and Social Council for Asia Pacific H.Q in Bangkok

TRUSTEE SHIP COUNCIL

- Inactive since 1994 after independence of Plau.
- It used to manage colonies.

HISTORICAL BACKGROUND OF AFGHANISTAN

افغانستان پاکستان کا ہمسایہ ہونے کے ناطے تاریخی اور جغرافیائی لحاظ سے ہمارے لئے اہم ملک ہے۔ افغانستان کی تاریخ پر نظر دوڑائیں تو پانچویں صدی قبل مسیح میں یہاں دارا دوم (Darius the king of Persia) نے حملہ کر کے اپنی سلطنت میں شامل کیا۔ پھر یہاں سکندر اعظم نے 323 قبل مسیح میں حملہ کیا۔ بعد میں یہ علاقہ مسلمانوں کے کنٹرول میں بھی رہا۔ کُشن ایمپائر نے اپنی حکمرانی میں یہاں بدھ مذہب کا نفاذ کیا۔ نادر شاہ درانی نے 1748ء میں یہاں پہلے مقامی مسلم حکمران کی حیثیت سے حکومت کی۔ بعد ازاں ہوتک قبیلہ کے دوست محمد نے 1823ء میں نے نادر شاہ کے پوتے شاہ جہان درانی کو شکست دے کر اپنی حکومت قائم کر لی اور 1826ء میں امارات افغانستان کی بنیاد رکھی۔ پہلی اینگلو افغان جنگ جو کہ 1839 سے 1842 تک جاری رہی، میں لارڈ آک لینڈ نے دوست محمد کو شکست دے کر افغانستان میں درانی خاندان کی کٹھ پتلی حکومت دوبارہ قائم کر دی۔ کچھ ہی عرصہ بعد دوست محمد خان نے ایک بار پھر درانی خاندان کو ہرا کر امارات افغانستان کی حکومت خود سنبھال لی۔ دوسری اینگلو افغان جنگ (1878-1880) میں لارڈ لٹن نے افغانستان کو شکست دی۔ 1893ء میں سر مور ٹیمر ڈیورنڈ جو کہ سروئیر آف ہندوستان تھے، نے ہندوستان کی افغانستان کے ساتھ سرحد کا تعین کیا اور اس سرحد کا نام ڈیونڈر لائن رکھا گیا۔ یہ سرحد آج بھی اسی نام سے معروف ہے۔ ڈیورنڈ لاءن کے معاہدہ کے وقت افغانستان کے امیر عبدالرحمان تھے۔ تیسری افغان جنگ میں یکم اگست 1919 کو امیر امان اللہ خان کی قیادت میں افغانستان نے انگریزوں سے آزادی حاصل کی۔ 1921ء میں افغانستان کو امارات قرار دیا گیا اور اور امان اللہ خان اس کے پہلے بعد خود مختار بادشاہ بنے۔ امان اللہ خان آزاد خیال تھے اور ان کا سوویت یونین کی طرف کافی جھکاؤ تھا۔ انہوں نے افغانستان میں کافی اصلاحات کیں۔ افغانستان کو ماڈرنائزیشن سے روشناس کرایا۔ علامہ اقبال بھی ان کے بہت بڑے مداح تھے۔

1973ء میں افغانستان کے تیسرے بادشاہ ظاہر شاہ کو ان کے برادر نسبتی اور کزن داؤد خان نے عہدے سے ہٹا کر ریپبلک آف افغانستان کی بنیاد رکھی اور اس کے پہلے صدر بنے۔ اگلے سال نور خان ترکئی اس کے صدر بنے تھے۔ ان کا جھکاؤ سوویت کی طرف تھا۔ ان کو حفیظ اللہ امین نے 1978ء میں قتل کر کے اقتدار پر قبضہ کر لیا، ان کا تعلق پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی افغانستان سے تھا جو کہ ایک کمیونسٹ پارٹی تھی۔ مگر سوویت یونین ان کو بطور صدر نہیں رکھنا چاہتا تھا لہذا ثور انقلاب کے نتیجے میں بننے والی حکومت کو تبدیل کرنے کے لیے یو ایس ایس آر نے 24 دسمبر 1979 کو افغانستان پر چڑھائی کر دی اور حفیظ اللہ امین کو قتل کر کے ببرک کارمل کو صدر بنا دیا گیا۔ یہ سرد جنگ کا زمانہ تھا تو امریکہ نے پاکستان کے ذریعے مجاہدین کی سپورٹ کرنا شروع کر دیا اور افغانستان میں سوویت یونین کی افواج اور مجاہدین کے مابین ایک طویل جنگ چھڑ گئی۔ اس جنگ میں افغانستان کے مختلف دھڑوں نے شرکت کی جن میں حزب اسلامی، شمالی اتحاد نمایاں تھے۔ شمالی علاقہ میں شمالی اتحاد کی قیادت احمد شاہ مسعود کر رہے تھے، انہیں جنرل عبدالرشید دوستم کی حمایت حاصل تھی۔ اس کے علاوہ جماعت اسلامی کی قیادت برہان الدین ربانی جبکہ حزب اسلامی کی قیادت گلبدین حکمت یار اور مجاہدین کی قیادت ملا عمر

نے کی۔ طول پکڑتی اس جنگ کو کسی طرح ختم کرنا ضروری ہو گیا تھا، چنانچہ اقوام متحدہ کی ثالثی میں 1988ء میں سوویت یونین، امریکہ، افغانستان اور پاکستان کے درمیان جنیوا معاہدہ ہوا۔ اس معاہدہ کی رو سے 15 فروری 1989 کو یو ایس ایس آر نے اپنی فوجیں افغانستان سے واپس بلا لیں۔

سوویت افواج کے انخلا کے بعد افغانستان میں اوپر بتائے گئے گروپوں کی آپس میں لڑائیاں شروع ہو گئیں آخر کار طالبان نے ملا عمر کی قیادت میں کابل پر قبضہ کر لیا۔ 1996ء میں جنرل نجیب کو قتل کر کے اس کی لاش کابل میں سر عام لٹکا دی گئی۔ 1996ء سے 2001 تک افغانستان پر پر دو دھڑے حکومت کر رہے تھے۔ شمالی علاقہ میں برہان الدین ربانی جبکہ کابل اور جنوب کے تمام علاقوں پر طالبان کی حکومت تھی۔ 2001ء میں امریکہ میں نائن الیون کا واقعہ ہوا جس کے رد عمل میں 7 اکتوبر 2001 میں امریکہ نے افغانستان پر حملہ کر دیا۔ طالبان حکومت کا خاتمہ ہوا، 2002 میں عبوری حکومت قائم کی گئی۔ حامد کرزئی 2002 سے لیکر 2004 تک عبوری صدر رہے۔ بعد ازاں حامد کرزئی 2004 سے 2009 تک پہلی مدت اور 2009ء سے 2014 تک دوسری مدت کے لیے صدر منتخب ہوئے۔ اشرف غنی 2014ء میں افغانستان کے صدر اور عبد اللہ عبد اللہ چیف ایگزیکٹو بنے۔ اشرف غنی 2021 تک افغانستان کے صدر رہے۔ اس طویل جنگ کے دوران ہی امریکہ نے طالبان سے مذاکرات کا آغاز کر دیا۔ 18 جون 2013 کو طالبان نے دوحہ (قطر) میں دفتر کھولا۔ بالآخر 29 فروری 2020 کو US-Taliban Peace Deal ہوئی جس کی رو سے امریکہ نے افغانستان سے اپنی فوجیں نکالنے پر رضامندی کی۔ دوحہ مذاکرات میں میں طالبان کی مذاکراتی ٹیم کے سربراہ ملا عبد الحکیم تھے. امن معاہدہ پر طالبان کی جانب سے دستخط ملا عبد الغنی برادر نے کیے جبکہ امریکہ کی طرف سے زلمے خلیل زاد نے دستخط کیے۔ زلمے خلیل زاد امریکہ کے نمائندہ خصوصی برائے برائے پاکستان اور افغانستان تھے۔

ٹرمپ انتظامیہ نے یکم مئی 2021 تک فوج کے مکمل انخلا کا اعلان کیا بعد ازاں جو بائڈن حکومت نے امریکی افواج کے انخلا کے لیے 11 ستمبر 2021 کی تاریخ کا اعلان کیا۔ تاہم امریکہ نے اپنی فوجیں 30 اگست 2021 تک افغانستان سے نکال لیں۔ طالبان نے 15 اگست 2021 کو کابل کا کنٹرول سنبھال لیا تھا۔ طالبان نے اقتدار سنبھالنے کے بعد عبوری حکومت کا اعلان کیا جس کے وزیر اعظم ملا حسن اخوند، ڈپٹی پرائم منسٹر ملا عبد الغنی برادر، وزیر خارجہ امیر خان متقی اور ترجمان طالبان حکومت ذبیح اللہ مجاہد ہیں جبکہ طالبان کے امیر ملا ہیبت اللہ اخونزادہ ہیں۔ طالبان نے 33 رکنی کابینہ تشکیل دی۔

اس ضمن میں حقانی نیٹ ورک کا تذکرہ کرنا بھی ضروری ہے۔ اس نیٹ ورک کا کنٹرول کابل کے قریبی علاقوں میں تھا اور اس کے چیف جلال الدین حقانی تھے۔ اس کو پاکستان کی بھرپور حمایت حاصل تھی۔ طالبان حکومت میں ان کا بھی حصہ ہے۔ سراج الدین حقانی موجودہ حکومت میں افغانستان کے وزیر داخلہ ہیں اور امر اللہ صالح جو کہ گزشتہ حکومت میں نائب صدر تھے اس کی جگہ موجودہ ڈپٹی ہیڈ آف سٹیٹ بھی ہیں۔ جب طالبان نے کابل پر قبضہ کیا تو صدر اشرف غنی اور نائب صدر امر اللہ صالح ملک سے فرار ہو گئے تھے۔

MUSLIM COLD WAR & ISRAEL-PALESTINE CONFLICT

اگر ہم عرب اور اس کے ارد گرد کے ماحول کو دیکھیں تو دوسری جنگ عظیم کے اواخر میں ایک تنظیم بنائی گئی جس کو عرب لیگ کے نام سے جانتے ہیں اس کا قیام 22 مارچ 1945 کو وجود میں آیا اور اس کے 22 ممبر تھے۔ شروعات میں اس کی لیڈر شپ مصر کو ملی جب 1952 میں ایک فوجی بغاوت (Coup) کے نتیجے میں جمال عبدالناصر اس کے صدر بن گئے۔ 1958ء میں یونائیٹڈ عرب ریپبلک کا قیام ہوا جس میں شام اور مصر مل کر ایک ملک کی طرح رہے۔ 1948ء میں عالمی طاقتوں کی ایما پر ایک نئے ملک کا قیام عمل میں لایا گیا جس کو اسرائیل کے نام سے جانتے ہیں اور اس کے قیام کے دن یعنی 14 مئی کو عرب دنیا نے یوم نقبہ (Black Day) کے طور پر منایا. اس کے ساتھ ہی 1949 میں عرب ممالک اور اسرائیل کے درمیان پہلی جنگ شروع ہوگئی جس کا نتیجہ اسرائیل کے حق میں آیا اور وہ مضبوط ہوگیا۔ وہاں پر بسنے والے فلسطینیوں کے لئے عرب کے جذبات بہت زیادہ گرم تھے اور وہ اس کا بدلہ اسرائیلیوں سے لینا چاہتے تھے۔ 1956ء میں مصر کے جمال عبدالناصر نے سویز کنال کو نیشنلائز کر دیا تو فرانس، یو کے اور اسرائیل نے مل کر مصر پر حملہ کر دیا کیوں کہ ان کا تجارتی راستہ بند ہو چکا تھا۔ یہاں پر جمال عبدالناصر نے فیصلہ کیا کہ وہ USSR سے مدد مانگیں گے مگر امریکہ نے اس میں مداخلت کی اور یو کے کو دھمکی دی کہ اگر اس نے اپنی فوجیں یہاں سے نہ نکالیں تو اس پر معاشی پابندیاں لگائی جائیں گی اور اس طرح فرانس اور یو کے یہاں سے چلے گئے اور اس طرح یو کے جو دو سو سال سے سپر پاور کا اسٹیٹس انجوائے کر رہا تھا، اس کی Supremacy ختم ہوگئی۔ اس طرح مصر عرب دنیا کا لیڈر بن کر ابھرا۔ 25 ستمبر 1969 کو ایک عالمی تنظیم کا قیام ہوا جسے Organization of Islamic Conference کہتے ہیں۔ بعد ازاں 28 جون 2011 کو اس کا نام تبدیل کر کے Organization of Islamic Cooperation رکھا گیا۔ اس کا پہلا اجلاس رباط (مراکش) میں منعقد ہوا۔ اس کا ہیڈ کوارٹر جدہ میں ہے۔ دوسری عالمی اسلامی سربراہی کانفرنس 1974ء میں ذوالفقار علی بھٹو کے دور میں لاہور میں منعقد ہوئی جس میں معمر القذافی، کنگ فیصل اور بڑے بڑے عالمی مسلم رہنماؤں نے حصہ لیا۔

فلسطین کا علاقہ مسلمانوں کے دو گروہوں میں تقسیم تھا، ویسٹ بینک پر اردن کے کنٹرول میں تھا۔ اردن ہاشمیت کنگڈم کہلاتا ہے، یہ علاقہ دوسری جنگ عظیم کے بعد شریفین مکہ کے بیٹے عبداللہ فسٹ کو دے دیا گیا تھا۔ جزیرہ نما سینا (Sinai Peninsula) اور غزہ کی پٹی مصر کے قبضے میں تھی۔ 1967 میں مصر کی قیادت میں عرب ملکوں نے مل کر اسرائیل پر حملہ کیا، جس جنگ کو Six Day War کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ اس جنگ میں اسرائیل کو بہت بڑی کامیابی ملی اور اس نے شام کے علاقہ گولان ہائیٹس پر قبضہ کر لیا اس کے علاوہ اردن کے ویسٹ بینک پر قبضہ کر لیا اور غزہ کا بھی بہت سا علاقہ اس کے پاس چلا گیا۔ مصر کے PeninsulaSinai پر بھی اس کا کنٹرول ہو گیا اس طرح یہ جنگ عربوں کے لیے بہت بڑا دھچکا ثابت ہوئی۔ 1970ء میں جمال عبدالناصر کا انتقال ہو گیا اور اس کے بعد ملک کی قیادت انور سادات جبکہ سعودی عرب میں کنگ فیصل کی حکومت آگئی جو اسرائیل کے بہت خلاف تھے۔ کنگ فیصل نے OPEC نامی تنظیم کے ذریعے اسرائیل کی مدد کرنے والے تمام ممالک بشمول امریکہ کینیڈا کو تیل کی فراہمی پر پابندی لگا دی جس سے تیل کا عالمی بحران پیدا ہوا۔ OPEC تیل پیدا کرنے والے ممالک پر مشتمل ہے اور جس کا قیام 1960 میں عمل میں لایا گیا اور اس میں 14 ممالک شامل ہیں اور اس کا ہیڈ کوارٹر آسٹریا کے شہر ویانا میں ہے۔ تیل کے اس عالمی بحران سے USSR نے بہت فائدہ اٹھایا مگر

اس کا خاطر خواہ فائدہ عرب ملکوں نہ ہو سکا۔ 1973 میں تیسری عرب اسرائیل جنگ ہوئی۔ یہ جنگ یہودیوں کے مقدس ایام میں لڑی گئی، اسے Youm Kippur War بھی کہتے ہیں۔ عام طور پر یہودی ان دنوں میں جنگ سے گریز کرتے ہیں ہیں اور اب کی بار عرب ممالک نے ان دنوں میں اسرائیل پر حملہ کیا۔ اسرائیل نے اپنے دفاع کو مقدم رکھا اور حیرت انگیز طور پر اپنا بھرپور دفاع کیا اور عرب ملکوں کے اتحاد کو شکست دے دی یوں تیسری عرب اسرائیل جنگ میں بھی عرب ممالک کو کوئی خاطر خواہ کامیابی نہ ملی۔ اس کے بعد 1978ء میں مصری صدر انور سادات نے اپنی پالیسی کو یکسر بدل لیا اور وہ وہ سرکاری جہاز پر بیٹھ کر اسرائیل کی پارلیمنٹ (Knesset) سے خطاب کرنے چلے گئے اور اسرائیل کو تسلیم کر لیا اور یوں مصر اسرائیل کو تسلیم کرنے والا پہلا اسلامی ملک بن گیا۔ اس ضمن میں امریکی صدر جمی کارٹر کی ثالثی میں مصر اور اسرائیل کے درمیان امن معاہدہ ہوا جسے Camp David Accord 1978 کہتے ہیں۔ 1981ء میں انور سادات کو قتل کر دیا گیا۔ 1982 میں مصر کو Sinai Peninsula واپس مل گیا۔ فلسطین میں ایک اور تنظیم PLO یعنی فلسطین لبریشن اور گنائزیشن 1969 میں مصر میں وجود میں آئی اور اس کی قیادت یاسر عرفات کر رہے تھے جو اسرائیل کے ساتھ بات کر رہے تھے کہ فلسطین کو ایک ریاست کے طور پر تسلیم کیا جائے۔ اس سلسلہ میں امریکہ نے بھی اپنی کاوشیں کیں اور ان کاوشوں کے نتیجے میں اقوام متحدہ کا ایک خصوصی اجلاس 1988 میں جنیوا میں منعقد کیا گیا اور میڈرڈ کانفرنس 1992ء میں بلائی گئی، جس کا نتیجہ Oslo Accord 1993 کی صورت میں نکلا ملا. اس معاہدہ کے بعد میں 1994 میں یاسر عرفات اور شمعون پیریز کو نوبل انعام ملا اور اسرائیل نے پہلی بار PLO کو فلسطین کی نمائندہ جماعت تسلیم کر لیا اور اس سے PLO نے بھی اسرائیل کو ایک ملک کے طور پر تسلیم کر لیا اور اس کے بعد یاسر عرفات 10 سال تک فلسطین کے صدر رہے۔ اسرائیل نے ویسٹ بنک اور اس کے کچھ ملحقہ علاقے PLO کو دے دیے مگر اس پر فوجی کنٹرول اسرائیل کا ہی رہا۔ اس کے موجودہ صدر محمود عباس اور وزیر اعظم محمد اشتیہ ہیں۔ اس کے علاوہ فلسطین کے اندر غزہ کی پٹی پر ایک گروہ جو سرگرم عمل تھا جسے حماس کہتے ہیں، جس کی بنیاد 1987ء میں شیخ احمد یاسین نے رکھی۔۔ غزہ میں اسماعیل ہانیہ نے جمہوری طور پر 2006 میں کامیاب ہونے کے بعد حکومت قائم کی اور اس کے موجودہ پرائم منسٹر عصام الدالیس ہیں۔

2011 میں تیونس میں وقوع پذیر ہونے والے ایک واقعہ نے عرب دنیا میں تہلکہ مچا دیا، جس کے نتیجہ میں عرب ممالک میں بڑے پیمانے پر تبدیلیاں آئیں۔ اس واقعے کے نتیجے میں ایک تحریک نے جنم لیا جسے Arab Spring کے نام سے جانا جاتا ہے۔ عرب سپرنگ دراصل حکومت مخالف مظاہروں کا ایک سلسلہ تھا جو تیونس سے شروع ہوا اور کئی عرب ممالک میں حکومتوں کی تبدیلی کا پیش خیمہ ثابت ہوا۔ اس کا آغاز کچھ یوں ہوا کہ 18 دسمبر 2010 کو تیونس میں بوعزیزی نامی ایک پھل فروش نے پولیس اہلکار کے ناروا سلوک کے رد عمل میں اپنے آپ کو آگ لگالی۔ اس واقعہ کے نتیجہ میں عوام نے حکومت مخالف مظاہروں کا آغاز کیا جس کے نتیجے میں طویل مدت سے اقتدار پر قابض تیونس کے صدر زین العابدین کو اقتدار چھوڑ کر ملک سے بھاگنا پڑا۔ اس تحریک سے متاثر ہو کر مصر میں نوجوانوں نے حکومت مخالف تحریک چلا کر حسنی مبارک کے 27 سالہ آمرانی اقتدار کا خاتمہ کیا۔ اس عرب سپرنگ کے اثرات شام میں بھی گئے۔ شام میں 1977ء میں حافظ الاسد نے حکومت کو سنبھال لیا تھا اور 2000ء میں انکی وفات کے بعد ان کے بیٹے بشار الاسد برسر اقتدار تھے۔ بشار الاسد نے عرب سپرنگ کے نتیجے میں اٹھنے والے احتجاجی مظاہرین پر فائرنگ کروا کر شام میں اس تحریک کو بری طرح سے کچل دیا۔ نتیجتاً آج بھی وہاں پر ایک CIVIL WAR جاری ہے۔

عرب سپرنگ کے نتیجے میں لیبیا کے معمر القدافی کے 42 سالہ آمرانہ دور حکومت کا خاتمہ ہوا اور اسے 2011 میں قتل کر دیا گیا۔ پھر لیبیا پر اقوام متحدہ کے حمایت یافتہ گرینڈ نیشنل الائنس (GNA) کی حکومت قائم کر دی گئی، مگر ایک اور وار لارڈ خلیفہ ہفتار بھی طرابلس (Tripoli) پر قبضہ کرنے کے لیے سرگرم عمل ہیں اور ان کو عرب اور فرانس کی سپورٹ حاصل ہے۔ اس کے علاوہ اس عرب سپرنگ کا اثر قطر، سعودی عربیہ کے حلیف یمن تک بھی پہنچا اور وہاں پر پر عبد المالک جو کہ حوثی باغی تحریک کے سربراہ ہیں نے موجودہ سعودیہ نواز گورنمنٹ کو ہٹا دیا اور وہاں پر اپنی حکومت قائم کر لی۔ حوثی باغیوں اور سعودی عربیہ کا تنازعہ آج بھی قائم ہے۔

عراق میں 1958ء میں انقلاب آیا جس کے نتیجے میں ہاشمیٹ کنگڈم کی عراق پر حکمرانی ختم ہوئی۔ بعد میں صدام حسین اس کے صدر بن گئے اور انہوں نے 1990 کو چھوٹے سے ملک کویت پر حملہ کر کے اسے ایک ہی دن میں نے فتح کر لیا، مگر سعودی عربیہ کی درخواست پر امریکہ نے عرب ممالک کے ساتھ مل کر عراق پر حملہ کر دیا اور یوں Gulf War چھڑ گئی جس کے نتیجے میں مجبوراً عراق کو کویت سے واپس ہٹنا پڑا۔ امریکہ نے 2003 میں عراق پر چڑھائی کر دی اور صدام حسین کی گورنمنٹ کو ختم کر دیا۔ اب عراق میں شیعہ پارٹی کی حکومت ہے اور اس کے صدر براہام صالح جبکہ پرائم منسٹر مصطفی الکادمی ہیں۔ یہاں پر آپ کو یہ بات بھی بتاتے چلیں کہ ایران شیعہ گروپس کو مختلف علاقوں میں سپورٹ کرتا ہے اور جواب میں سعودی عرب وہابی یا سنی گروہوں کو سپورٹ کرتا ہے جس کی وجہ سے یہ مسلم سرد جنگ ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی.

مسلم دنیا میں نوبل انعام یافتگان

مسلم دنیا میں میں نوبل انعام یافتہ افراد کی بات کی جائے تو مصر یہ اعزاز حاصل ہے کہ اسلامی دنیا میں سب سے زیادہ نوبل انعام یافتہ شہری اس کے ہیں۔ انور سادات کو 1978ء میں نوبل انعام ملا۔ مصر ہی کے نجیب محفوظ کو 1988ء میں ادب کا نوبل انعام ملا۔ یاسر عرفات کا بنیادی طور پر تعلق مصر سے ہے، ان کو 1994 میں نوبل انعام سے نوازا گیا۔ 1999ء میں مصری سائنسدان احمد زوائل کو نوبل انعام ملا۔ مصر کے محمد البرادئی کو 2005 میں نوبل انعام سے نوازا گیا۔ مصر کو ایک اور اعزاز بھی حاصل ہے اقوام متحدہ کے جنرل سیکرٹری بطروس الغالی کا تعلق بھی مصر سے تھا۔ 1940ء میں چٹاگانگ (بنگلہ دیش) میں پیدا ہونے والے محمد یونس کو 2006 میں نوبل پرائز ملا، انہوں نے گرامین مائیکرو فنانس بینک کی بنیاد رکھی اور اس بنک کی بنگلہ دیشی عوام کی زندگیوں میں معاشی تبدیلیاں آئیں۔ اب تک ترکی کو دو نوبل انعام ملے ہیں ایک عزیز سنجر کو اور دوسرا اورحان پاموک کو۔ اورحان پاموک اپنی مشہور کتاب Black Book کی وجہ سے دنیا بھر میں جانے جاتے ہیں۔ ایران کی بات کریں تو ایران کی شیریں عبادی مسلم دنیا کی پہلی نوبل انعام یافتہ خاتون ہیں۔ یمن سے تعلق رکھنے والی خاتون توکل کرمان عرب سپرنگ کے دوران سامنے آئیں، انہیں بھی نوبل انعام سے نوازا گیا۔ پاکستان کی ملالہ یوسف زئی کو 2014 میں نوبل انعام سے نوازا گیا جو مجموعی طور پر تیسری مسلم خاتون ہیں جنہیں نوبل انعام سے نوازا گیا۔ اس سے قبل 1979 میں ڈاکٹر عبد السلام کو بھی نوبل انعام مل چکا ہے۔ 2019 میں امن کا نوبل ایتھوپیا کے وزیر اعظم انعام ابی احمد علی کو ملا۔ 2021 میں تنزانیہ کے عبد الرزاق قرنح کو ملا۔

نوبل انعام کا آغاز 1901ء میں ہوا۔ اس کے بانی سویڈش سائنسدان الفریڈ نوبل تھے جس نے 1895ء میں ڈائنامائیٹ (دھماکہ خیز مواد) ایجاد کیا تھا۔ نوبل انعام کا پس منظر کچھ یوں ہے کہ الفریڈ کے ہم شکل بھائی کا کسی حادثے میں انتقال ہوا، اخبار نے اسے الفریڈ نوبل سمجھ کر یوں خبر شائع کی، "موت کے سوداگر کا انتقال۔۔۔"۔ الفریڈ نے اپنے

بارے میں اتنی بری خبر سننے کے بعد فیصلہ کیا کہ وہ اپنی ساری دولت سائنس اور مخصوص شعبہ جات میں نمایاں کام کرنے والوں کو دے دیں گے۔ پھر سویڈن حکومت نے نوبل انعام کو حکومتی تحویل میں لے لیا۔ یہ انعام 6 مختلف شعبوں جن میں کیمسٹری، فزکس، میڈیسن یا فزیالوجی، لٹریچر، امن اور اکنامکس (اکنامکس میں نوبل انعام کا آغاز 1969 میں ہوا) شام ہیں، میں دیا جاتا ہے۔ پہلی بار نوبل انعام 1901 میں دیا گیا تھا۔

چیدہ چیدہ نوبل انعام یافتہ شخصیات کا ذکر حسب ذیل ہے۔

Physics	**Chemistry**	**Economics (Since 1969)**	**Medicine/Physiology**
Wilhelm Roentgen and Leonard. (First) 1901. Discovery of X-Rays	Jacobus Hoff (First)	Tin Burger and Reynar Fries (First)	Emely Won Behring (First)
Henry Becquerel. Radioactivity	Ernest Rutherford	Reynar Fries	Ronald Rose Malaria Vaccine
Marconi. Radio	Merrie Curie	Gunnar Myrdal. Sweden	Karl Landsteiner Discovery of Blood Groups
Einstein. 1921 Photoelectric Effect	Linus Pauling	Amrita Sen Indian. Worked on HDI with Mahboob ul Haq (Pakistani)	Alexander Fleming Discovery of Penicillin
Merrie and Perry Curie Husband Wife	Hoffman		
JJ Thomson Electron			
Max Plank Quantum Theory			
John Bardeen Transistor			
Abdul Salam 1979 Weak + Electromagnetic			
Taylor Quark			

PEACE	**LITERATURE**
Henry Dunant & Fredrick Passy (First/1901). Founders of ICRC.	Sully Prudhomme (First) France
Theodore Roosevelt (1906) US President	Rudyard Kipling 1907 Died in India . Golf Player.
Woodrow Wilson (1919) US President	Rabinder Nath Tagore 1913. First Asian Laureate, Gitanjali
Barack Obama (2009) US President	GB Shaw
Jimmy Carter (2002) US President	Bob Dillon
Linus Pauling (Only Noble Laureate who alone got Two Noble Prizes in different Categories)	Abdul Razak Gurnah 2021
Henry Kissinger Secretary of State of USA	T.S Eliot
Anwar Saddat (1978) First Noble Laureate in Muslim World.	Sir Winston Churchill 1953
Mother Teresa (1979)	Ernest Hemmingway (Farewell to Arms)
Nelson Mandela and Klerk (1993) Apartheid Treaty	John Steinbeck
Yasir Arafat and Shimon Perez (1994) Oslo Accord	Jean Paul Sartre (declined)
Aung San Sukiy (1991) Taken back after Rohingia Genocide in Rakhine state.	Orhan Palmuk 2006 Black Book
Shiren Ebadi (2003) First Muslim Woman Nobel Laureate	Herta Muller Germany
Kofi Anan (2001) UN Sec-General	
Wangharie Maathia (2004) Kenya	
Younas (2006) Founder of Gramine bank in Bangladesh	
Al Gore (2007)	
Marti Ehtasari (2008) Finland	

PAKISTAN AFFAIRS

ہندوستان کی آزادی کے وقت وسائل کی تقسیم پاکستان اور انڈیا کے درمیان 36 اور 64 کے تناسب سے کی گئی۔ متحدہ ہندوستان کی فوج کی قیادت Auchinleck کے پاس تھی۔ ریزروبنک آف انڈیا 1948ء تک دونوں ممالک کے مالی معاملات کو چلاتا رہا۔ تاہم یکم جولائی 1948ء کو پاکستان نے سٹیٹ قائم کرلیا۔ پاکستان کے حصے میں 750 ملین روپے آئے تھے۔ انڈیا نے پہلے 200 ملین، پھر 500 ملین دیے۔ 50 ملین روپے انڈیا نے دبا لیے۔ جہاں تک فیکٹریوں کی بات ہے تو 921 فیکٹریوں میں سے پاکستان کے حصہ میں 34 فیکٹریاں آئیں۔

2020 میں کو سروے آف پاکستان کی طرف سے ایک رپورٹ جاری کی گئی جس کے مطابق پاکستان کی سرحدوں کی پیائش کچھ یوں ہے: پاکستان اور افغانستان کے درمیان سرحد جسے ڈیورنڈ لائن کہتے ہیں اس کی لمبائی 2611 کلومیٹر ہے۔ پاکستان اور چین کے درمیان سرحد کی لمبائی 599 کلومیٹر ہے۔ پاکستان اور ایران کے مابین سرحد کی لمبائی 909 کلومیٹر ہے۔ پاکستان اور انڈیا کا بارڈر تین طرح کا ہے: پہلا ریڈکلف لائن جس کی لمبائی 1640 کلومیٹر ہے۔ دوسرا ورکنگ باؤنڈری اس کی لمبائی 202 کلومیٹر ہے اور یہ سیالکوٹ اور مقبوضہ کشمیر کے درمیان ہے۔ تیسرا بارڈر لائن آف کنٹرول ہے جو آزاد کشمیر اور مقبوضہ کشمیر کے درمیان واقع ہے اور اس کی لمبائی 861 کلومیٹر ہے۔ پاکستان کا بھارت کے ساتھ آفیشل بارڈر 2100 کلومیٹر ہے۔ جبکہ پاکستان کی ساحلی پٹی کی لمبائی 1058 کلومیٹر ہے۔ پاکستان کی تمام سرحدوں کی لمبائی (ماسوائے ورکنگ باؤنڈری اور لائن آف کنٹرول کے) 7277 کلومیٹر ہے جب کہ بشمول ورکنگ باؤنڈری اور لائن آف کنٹرول کے 8340 کلومیٹر ہے۔

مسئلہ ء کشمیر

کشمیر کی ریاست انگریز سرکار نے معاہدہ امرتسر کے تحت 1846ء میں 75 لاکھ روپے نانک شاہی کے عوض ہندو ڈوگرہ راجہ گلاب سنگھ کو بیچ دی تھی۔ تقسیم ہند کے وقت اس پر راجہ ہری سنگھ حکومت کر رہا تھا۔ اس نے ابتدا میں پاکستان اور بھارت دونوں کے ساتھ Stand Still Agreement کرلیا۔ تاہم 26 اکتوبر 1947 کو Treaty of Accession انڈیا کے ساتھ سائن کرلی۔ مسلمانوں کی ڈوگرہ راج کے خلاف بغاوت کا آغاز 1930ء میں ہوا۔ اس کے بعد مسلم نیشنل کانفرنس کا وجود عمل میں آیا جس کی قیادت شیخ عبداللہ اور غلام عباس کے پاس تھی۔ شیخ عبداللہ نے 1937ء میں مسلم نیشنل کانفرنس کا نام بدل کر نیشنل کانفرنس رکھ دیا جبکہ غلام عباس بدستور مسلم کانفرنس کے ساتھ کھڑے رہے۔ نیشنل کانفرنس اور شیخ عبداللہ نے نہرو کے ساتھ معاہدہ کرلیا جس کے نتیجے میں وہ کشمیر کو ہندوستان کا حصہ رکھنا چاہتے تھے مگر غلام عباس کشمیر کی 80 فیصد آبادی کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے پاکستان کے ساتھ ملنا چاہتے تھے۔ ہندو ڈوگرہ راجہ ہری کے ظلم سے مسلمان بھائیوں کو بچانے کے لیے گلگت اور آس پاس کے لوگوں نے رضاکارانہ طور پر پاکستان کی انتظامیہ کی اجازت کے بغیر کشمیر کی حدود میں داخل ہو کر کر مسلح جدوجہد شروع کر دی خان عبدالقیوم خان نے پہلی گولی چلا کر مجاہد اول کا لقب حاصل کیا۔ اس موقع پر قبائلی پشتون مجاہدین بھی کشمیری بھائیوں کی مدد کو پہنچے اور ان کی لڑائی کے بعد ایک علاقہ ڈوگرہ کے تسلسل سے چھڑانے میں کامیاب رہے جہاں 24 اکتوبر 1947 کو ایک الگ حکومت کا قیام عمل میں لایا گیا۔ سردار ابراہیم خان اس آزاد ریاست جموں اور کشمیر کے پہلے صدر بنے۔

سائن ہوتے ہی ہندوستانی فوج 27 اکتوبر 1947 کو پٹھان کوٹ کے راستے کشمیر میں داخل ہو گئی کشمیری بھائیوں کو بھارت Treaty of Accession سے چھڑانے کے لئے قائد اعظم نے فوج کو کشمیر پر چڑھائی کا حکم دیا اور کشمیر کے معاملے پر پہلی بھارت جنگ کا آغاز ہوا۔ یکم جنوری 1948 کو نہرو نے ۔ اقوام متحدہ کی مداخلت پر 5 جنوری 1949 کو جنگ بندی ہوئی۔ یہ معاملہ اقوام متحدہ میں رکھا

United Nations Commission for India and Pakistan کی تشکیل ہوئی. 5 جنوری 1949 کو سیز فائر لائن کا تعین کیا گیا۔ اور ایک پیس کیپنگ مشن UNITED NATIONS MILITARY OBSERVER GROUP IN INDIA AND PAKISTAN بھی قائم کیا گیا جو آج بھی قائم ہے. اقوام متحدہ نے دونوں ملکوں کو کہا کہ وہ اپنی فوجیں کشمیر کے علاقے سے نکال لیں تاکہ وہ یہاں استصواب رائے یعنی Plebiscite کروا سکے۔ لیکن دونوں فریق اس پر رضامند نہ ہوئے۔ 1954ء میں پاکستان کے SEATO جوائن کرنے پر نہرو نے بھی Plebiscite کے وعدے سے انکار کر دیا یا۔ اسی کشمیر کے معاملے پر 1965، 1971، اور 1999 کی جنگ ہو چکی ہیں۔ مگر آج بھی کشمیری بھائی انڈیا کے عتاب کا شکار ہیں۔ جلتی پر تیل کا کام موجودہ انڈین حکومت نے بھارتی آئین کی دفعہ 370 میں ترمیم کر کے کشمیر کی خصوصی حیثیت کو ختم کر دیا گیا اور دفعہ 35-A میں ترمیم کر کے کشمیر کی آبادی کے تناسب کو متاثر کرنے کی کوشش کی. اس ترمیم کے بعد اس ترمیم کے ذریعے کشمیر کے مستقبل کے ساتھ کھلواڑ کیا جا رہا ہے۔ کیونکہ اس ملک میں ترمیم کے بعد اب غیر کشمیری بھی کشمیر میں جائیداد خرید سکتے ہیں اور یہاں ڈومی سائل بنوا کر کشمیر کے شہری بن سکتے ہیں۔ اس طرح غیر کشمیریوں کی آباد کاری کی راہ ہموار کی جا رہی ہے۔ 5 جنوری 1949 کو سیز فائر لائن کی حد بندی بھی ایک مشکل مرحلہ تھا کیونکہ اتنی اونچائی پر اور برفیلے پہاڑوں کی وجہ سے سرحد کی نشاندہی ناممکن تھی۔ کراچی معاہدہ جو 1950ء میں ہوا، اس کے تحت NJ-9842 آخری حد مقرر کی گئی۔ مگر 1984ء میں بھارت نے نے آپریشن میگھدوت کے نتیجے میں اس حد کو عبور کر کے لڑائی ممکن بنا دی۔

پاکستان کی بہادر افواج جو اپنے ملک کی سرحدات کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت سربکف رہتی ہے۔ پاکستان کی بہادر افواج نے اس پر خطر علاقہ میں بھارتی افواج کی جارحیت کا بھرپور مقابلہ کیا۔ سالتورو رینج کا یہ علاقہ جس میں 76 کلومیٹر طویل سیاچن گلیشیر بھی موجود ہے، دنیا کا Highest Battleground مانا جاتا ہے۔ یاد رہے کہ شملہ معاہدہ 1972ء کے تحت سیز فائر لائن کا نام بدل کر لائن آف کنٹرول رکھ دیا گیا۔

Constitutional History of Pakistan

1945-46 کے انتخابات کے نتیجے میں میں ہندوستان کے 11 صوبوں کے نمائندوں نے 16 مئی 1946ء کو 389 لوگوں کو چنا، جن کا بنیادی کام کابینہ مشن پلان کے تحت آئین سازی کرنا تھا۔ ان میں سے 296 ممبر صوبائی اسمبلیوں نے چن کر بھیجے، 93 ممبران Princely States کے تھے جبکہ 4 ممبران ڈپٹی کمشنریٹ علاقوں کے نمائندے تھے۔ تھے۔ آئین ساز اسمبلی میں کانگریس کو 208 نشستیں ملی جبکہ مسلم لیگ کو 73 نشستیں ملیں۔ اس سمبلی کا مشترکہ اجلاس راجندر پرساد کی قیادت میں 9 دسمبر 1946 میں ہوا۔ تین جون پلان کے مطابق پاکستان اور انڈیا کی آئین ساز اسمبلی کو علیحدہ کر دیا گیا۔ پاکستان کی آئین ساز اسمبلی کے 69 ممبر تھے، بعد میں 10 ممبران کا اضافہ کیا گیا جن میں ایک خاتون بھی شامل تھی۔ پاکستان کے آئین بننے تک Dominion Status پہ رہا اور عارضی بنیادوں پر 1935 کے آئین کو چند تبدیلیوں کے ساتھ نافذ کر دیا گیا۔ پاکستان کی آئین ساز اسمبلی کا پہلا اجلاس 10 اگست 1947ء کو کراچی میں ہوا۔ قائد اعظم نے 11 اگست کو پاکستان کی آئین ساز اسمبلی سے خطاب کیا۔ اسی دن قانون ساز اسمبلی میں

پاکستان کے قومی پرچم کی منظوری دی گئی گی جس کا ڈیزائن امیر الدین قدوائی نے تیار کیا تھا۔ 15 اگست 1947ء کو پاکستان کے پہلے چیف جسٹس عبدالرشید نے قائداعظم اور لیاقت علی خان سے بالترتیب پہلے گورنر جنرل اور پہلے وزیراعظم کے عہدے کا حلف لیا۔

آئین سازی کے ضمن میں 7 مارچ 1949ء کو لیاقت علی خان نے "قرارداد مقاصد" اسمبلی میں پیش کی جسے 12 مارچ 1949 کو منظور کر لیا گیا۔ تاہم اس قرارداد کی مخالفت میں 21 ووٹ پڑے تھے۔ یہ قرارداد پاکستان کے دساتیر کا اہم حصہ ہے۔ آنے والے تمام constitutions میں بطور ابتدائیہ (preamble) شامل کیا گیا۔ 1985ء میں صدارتی آرڈر نمبر 14 کے تحت اس قرارداد کو آئین پاکستان 1973 کا حصہ بنا دیا گیا۔ اس قرارداد کے اہم نکات درج ذیل ہیں۔ اقتدار اعلی کی مالک اللہ تعالی کی ذات ہے۔ اور عوام کے منتخب کردہ نمائندے اپنے اختیارات اللہ تعالی کی امانت سمجھ کر استعمال کریں گے۔ آئین ساز اسمبلی کو پاکستان کے لئے آئین بنانے کا اختیار دیا گیا۔ ریاست اپنے اختیارات کا استعمال لوگوں کے منتخب کردہ نمائندوں کے ذریعہ کرے گی۔ اسلام میں دیئے گئے نظریہء جمہوریت، آزادی، برابری اور انصاف کو کو ملحوظ خاطر رکھا جائے گا۔ مسلمان اپنی زندگی قرآن وسنت کے مطابق آزادی سے گزار سکیں گے۔ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ کیا جائے گا۔ پاکستان کا نظام وفاقی ہو گا۔ صوبوں کو خودمختاری دی جائے گی۔ اقلیتوں کے جائز مطالبات تسلیم کیے جائیں گے۔ عدلیہ کی آزادی ملحوظ خاطر رکھی جائے گی۔ پاکستان کی سرحدی حدود کی حفاظت کی جائے گی۔ عوام آزادی کے ساتھ عالمی امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے کام کر سکیں گے۔ اس قرارداد کو بعض مسلم طبقوں اور غیر مسلموں کی طرف سے تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ قرارداد کو 12 مارچ کے دن پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی گئی جس کا کام قراداد مقاصد کی روشنی میں آئین سازی کے لیے ڈرافٹ تیار کرنا تھا۔ اس کمیٹی کو Basic Principles Committee کا نام دیا گیا۔ مولوی تمیزالدین اس کے سربراہ اور لیاقت علی خان اس کے نائب سربراہ تھے۔ مولوی تمیزالدین اسمبلی کے پہلے اسپیکر بنے۔ اس کمیٹی نے اپنی ابتدائی رپورٹ 7 ستمبر 1950 کو پیش کی جبکہ دوسری رپورٹ 19 نومبر 1952 کو دوسری رپورٹ پیش کی۔ اس کمیٹی نے اپنا حتمی مسودہ (Final Draft) اسمبلی میں پیش کرنا تھا، لیکن تیسرے گورنر جنرل غلام محمد نے اکتوبر 1954 میں اسمبلی تحلیل کر دی.. مولوی تمیزالدین نے گورنر جنرل کے اقدام کو سندھ ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا۔ عدالت نے نظریہ ضرورت (Doctrine of Necessity) کے تحت گورنر جنرل کے اقدام کو درست قرار دیا۔ دوسری آئین ساز اسمبلی کی تشکیل گورنر جنرل کے آرڈر نمبر 12 کے مطابق ہوئی، اس اسمبلی کے ممبران کے لیے Electoral College صوبائی اسمبلیاں تھی۔ اس نئی اسمبلی کے ممبران کی تعداد 80 تھی۔ 40 ممبران مشرقی پاکستان جبکہ 40 ممبران مغربی پاکستان سے تھے۔ وزیراعظم محمد علی بوگرہ نے 7 اکتوبر 1953 کو بوگرہ فارمولہ (Constitutional Formula) پیش کیا جس کا مقصد آئین ساز اسمبلی میں نمائندگی کے معاملات کو حل کرنا تھا۔ اس میں دوایوانی مقننہ (Bicameral Legislator) تجویز کی گئی۔ زیریں ایوان (lower house) میں تمام صوبوں کو آبادی کے تناسب سے نمائندگی دی جائے گی گی اور سینٹ میں برابر نمائندگی دی جائے گی۔ بوگرہ فارمولا کی ناکامی کے بعد ان معاملات کو حل کرنے کے لئے 22 نومبر 1954 کو One Unit Bill اسمبلی میں پیش ہوا . وزیراعظم چوہدری محمد علی نے ون یونٹ کا بل منظور کروا کر ون یونٹ کے قیام کی منظوری دے دی اور 14 اکتوبر 1955 کو مغربی پاکستان کے تمام علاقوں کو یکجا کر کے ون یونٹ بنا دیا گیا، یوں مشرقی اور مغربی پاکستان کی نمائیندگی کا معاملہ کافی حد تک سلجھ گیا۔ پاکستان کے پہلے آئین کا ڈرافٹ 9 جنوری 1956ء کو تیار ہوا۔ 29 فروری کو اسمبلی نے پاس کیا۔ 2 مارچ کو گورنر جنرل نے منظوری دی اور اسے 23 مارچ 1956 کو نافذ کر دیا گیا۔ 1956ء کے آئین کے اہم نکات حسب ذیل ہیں:

اس آئین کے 234 آرٹیکل، 13 پارٹس اور 6 شیڈول ہیں۔ ملک کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان رکھا گیا۔ حکومتی نظام Unicameral ہو گا اور ملک کے سربراہ کا مسلمان ہونا ضروری قرار دیا گیا۔ صدر کے لیے کم از کم عمر 40 سال ہونا ضروری تھی۔ اردو اور بنگالی کو قومی زبان قرار دیا گیا۔ اس اسمبلی کے ممبران کی تعداد 300 تھی جس میں مشرقی اور مغربی پاکستان کے نمائندگان 150، 150 تھے۔ قرآن وسنت سے متصادم کوئی قانون نہ بنایا جائے گا۔ آئین میں ترمیم کے لیے دو تہائی اکثریت کا ہونا لازمی تھا۔ صدر کو ویٹو پاور دی گئی مگر پارلیمنٹ کی simple majority اس ویٹو کو ختم کر سکتی تھی۔ عبدالوہاب دوسری آئین ساز اسمبلی کے سپیکر 258 تھے۔

7 اکتوبر 1958ء کو گورنر جنرل سکندر مرزا نے قومی اور صوبائی اسمبلیاں تحلیل کر دیں اور 1956ء کا آئین منسوخ کر دیا۔ کمانڈر انچیف ایوب خان کو چیف مارشل لا ایڈمنسٹریٹر بنا دیا۔ اس دوران ایوب خان کچھ دنوں کے لیے وزیراعظم بھی رہے۔ ایوب خان نے 27 اکتوبر 1958 کو سکندر مرزا کو ہٹا دیا اور خود صدر بن گئے۔ 11 فروری 1960 کو

Constituional Committee تشکیل دی گئی جسے ملک کے لئے آئین بنانا تھا۔ اس 10 رکنی کمیٹی کے سربراہ جسٹس شہاب الدین تھے۔ مئی 1960ء میں ایوب خان نے Basic Democaries System متعارف کرایا کیا جس میں مشرقی اور مغربی پاکستان سے اسی ہزار (40،000+40,000) basic democrats کا انتخاب ہونا تھا۔ اور انہی ممبران نے صدرُ آکستان کے انتخاب کے لیے ووٹ کرنا تھا۔ ایوب خان نے انتظامی ڈھانچہ کو بھی چار سطحی (Four Tiers) بنایا۔

1. Dvision 2. District 3. Tehsil/Taluka 4. Union/Village Council

Constituional Committee نے اپنی رپورٹ 29 اپریل 1961 کو جمع کروائی۔ یکم مارچ 1962ء کو نیا آئین منظور کر لیا گیا۔ اس آئین کے تحت انتخابات 28 مارچ 1978 کو منعقد ہوئے۔ 8 جون 1962ء کو اسمبلی کا پہلا اجلاس ایوب ہال راولپنڈی میں منعقد ہوا۔ اس اسمبلی کے ممبران کی تعداد 156 تھی۔ 1962 کے آئین کے چیدہ چیدہ نکات حسب ذیل ہیں:

صدر کے پاس بے پناہ اختیارات تھے صدارتی نظام حکومت رائج کیا گیا۔ مرکز اور صوبوں میں Unicameral سسٹم لایا گیا۔ اسمبلی کی مدت تین سال مقرر ہوئی۔ ملک کا نام جمہوریہ پاکستان رکھا گیا تاہم بعد میں نام بدل کر اسلامی جمہوریہ پاکستان رکھا گیا۔ اس آئین کے 250 آرٹیکل، 12 پارٹس اور 3 شیڈول تھے۔ اس آئین میں ایک سقم یہ تھا کہ سپیکر کے لئے مسلمان ہونا لازمی شرط نہ تھی جس کی وجہ سے خدشہ تھا کہ صدر کی غیر موجودگی میں غیر مسلم سپیکر خلاف مذہب کوئی اقدام نہ اٹھا لے۔ صدر کے لیے عمر کی حد 35 سال مقرر کی گئی۔ اردو اور بنگالی کو قومی زبان قرار دیا گیا۔ آئین میں ترمیم کے لیے دو تہائی اکثریت لازمی تھی۔ صدر کو آرڈر جاری کرنے کا اختیار تھا 25 مارچ 1969ء کو ایوب خان نے اپنے ہی آئین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ہوئے اختیارات سپیکر کے بجائے اس وقت کے کمانڈر انچیف یحیٰ خان کو سونپ دیے۔ 25 مارچ 1969ء کو یحیٰ خان نے صدر بن کر مارشل لاء لگا دیا۔ یحیٰ خان نے 23 مارچ 1977 کو لیگل فریم ورک آرڈر دیا ی جس کے مطابق یکم جولائی 1970 کو ون یونٹ کو ختم کر دیا گیا۔ آبادی کے اعتبار سے بالغ رائے دہی (Adult Frenchise) کے ذریعے الیکشن کروانے کا اعلان کیا۔ اس آرڈر کے مطابق قومی اسمبلی کی 313 نشستیں تھیں جن میں 13 نشستیں خواتین کے لیے مختص تھیں۔ مشرقی پاکستان کو 162 جنرل نشستیں اور 7 مخصوص نشستیں دی گئی ہیں۔ پنجاب کو 82 جنرل نشستیں اور 3 مخصوص نشستیں ملیں۔ سندھ کو 27 جنرل نشستیں اور 1 مخصوص نشست ملی۔ صوبہ سرحد کو 18 جنرل نشستیں 3 اور 1 مخصوص نشست ملی۔ بلوچستان کو 4 جنرل نشستیں اور 1 مخصوص نشست ملی۔ قبائلی علاقوں کو 7 جنرل نشستیں اور 1 مخصوص نشست ملی۔ LFO کے تحت الیکشن کروائے جائیں گے جس کے مطابق اسمبلی کے لیے 120 دن کے اندر آئین بنانا لازمی ہو گا، بصورت دیگر اسمبلی تحلیل تصور کی جائے گی۔ LFO کو عبوری آئین کے طور پر لیا گیا۔ پاکستان کے پہلے عام انتخابات 7 دسمبر 1970 کو ہوئے۔

16 دسمبر 1971 کو سقوط ڈھاکہ کے بعد ذوالفقار علی بھٹو نے 20 دسمبر کو صدر پاکستان اور پہلے سول مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کے طور پر عہدہ سنبھالا۔ 14 اپریل 1972 کو اسٹیٹ بینک اسلام آباد کی عمارت میں قومی اسمبلی کا پہلا اجلاس ہوا، جس میں 144 ممبر مغربی پاکستان سے اور مشرقی پاکستان سے نورالامین اور راجہ تری دیو رائے نے شرکت کی۔ 17 اپریل 1972 کو مارشل لاء ہٹا کر عبوری آئین لایا گیا جس میں صدارتی نظام کے تحت ملک کو چلایا جانا تھا۔ اس کی رو سے 14 اگست 1973 سے پہلے اسمبلی نہیں توڑی جا سکتی۔ 17 اپریل 1972ء کو ایک کمیٹی بنائی گئی جس کے ذمہ نئے آئین کے لیے ڈرافٹ تیار کرنا تھا۔ اس کمیٹی نے 31 دسمبر 1972ء کو آئین کا ڈرافٹ پیش کیا کیا جسے 10 اپریل 1973ء کو اسمبلی نے پاس کیا۔ 12 اپریل کو صدر پاکستان نے منظوری دی۔ بالآخر اسے 14 اگست 1973ء کو ملک میں نافذ کر دیا گیا۔ اس کے تحت فضل الٰہی چوہدری نے صدر پاکستان جبکہ بھٹو نے وزیر اعظم پاکستان کے عہدے کا حلف اٹھایا۔ 1973ء کے آئین کی خصوصیات حسب ذیل ہیں:

وفاقی نظام حکومت، دو ایوانی مقننہ (ایوان بالا یعنی سینیٹ اور ایوان زیریں یعنی قومی اسمبلی)، اسلام کو ریاستی مذہب قرار دیا گیا، صدر اور وزیر اعظم کے لئے مسلمان ہونے کی شرط لگائی گئی، اس آئین میں مسلمان کی باقاعدہ تعریف بیان کی گئی گی۔ اس آئین کے 280 آرٹیکل، 12 پارٹس، 5 شیڈول تھے۔ صدر کے لئے عمر کی شرط 45 سال جبکہ گورنر کے لئے 35 سال رکھی گئی۔ آئین کا پہلا پارٹ Introductory جبکہ دوسرا پارٹ Fundamntal Rights کا ہے۔ آئین میں بنیادی حقوق آرٹیکل 8 سے لے کر 28 تک

